Sadri-e-Majrebaat
ACC. NO. 3

ہندوستان کے مشہور اور نامور

طبیبون اور ویدون کے خزائن مخفی کا انکشاف

یعنی

مولانا حکیم محمد وحید الدین عالی قریشی مرحوم
و
مولوی حکیم محمد نظام الدین قریشی مرحوم
حیدرآباد دکن

وہ خاص اور نادر الوجود

GOVERNMENT OF TELANGANA
COLLEGE LIBRARY
G.N.T.C.
Book No: 0196
MANU SCRIPTS: 19
GOVT. NIZAMIA TIBBI COLLEGE

صدری مجربات

287

جو

انہون نے ازراہ ہمدردی فن طبی کانفرنس کے سالانہ جلسون مین ملکی طبیبون

کی بہی خواہی کے لیے ظاہر کیے یا براہ راست دفتر کانفرنس کو بہیجے

حصہ اول

حسب فرمایش جناب دیوان مان سنگھ صاحب بید آنریری سکرٹری آل انڈیا

ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس

جے اینڈ سنز برقی پریس دہلی مین طبع ہوا

بار دوم قیمت عہ

نایاب طبی کتابین

از تالیف عالیجناب زبدۃ الحکما حکیم محمد کبیر الدین صاحب مؤلف و پروفیسر طبیہ کالج دہلی
(یہ کتابین نہایت سلیس اردو مین ہین انکے پڑھنے اور سمجھنے کیلئے کسی اُستاد کی ضرورت نہین)

نمبر شمار	نام کتاب	قیمت
۱	ترجمہ و شرح موجز القانون - - - - - - - - - - - - - - - - - - -	عہ
۲	ترجمہ شرح اسباب (چار حصون مین ہے ہر ایک حصہ کی قیمت عہ ہے) کامل چارون حصے	لے
۳	قانون نسل - باہ کے لیئے بہترین مجربات کا ذخیرہ ہے قیمت صرف - - - - - -	عہ
۴	ترجمہ کامل الصناعہ - صرف حصہ تشریح قیمت - - - - - - -	۵
۵	لغات طبی (دو حصون مین) حصہ اوّل مین طبی الفاظ اور اصطلاحات سلیس مع تعریف تشریح درج ہین قیمت - - - - - - - - - - - - - - - - -	عہ
۶	دوسرے حصہ مین یونانی، ویدک اور ڈاکٹری ادویہ کے تمام نام درج کیئے گئے ہین -	۶
۷	رسالہ اوزان طبی - جس مین یونانی، ویدک اور ڈاکٹری کے تمام اوزان درج ہین - - -	مفت

کتب مصنفہ حکیم محمد برکت علیخان صاحب جالندھری

نمبر شمار	نام کتاب	قیمت
۸	کتاب الفصد - رجسٹری شدہ - اچھی تصنیف ہے - رعایتی قیمت - - - - - -	۸
۹	کتاب الجلق والانعلام - بطرز ناول مع علاج - رعایتی قیمت - - - - -	۴

کانفرنس کی سالانہ رپورٹین

یعنی کانفرنس کے ہر سالانہ اجلاس کی روداد و طبی معلومات اور کانفرنس کے حالات کا بہترین اور قابل وید و ذخیرہ اور خاص اعلیٰ طبی مضامین کا مجموعہ ہے - قیمت رپورٹ اجلاس اول ۸ اجلاس دوم ۸ اجلاس سوم ۸ اجلاس چہارم ۸ اجلاس پنجم ۸ اجلاس ششم عہ اجلاس ہفتم عہ

ملنے کا پتہ لالہ مان سنگھ وید آنریری سکریٹری آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس - دہلی

GOVERNMENT OF TELANGANA
COLLEGE LIBRARY
G.N.T.C.
Book No:
MANU SCRIPTS
5287

فہرست نسخہ جات مندرجہ کتاب ہذا باعتبار امراض

امراض سر

صداع۔ شقیقہ۔ درد عصابہ۔

دوران سر، درد سر ہر قسم ۲۸-۳۴

-۶۴-۸۹-۹۰-۹۱-۹۲-۱۱۸-

-۱۳۰-۲۱۱-۲۱۲-۲۱۳-۲۱۴-

-۲۱۵-۲۱۹-

سرسام ۲۴۸

نسیان ۲۸۱

بیہوشی ۳۴۲

صرع (مرگی) ۸-۱۰

لقوہ و فالج ۱۲-۹۴-۹۶

۲۷۶-۳۵۳

خدر ۱۵

مالیخولیا و مراق وغیرہ ۵۱-۱۹۸

۲۰۰

نزلہ و زکام ۹۳-۲۰۵-۲۱۸

۲۲۰

بیخوابی ۱۸۷

امراض باردہ بلغمی ۵۲-۹۵-۳۱۲

امراض چشم

کوری چشم ۱۶

درد و سرخی چشم ۹۷-۲۱۵-۲۱۶

-۲۲۴-۳۵۵-

شبکوری ۹۸-۹۹-۲۳۶

بیاض و گل چشم ۱۰۹-۲۱۷-۲۶۲

۳۲۹

شعر زائد یعنی پڑوال ۱۲۷

جالہ و دھند و ضعف بصارت ۱۵۲

۳۱۵-۳۵۴

ککرے یا روہے ۳۰۳-۳۰۹-۳۱۰

۳۲۱-۳۳۱-۳۳۸

امراض گوش

قرحہ گوش ۱۰۰

درد گوش ۱۰۱ و ۱۰۳ و ۱۳۱ و ۱۷۵

۳۵۶

کری گوش ۱۰۲

امراض بینی

قروح الانف ۸۰

امراض الفم (دہن)

دافع قلاع و شبور ۲۰۷ و ۲۰۸ و ۲۰۹

دافع خون دہیہ و درد دنداں ۲۳

۱۰۴-۱۳۵-۲۹۱-۲۹۹-

۳۳۰-۲۰۵

دافع ناسور، سوزش ولثہ دامیہ

۲۰۶-۲۱۰-۳۰۱-۳۰۵

امراض حلق

خنازیر ۲۱-۱۹۱-۳۵۱

خناق ۱۰۵

درد گردن ۱۴۳

امراض ریہ و صدریہ

درد سینہ و کمر و ذات الجنب ۱۸

۱۲۹-۱۳۹-۲۳۴-۲۳۵

سل و دق ۳۵-۳۷-۱۵۳-

۱۵۴-۱۷۲-۲۶۷-۳۳۹-

سعال (کھانسی) ۳۹-۱۰۸-۲۲۸-

۲۲۹-۲۴۲-

دمہ و سعال بلغمی وغیرہ ۵-۲۱-۸۳-

۱۵۵-۱۹۹-۲۷۴-۳۳۳-

امراض قلب

مفرح ۳۰۸

مقوی دل و دماغ و اعضاء رئیسہ

۲۰۰-۲۵۰

امراض شکم

درد شکم و باد گولہ ۱۱۰-۱۴۴-۳۵۷

ہیضہ ۱۲۸-۲۵۴ و ۲۵۵-۲۹۶-۳۲۶

طحال (تلی) ۱۳۶-۱۹۷-۲۳۷-

۲۶۱-۲۸۳-۳۲۰

یرقان (پیلیا) ۱۹۶-۲۳۰-۳۱۹

مسہل ۱۱-۱۱۳-۱۷۲

اسہال خونی ۱۹
دافع قبض ۳۱-۳۲-۵۶-۵۹-
۹۶-۲۲۵-۲۲۶-۲۳۹
اسہال و سنگرہنی ۷۷-۱۱۱-۱۷۰-۱۷۱ و ۳۱۵
استسقا ۲۸۶-۳۰۸
امراض معدہ و جگر ۱۵۱-۱۵۶-۲۰۱-
۲۰۲-۲۰۳-۲۲۱-۲۲۲-۲۲۳
۲۲۴-۲۲۶-۲۸۷-
قلت خون ۱۹۲

امراض گردہ و مثانہ

پتھری گردہ و مثانہ ۷۰ و ۱۴۳-۱۷
۵۴-۱۱۲-۱۷۶-۱۹۵-
ذیابیطس ۲۶-۸۴-۳۱۳
بول الدم و سوزش بول ۲۶ و ۲۲۶ و ۲۵۲

امراض مخصوصہ

آتشک ۲۱-۱۰۶-۱۵۷-۱۵۸-۱۹۰-
۲۶۳-۲۷۷-۲۹۲-۳۰۴-۳۲۳
سوزاک ۲۶-۷۱-۸۴-۱۵۹-۱۶۴
۱۸۶-۲۳۹-۲۴۰-۲۷۰-۲۷۱
۲۹۳-۳۴۰-۳۴۸-
رقت منی و سرعت انزال - ۲۸
جریان منی ۴۱ و ۴۴ و ۵۳ و ۶۷ و
۶۸ و ۶۹ و ۱۱۱ و ۱۳۷ و ۱۶۱ و ۱۸۸ و
۲۳۱ و ۲۵۸ و ۲۹۴
جلق ۱۰۷ و ۱۳۲ و ۱۳۳ و ۳۲۴

تقوی باہ ۲۳ و ۲۴ و ۵۰ و ۶۶ و ۱۳۲
۱۴۴ و ۱۴۵ و ۱۴۹ و ۱۷۷ و ۱۸۹ و ۲۵۹
۲۸۲ و ۲۹۰-۳۲۷ و ۳۳۵
طلا دافع سستی وغیرہ ۲۴۰ و ۲۸۰
امساک ۵۷ و ۲۹۵
دافع ضعف ۳۱۶
سرعت و احتلام ۱۷۳ و ۲۸۸

امراض مخصوصہ نسواں

دافع تکلیف و بے قاعدگی حیض ۹
اختناق الرحم ۱۳۱
مرض اٹھرا ۱۷۹
محافظ حمل مانع اسقاط ۲۴۳
احتباس النفاس ۳۲۵
استقرار حمل ۳۴۹
استحاضہ (پردر) ۴۷ و ۵۵

امراض بچگاں

ام الصبیان ۱۸۰
ڈبہ اطفال ۱۸ و ۲۳۴ و ۳۳۵
لاغری بچگاں (سوکھا مسان) ۲۶۶
جمواد تشنج ۳۵۲
چیچک ۳۵۰

امراض مقعد

بواسیر ۱۲ و ۲۴ و ۶۰ و ۷۰ و ۸۶ و ۸۸ و
۱۲۶ و ۱۵۰ و ۱۹۳ و ۱۹۴ و ۲۳۸ و ۲۷۲
۲۸۹-۳۰۶ و ۳۱۱

ناسور ۳۶ و ۴۸ و ۴۹

وجع مفاصل وغیرہ

وجع مفاصل ۲۶-۱۱۹-۱۳۸-۱۴۶
۱۶۲-۲۴۱-۳۰۲
درد چوٹ ۵
گٹھیا ۲۱ و ۲۶۸
عرق النسا ۱۸۲ و ۲۳۲
دافع درد ہر قسم ۱۴۱-۱۴۷
شقاق دست و پا ۱۴۰

امراض جلد اور وبائی امراض وغیرہ

جذام (کوڑھ) ۲۰-۱۲۰-۲۵۷-۲۷۵
۳۴۷
برص ۲۱-۲۲-۳۳-۶۲-۶۳-۶۵
۱۱۴-۲۴۸-۲۷۹ و ۳۳۶-۳۴۲-
خارش و داد وغیرہ مصفی خون ۲۹
۱۱۵-۲۴۷-۲۶۴-۳۳۴-۳۵۸-
پلیگ (طاعون) ۴۳ و ۵۸ و ۲۱۷
۳۱۸ و ۳۲۲
دافع زخم آتش سوختہ وغیرہ ۴۳ و ۷۷
۱۱-۱۱۷-۲۵۳
رکت پت (صفرا و خون) ۷۶
فساد خون ۸۵
دافع بثور ۱۴۳
ماشرا (پتی) ۱۸۵
قلت خون ۱۹۲

سرطان و ورم غدودی } ۲۹۸ و ۳۰۰
یعنی بھوڑا اڈیٹھ } ۲۶۶
دافع گانٹھ بھد وغیرہ ۲۷۳ و ۳۰۷

حمیات

دافع بخار ۱ و ۲۵
عرق آور دافع بخار ۳
بخار تپہ (تجاری) چوتھیہ ۲ و ۴ و ۷۵ و ۴۶
دافع تپ لرزہ ۶ و ۱۲۲ و ۱۲۳ و ۱۲۴ و
۱۲۵ - ۳۲۰
حمی مزمنہ (بخار کہنہ) ۸۱ و ۱۲۰ و ۲۸۴
حمی (بخار) ۸۲ و ۴۳ و ۱۳ و ۱۴۸ و ۱۸۳ و
۱۸۴
تپ صفرا ۲۳۰
تپ لازم ۲۴۴ و ۲۴۵
بخار فصلی ۲۹۷
بخار سنفیات ۳۴۳
دافع دق ۳۰ و ۴۰ و ۴۵ و ۴۲ و ۴۳ و
و ۷۹ و ۱۲۳ نغایتہ ۱۶۹

دافع سمیات

زہر سنکھیا وغیرہ و مار گزیدہ ۱۰ و ۲۵۶ و ۳۴۱
تریاق دافع زہر ۲۵۴
عقرب گزیدہ ۳۳۷

اصلاح ادویات و طریق کشتہ جات

کشتہ نقرہ ۲۶ و ۲۶۵ و ۳۰۹ و ۳۳۶ و
کشتہ زرد ۲۷ اصلاح بلادر ۲۰ کشتہ ابرک ۳۰ و ۵۱
و ۲۳۹ کشتہ گودنتی شرمال ۴۳ کشتہ تانبہ ورقی
۸۳ کشتہ شنگرف و پوست بیضہ ۸۴

فہرست اسماء عطا کنندگان مجربات

نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام	صفحہ
پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما وید لاہور	۳ و ۱۳ و ۵۹	حکیم بدر الدین صاحب آدم پور	۱۰	حکیم اللہ یار خانصاحب جوگی لاہور	۱۵
حکیم محمد حبیب اللہ خانصاحب اجمیر	۴ و ۲۸	پنڈت جگن ناتھ صاحب دریا آباد	۱۲	حکیم دیباج احمد صاحب بدایوں	۱۵
پنڈت شیو چند صاحب ہردوار	۵	حکیم گنج لال صاحب درانکل	۱۲	حکیم اصغر علی صاحب ڈیرہ بابا نانک	۱۶
حکیم تفضیل احمد صاحب بدایوں	۶ و ۱۴ و ۱۹ و ۵۷	حاذق الملک بہادر حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب دہلی	۱۳	حکیم میر دوست محمد صاحب نور محل	۱۶
پوجیہ کرپا رشی صاحب وید پٹی	۶	حکیم محمد امیر الدین صاحب قصور	۱۴	حکیم سمیع اللہ صاحب جالندھر	۱۷
حکیم ہیرا لال صاحب ملکھوال	۷ و ۷۶	حکیم سلطان علی شاہ صاحب لشیرہ بخورو	۱۴	حکیم محمد ابراہیم صاحب دلیتھ شیخوکا	۱۷
حکیم سید عنایت حسین صاحب	۷	پنڈت لبھاو رام صاحب موضع ختنگر	۱۵	حکیم غلام علی صاحب طالب علم	۱۸
حکیم ابو تراب محمد عبد الحق صاحب امرتسر	۸ و ۲۱ و ۵۹	حکیم مہندر ناتھ صاحب شرما میرٹھ	۱۵ و ۶۳	پنڈت گورپرشاد صاحب	۱۸
حکیم فرید احمد صاحب عباسی بھیکم پوری	۹ و ۵۸			حکیم محمد برکت علی خانصاحب جالندھر	۱۸

نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام	صفحہ
پنڈت رام پرشاد صاحب شرما راج وید پٹیالہ	۱۹ و ۶۲	حکیم سید رضا حسین صاحب سنبھلی	۴۵	پنڈت پربھودیال صاحب وید حیدر آباد دکن	۶۲
حکیم محمد اسرار الحق صاحب امروہی	۲۲	ماسٹر نرسنگھ داس صاحب حکیم حاذق مرزنگ ضلع لاہور	۴۷	حکیم محمد الیاس خانصاحب فتح آباد	۶۳
حکیم عبدالکریم صاحب عباسی حیدر آباد سندھ	۲۳	میر صفدر علی صاحب حکیم نور پور	۴۸	حکیم محمد رمضان صاحب راجپورہ پٹیالہ	۶۴
حکیم عباس علیشاہ صاحب	۲۶	حکیم ڈاکٹر حیات علی صاحب طبیب سرکاری ریاست بھوپال	۴۹	پنڈت کنور رام ناتھ سنگھ صاحب وید نبگہ	۶۴
حکیم بندہ حسین صاحب حشر دھولپور	۲۷	سوامی ہربداس صاحب وید جے پور	۵۰	پنڈت پرشوتم دیو صاحب وید بیدر	۶۵
حکیم مخدوم محمد اعظم صاحب بھیرہ	۲۸	پنڈت سورج نارائن صاحب وید اندور	۵۲ و ۶۲	کنور دیوی سنگھ صاحب وید کاسگنج	۶۵
حکیم ڈاکٹر شفاعت علی صاحب شاہجہاں آباد	۲۹	لالہ کندن لال صاحب دہلی	۵۳	حکیم مولوی محمد مظہر الہ آبادی صاحب کوٹہ	۶۵
حکیم بابا سوبھا رام صاحب ضلع لائلپور	۳۱	حکیم حاجی سید مجید علی صاحب دہلی	۵۷	پنڈت پیارے لال صاحب وید بلاسپور	۶۵
حکیم میر محبوب حسن صاحب بہاری	۳۲ و ۵۳	پنڈت بیرومل صاحب وید رامپور	۵۲ و ۵۸	چودھری شب چرن لال صاحب زمیندار کمہری	۶۶
حکیم محمد الطاف صاحب انصاری امروہی	۳۳	حکیم احسان اللہ خانصاحب رامپور	۶۰		
حکیم محمد اصلح صاحب مارہرہ	۳۴	حکیم عبدالعزیز صاحب امروہی	۶۰		
حکیم محمد عبدالعزیز صاحب سیالکوٹ	۳۵	حکیم عبدالجبار خانصاحب پیلی بھیت	۶۰		
		حکیم مرید احمد صاحب امرتسر	۶۲		

اطلاع

(۱) دفتر کانفرنس سے طبی ڈائرکٹری شائع ہونیوالی ہے - جسمیں ہندوستان کے جملہ طبیب اور وید حضرات کے نام حتی المقدور اور طبی لائبریریاں اور کتب خانے نیز طبی مدارس طبی اخبارات وغیرہ وغیرہ کے متعلق معلومات کا قابل قدر ذخیرہ ہوگا - اگر آپ ڈائرکٹری میں اپنا نام درج کرانا چاہتے ہیں تو خانہ پری کیلئے دفتر ہذا سے جلد طبی ڈائرکٹری کا نقشہ طلب فرمالیجئے - (۲) دفتر کانفرنس میں جسقدر نام اور پتے حکیموں اور ویدوں کے موجود ہیں - ان کو کتاب کی صورت میں شائع کرایا گیا ہے - نہایت مفید اور کارآمد چیز ہے - قیمت فی جلد ایک روپیہ علاوہ خرچہ ڈاک - (۳) صدری مجربات کا دوسرا حصہ بھی چھپ گیا ہے جسکا اہل ملک کو مدت سے انتظار تھا - قیمت فی جلد عہ علاوہ محصول ڈاک - تاجران کتب اور پانچ جلد سے زیادہ خریدنے والے صاحبان کیلئے خاص رعایت ہے - دفتر آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس دہلی سے طلب کیجئے -

شکایت

ہمدردان بنی نوع سے

اگرچہ مقام مسرت و شکر گزاری ہے کہ صدری مجربات کا پہلا حصہ جو ماہ نومبر ۱۹۱۶ء میں پہلی مرتبہ دو ہزار کی تعداد میں کانفرنس کی طرف سے شائع ہوا تھا۔ طبابت پیشہ حضرات اور قدر شناس پبلک کی توجہ سے صرف ایک سال کی قلیل مدت میں فروخت ہو گیا اور اب یہ دوسرا ایڈیشن بعد طبع پیش ناظرین ہے۔ یہ بظاہر حقیقت اس امر کا کافی ثبوت ہے کہ ہندوستان کی طبی دنیا کو اپنے شریف و عزیز فن کی بقا اور بہبود کے کاموں سے پورے طور دلچسپی اور ہمدردی ہے۔ اور جمہور ابنائے وطن کی نظروں میں ان مبارک فنون (طب یونانی اور آیورویدک) کو قدر و منزلت اور ہر دلعزیزی کا اب بھی بلند درجہ حاصل ہے۔

لیکن جس غرض یا مقصد سے صدری مجربات کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے افسوس کہ اس نہایت المقصود کی طرف پوری توجہ نہیں کی گئی۔ مقصد اشاعت جیسا کہ زیر عنوان "خاص صدری مجربات" دیباچہ میں ظاہر کیا گیا ہے یہ تھا کہ مخلوق خدا کا بھلا چاہنے والے صدری مجربات کے نسخہ جات کی آزمائش کے بعد نتیجہ آزمائش سے دفتر کانفرنس کو مطلع فرمائیں۔ تاکہ جو نسخے واقعی صحیح اور قابل قدر ہیں ان کے انتخاب سے ایک مستند فارماکوپیا مرتب کر کے بندگان خدا کی عظیم نفع رسانی کیلئے ایک نایاب اور معتبر تحفہ پیش کیا جائے اور اس الزام کو دور کیا جائے کہ دیسی طبیب اپنے لٹریچر میں کوئی مستند فارماکوپیا نہیں رکھتے ہیں۔ مگر افسوس کے ساتھ لکھنا پڑا کہ مندرجہ نسخوں کی تصدیق یا تکذیب کے متعلق بہت کم اطلاعات دفتر کانفرنس میں موصول ہوئی ہیں۔

بہر حال خواہ عدم واقفیت منشائے کتاب اس بے توجہی کا موجب ہو یا کوئی اور سبب۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ مذکورہ اغراض کو پیش نظر رکھ کر نسخوں کی آزمائش کے نتیجہ سے کانفرنس کے دفتر کو مطلع کرنا وہ تمام حضرات اپنا فرض سمجھیں جو ان نسخوں کو آزمائیں۔ برتیں یا استعمال کریں۔ اور ادائے فرض سے جلد سبکدوشی حاصل کر کے کانفرنس کو شکر گزاری کا موقع دیں

خاص صدری مجربات

مشرقی ممالک میں آیورویدک اور یونانی طبی علوم کے تنزل اور مغربی ممالک کے علم طب

کی ترقی کے اسباب میں ایک بڑا سبب یہ ہے کہ ہمارے یہاں اگر کسی نے کوئی ایجاد کی یا کوئی نسخہ کسی کو معلوم ہوا تو اُس نے اُسے اپنے سینہ میں مخفی رکھا حتی کہ وہ اُسے اپنے ساتھ قبر میں لیگیا۔ لیکن یورپ میں حالت اُسکے برعکس ہے یعنی اگر کوئی شخص کوئی ایجاد کرتا ہے یا کوئی نسخہ اُسکے علم میں آتا ہے تو وہ اپنی ذات تک اُس کے فائدہ کو محدود نہیں رکھتا بلکہ اپنے ملک اور قوم کو اُس سے فائدہ پہونچاتا ہے۔ انسانی دماغ نے بتدریج ہی اصلیت کو پایا ہے۔ اور ایک شخص کی کوشش و محنت کے بعد جو کمی رہگئی ہے اُسکو دوسروں نے پورا کر دیا ہے۔

ڈاکٹری دواؤں میں جسقدر دریافتیں ہوتی گئیں علمی انجمنوں کے سپرد ہوتی گئیں۔ اور انجمنوں نے اُنکی چھان بین کر کے جو کمی تھی اُسکو پورا کر دیا اور اپنی طب کی عزت کو اتنا بڑھالیا کہ آج یورپ اُس پر فخر کر رہا ہے۔

ہمارے یہاں جو نسخے حکیموں یا ویدوں کے مخصوص مجربات سے ہیں اُن کو گنج مخفی قرار دیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ نہ تو اُن کی کمیاں پوری ہو سکتی ہیں نہ اُنکے فوائد عام ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ یہ امر واقعہ ہے کہ اس اخفا اور پوشیدگی نے نہایت بیش قیمت نسخوں کو دنیا سے معدوم کر دیا ہے۔ اور چھپانے والے اُنہیں بھی اپنے ساتھ دبلے قبر میں لیگئے۔ اگر وہ بیش قیمت نسخے ناپید نہوتے اور آجتک ملک میں موجود ہوتے تو ظاہر ہے کہ ہماری پسندیدہ طبوں کی وقعت اور عزت میں کسقدر اضافہ کر دیتے۔ یہ بہت بڑا نقصان ہے جو ہماری ویدک اور یونانی طبوں کو اُٹھانا پڑا ہے۔ بسا غنیمت ہو اگر اس نقصان کا سلسلہ اِسی زمانہ میں ختم ہو جائے اور جسقدر نقصان ہو چکا وہ ہو چکا اب نقصان نہ ہونے دیا جائے۔

آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس کے اجلاسوں میں ملکی اطبا اور وید صاحبان کی مفید بحثوں اور سرگرم کوششوں سے باہمی تبادلہ خیالات کا جب سلسلہ شروع ہوا تو یہ مسئلہ بھی کانفرنس کی پیشی میں آیا اور بہت سے سمجھ اور بہی خواہ طبی فنون نے جن میں ہمارے عالیجناب حاذق الملک بہادر حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب کا نام خاص طور پر قابل اظہار ہے۔ اپنے ذخیرہ معلومات سے تمام برادران اور اہل ملک کو فائدہ پہونچانے اور فیاضی کا کامل ثبوت دینے کی غرض سے اپنے عزیز ترین مجربات صدری کو ظاہر کرنا شروع کیا۔ اور باہمی شورت سے قرار دیا کہ جن اصحاب کے پاس قابل قدر مجربات ہوں۔ وہ اُنھیں کانفرنس میں بھیجکر ظاہر کیا کریں۔ تاکہ وہ کتاب کی صورت میں کانفرنس کے دفتر سے شائع ہوتے رہیں۔ اور اطباء و وید صاحبان اُن کے استعمال سے فائدہ اُٹھاکر اُنکے مجرب ہونے کا ثبوت دفتر کو پہونچائیں۔ تاکہ کانفرنس کیطرف سے مجربات پیش کرنیوالے حضرات کی حوصلہ افزائی کیجائے

کانفرنس نے جب اِس مقصد پر رزولیوشن پاس کیا اور اہل فن کی توجہ اس طرف مبذول ہوئی تو کانفرنس کے سالانہ اجلاس کے ساتھ اطبا اور وید صاحبان کی ایک خاص میٹنگ ہونے کا سلسلہ شروع ہوا اور براہ راست بھی دفتر کانفرنس میں مجربات پہنچنے لگے۔

گذشتہ چار سال میں جتنے خاص مجربات جمع ہوئے ہیں۔ میں اُن کو اس غرض سے شائع کرتا ہوں کہ طبیب اور وید صاحبان اُن نسخوں کو برتیں اور اُن کے استعمال سے جو نتائج پیدا ہوں اُن سے دفتر کانفرنس کو اطلاع دیں۔ تاکہ آئندہ بھی مجربات کی اشاعت کا یہ سلسلہ رجوع رہنا ایک نتیجہ خیز کام ثابت ہو سکے اور رفتہ رفتہ ایک نہایت صحیح اور مستند یونانی و آیورویدک فارماکوپیا طیار ہو سکے۔

جن اصحاب نے ابھی تک اپنے نسخے ظاہر نہیں فرمائے ہیں اُن کی خدمت میں التماس ہے کہ براہ مہربانی اب وہ بھی اپنے فن کے فائدہ کے لیے نسخوں کو ظاہر کریں۔ اور اپنے دوسرے ہم پیشہ بھائیوں کو موقع دیں کہ اُنکے نفع و نقصان کو دیکھیں۔ اور اگر کسی نسخہ میں اصلاح کے قابل کوئی بات ہو تو اُس کی اُصول فن کے بموجب اصلاح ہو سکے۔ اس فیاضی کا مجموعی اثر ہماری طبوں کی رفتار ترقی پر پڑیگا۔ اور یہ فیاضی ایک طرف ہمارے ہم پیشہ بھائیوں کی فیاضی اور ہمدردی اور روشن خیالی کو ظاہر کریگی۔ تو دوسری طرف ایک نہایت عظیم الشان ذخیرہ مجربات فراہم کردیگی۔ اور ہر طبیب اور وید اُن سے فائدہ اُٹھا سکیگا۔

آخر میں میں اُن تمام وید اور طبیب صاحبان کا گرمجوشی کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے فیاضانہ اور ہمدردانہ طور پر اپنے نسخے کانفرنس میں ظاہر کئے۔

خاکسار رمان سنگھ وید آنریری سکرٹری آل انڈیا ویدک
اینڈ یونانی طبی کانفرنس دہلی

کانفرنس کے دوسرے سالانہ اجلاس میں

جناب پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما راج وید موجد امرت دھارا لاہور کے مجربات

(۱) بخار - سنگجراحت کو منڈی بوٹی کے نغدہ میں رکھکر گیلی مٹی کی آنچ دیں کشتہ ہو جائیگا - یہ بخار کی حرارت کو جلد کم کرتا ہے - اور بمقابلہ کونین ڈاکٹری کی مشہور دوا کے کمزوری نہیں ہونے دیتا - خوراک ۴ چاول سے ایک ماشہ تک مناسب بدرقہ سے

(۲) تپ تجارہ - سرخ مرچ کو چیکر ہاتھ کی درمیانی انگلی سے بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے باندھ دیں اور انگلی کو اُنی

میں ڈال رکھیں۔ یکمشت ہی بار کے یا دوسری بار اس عمل سے تپ یہ بخار (تیسرے دن کا بخار) نہیں چڑھے گا۔ تپ یہ بخار کے جرمز ہلاک کرنے کے لئے ڈاکٹری میں کونین مدتوں استعمال ہوتی ہے اس عمل سے وہ جرمز نہ جانے کس طرح ہلاک ہو جاتے ہیں۔

(۳) **معرق** ۔ سونف آدھ پاؤ توے پر بھونیں اور نیچے بھوبل میں مصری کھار رکھے گیلے کپڑے میں لپیٹ کر دبا دیں۔ جب سونف بھن جائے تو مصری نکال کر اسمیں ڈالکر پیس لیں۔ اس کو گرم گرم ۳ تولہ کھائیں اسقدر پسینہ آئیگا کہ نیچے اوپر کے کپڑے تر ہو جائینگے۔ پیشاب بھی کھلے گا۔ پاخانہ بھی کھل کر آئیگا۔ کسقدر آسان اور کم قیمت دوائی ہے۔ بخاروں کو جن میں پسینہ لینا چاہیئے فوراً اتار دیتی ہے۔ جڑے ہو جوڑوں کو کھولنے کیواسطے بھی برتی جاتی ہے۔

(۴) **تجاری** ۔ پھٹکری کسقدر معمولی چیز ہے مگر ملیریا اور خاصکر تجاری بخار کیواسطے اکسیر ہے۔ اسکی کھیل ایک ماشہ بتاشہ میں کھلاؤ۔ بخار اسی دن نہیں آویگا۔ چوٹوں اور دردوں کو بھی مفید ہے۔ مقدار خوراک ایک سے چار رتی تک

(۵) **چوٹ** ۔ پھٹکری جہاں گرم کرکے بناتے ہیں۔ بڑے بڑے کڑاہوں میں جب ڈالتے ہیں اور نیچے آنچ کرتے ہیں تو ہلدیہ کیطرح اسکے اندر سے بھی کچھ پھٹکری نکلکر باہر آ پڑتی ہے۔ اسکیلے لو بیکر رکھو۔ جب کسیکو چوٹ لگے۔ گر پڑے یا چکنا چور ہی کیوں نہ ہو جائے۔ خون بھی اندر سے کیوں نہ شروع ہو گیا ہو۔ اسکی ایک دو رتی کے اندر جاتے ہی جہاں کا تہاں خون ٹھیر جاتا ہے۔ درد جاتا رہتا ہے۔ اور مریض جو بیہوش پڑا ہوا ہو ہوش میں آجاتا ہے۔

(۶) **جوڑی بخار** ۔ اپھل گگڑے کی جڑ کو پیکر رکھیں اور آنکھوں میں لگادیں جوڑی بخار ایک دو دنمیں جاتا رہتا ہے

(۷) **پتھری توڑ** ۔ سیندھا نمک اور کلتھی کا جوشاندہ پتھری کو توڑ توڑ کر نکالدیتا ہے۔ جس کے واسطے ڈاکٹروں کے پاس سوائے جراحی کے کوئی علاج نہیں۔

کانفرنس کے تیسرے سالانہ اجلاس میں جناب حکیم محمد حبیب اللہ خانصاحب۔ ایم۔ آئی۔ ایم۔ ایس سند و تمغہ یافتہ مالک یونانی دواخانہ اجمیر کے مجربات

(۸) **نسخہ صرع** ۔ ریٹھہ کا پوست ایلوا۔ اور ما سکا باریک سفوف مثل غبار کرکے تین تین ماشہ کی پڑیاں بنالیں اور

ایک پڑیہ چار تولہ پانی میں نقوع کرکے لعاب نکال لیا جائے۔ اُسمیں سے چند قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ اور باقی پلائیں نہایت مفید ہے۔ سات روز تک اسی طرح کیا جائے۔ اگر خشکی معلوم ہو روغن بادام ۳ ماشہ پاؤ بھر دودھ میں پلائیں اور روغن بادام سر پر بھی ملیں۔ اگر دماغی کمزوری ہو تو شیرہ مکو و مربہ آملہ وغیرہ کا استعمال کرائیں۔

(۹) ایام حیض کی تکلیف یا بیقاعدگی رفع کرنیکیلئے ریوند چینی اعلیٰ قسم ایک تولہ سفوف مثل غبار کرلیا جائے اور اُس کی ۳-۳ ماشہ کی چار پڑیاں بنائی جائیں۔ ایک پڑیہ صبح اور ایک شام ۲ تولہ شربت بزوری کے ساتھ ایام حیض شروع ہونے سے تین روز قبل دینی چاہیئے۔ اور دوران حیض میں اس دوا کا استعمال نہونا چاہیئے۔ اگر ان ایام میں تکلیف ہو تو عرق بادیان اور عرق مکوہ شربت بزوری ملاکر پلائیں اور ضرورت ہو تو دوسرے تیسرے ماہ بھی اسیطرح استعمال کرایا جائے۔

جناب پنڈت شوچندر صاحب شرما ہردواری کے مجربات

(۱۰) **مرگی**۔ ریٹھہ کا تین ماشہ سفوف پھانکنے سے مرگی کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور کیسا ہی سانپ کاٹے دس منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔ اسیطرح افیون اور سنکھیا کے زہر کو بھی نکالدیتا ہے۔ لیکن حاملہ عورت کو نہ دینا چاہیئے کیونکہ اس سے حمل گر جاتا ہے۔

(۱۱) **مسہل**۔ ایک قسم کی ہڑ کا درخت ہوتا ہے جسکو چینکی ہڑ کہتے ہیں۔ اُس کی نسبت ہمارے شاستروں میں لکھا ہے کہ اُسکے نیچے بیٹھنے سے دست آنے لگتے ہیں۔ ہردوار سے تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں جسکا نام کلیا ہے وہاں مینے ایک ہڑ کا درخت دیکھا اُسکی کولی بھر کر چار منٹ تک کھڑا رہنے سے دست آنے لگتے ہیں۔

(۱۲) **برائے لقوہ**۔ ایک بوٹی ہردوار میں پیدا ہوتی ہے۔ اُسکا نام مجھے معلوم نہیں ہے مینے اُسکا نام لقوہ لگنتی رکھا ہے۔ بوٹی لیکر کان کی لو کے نیچے لیپ لگا دینے سے لقوہ کے بیمار کا منہ سیدھا ہو جاتا ہے بیمار کا منہ جس طرف کو ٹیڑھا ہو اُس کے مدمقابل دوسری طرف لیپ لگانا چاہیئے اور جب مُنہ سیدھا ہو جائے تو فوراً اُسے چھڑا دینا چاہیئے۔

(۱۳) **بخار**۔ سہدیوی کو سر میں باندھنے سے بخار فوراً جاتا رہتا ہے۔

(۱۴) **پتھری** توڑکر نکالنے کے لیئے سفید سرپھوکہ ۲ ماشہ۔ سیندھا نمک ۱۰ ماشہ۔ گکھتی ۲ تولہ ان تینوں کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی باقی ہے تو صاف کرکے تین مرتبہ پلائیں پتھری ٹوٹکر

تکلیف کی ہر روز زیادہ سے زیادہ تین دن تک پلائی جانی چاہیئے۔

(۱۵) برائے قدر۔ بھینگن درخت کا گوند کسی عضو کے سوجانے (قدر) کے لیئے عضو ماؤف کے مخالف جانب ناک کے نتھنے میں سونگھنے سے فوراً آرام ہوجاتا ہے۔

(۱۶) ایک سیاہ سانپ اور چار بچھوؤں کو ایک گھڑے بھر شیر گاؤ کے اندر ڈالکر بند کردو۔ اور اکیس دن تک اسے زمین میں دفن رکھو۔ پھر دودھ سے گھی نکالو۔ وہ گھی ایک مرغ کو کھلاؤ۔ تیسرے دن مرغ جو بیٹ کرے وہ بیٹ پیس کر شیشی میں رکھ چھوڑو۔ اندھے کی آنکھ میں سلائی سے لگاؤ۔ چندروز میں وہ اندھا آنکھ والا ہوجائیگا

جناب حکیم فضیل احمد صاحب بدایونی کے مجربات

(۱۷) برائے سنگ مثانہ (پتھری)۔ حجر الیہود ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۱۰ تولہ۔ آب مولی تین سیر۔ ایک سکورہ مٹی کا لیکر نیچے ایک تہ آدھ پھٹانک شورہ کی رکھیں۔ پھر حجر الیہود رکھائیے اوپر باقی شورہ (۵ تولہ) رکھکر اوپر سے آدھ سیر مولی کا پانی ڈالیں اور گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے کے بعد آدھ سیر پانی مولی کا ڈالکر پھر بدستور سابق پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اسیطرح چار مرتبہ کیجے بعد ہ پھر آنچ دیکر نگاہ رکھیں اسمیں سے دو چاول سے برابر دوا لیکر دو چاول چوا گھار ملائیں اور ایک گھونٹ پانی کے ساتھ سات دن تک مریض کو کھلائیں۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری ٹوٹ کر نکل جاتی ہے۔ یہ دوا چند مرتبہ کی مجرب و آزمودہ ہے۔ پتھریاں جو اس دوا سے نکلی ہیں وہ میں لایا ہوں اور نمائش گاہ میں رکھی ہیں۔

(۱۸) درد سینہ اور درد کمر کیلئے نہایت مفید ہے اور ذات الجنب کی ابتدائی حالت میں بھی اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اور وہ ایک مفرد اور معمولی دوا ہے۔ یعنی برگ بادرنجبویہ ۷ ماشہ لیکر ایک چھٹانک پانی میں جوش دیں اور صاف کرکے مریض کو پلائیں۔ اس سے مریض کو پسینہ آکر فوراً درد زائل ہوجاتا ہے۔

جناب پنڈت پوچھیہ کرپا رشی صاحب وید ساکن چھاہیٹی ضلع لاہور کے مجربات

(۱۹) خونی دستوں کیلئے۔ چھوہارے کی گٹھلی ۳ ماشہ خون کو بند کردیتی ہے۔

(۲۰) کوڑھ کے لیئے۔ اسکی اٹھارہ قسمیں ہیں۔ جو آتشک سے ہو اسکے لیئے یہ نسخہ مجرب ہے۔ آنولہ سار مصفی

(دودھ یا گھی سے) جھڑبیری کی چھال۔ کنگی۔ مجیٹھہ۔ نیم کا چھلکا۔ نیم کے اندر کا باریک پردہ۔ گلوئے خشک سب کو پیسکر تین تین ماشہ کی پڑیاں بنا کر نیم کے مدھہ ۵ تولہ کے ساتھ چالیس روز تک مریض کو کھلائیں آرام ہو جائیگا۔

جناب حکیم ہیرالال صاحب پلکھوا ضلع میرٹھ کے مجربات

(۲۱) **نسخہ برص**۔ ماہ ساون یا بھادوں میں جسوقت بارش زور سے شروع ہو اسوقت مار سیاہ یعنی سانپ کالا نر جوان کو اس طریقہ سے پکڑوایا جائے کہ پھن مار سیاہ کی جانب ایک طشت آہنی ڈالا جائے اور نصف بدن مار سیاہ کا بجانب پشت و دم کے طشت سے باہر رکھا جاوے اور کسی تیز ہتھیار سے باہر کا حصہ علیحدہ کیا جاوے اور ایک گراں وزن کا پتھر یا لوہا اس طشت پر اس غرض سے ڈالا جاوے کہ مار سیاہ کا پھن بھاگنے اور کاٹنے کی امید رکھتا ہے۔ اور آدھہ گھنٹہ تک اسکے اندر حرارت رہتی ہے۔ جسوقت اسکے اُچھلنے کی آواز کان کے اندر نہ آئے پھن مذکور طشت سے علیحدہ کیا جائے اور اسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائے جائیں۔ اور ایک سبوچہ گلی میں اُن ٹکڑوں کو ڈالکر درمیان میں یہ قرص رکھی جاوے۔ جسکا نسخہ یہ ہے۔ رسکپور۔ سم الفار سفید۔ ہرتال گئودنتی۔ شنگرف رومی۔ مغز جمال گوٹہ۔ جملہ اجزا ایک ایک تولہ اور مغز جمالگوٹہ ۳ ماشہ۔ ان سب کی قرص شیر مدار کے اندر تیار کریں اور سبوچہ کو گل حکمت کرکے ۲۰ آثار پاچکہ دشتی کی آنچ لگائیں۔ بعد سرد ہونیکے قرص مذکور سبوچہ سے علیحدہ کیا جاوے خوراک ا برنج تا یک رتی موافق مزاج مریض ہمراہ مطبوخ کچنال کھلایا جاوے۔

(۲۲) **نسخہ مطبوخ کچنال کا**۔ پوست کچنال۔ پوست نیب۔ پوست بکائن۔ پوست ببول۔ تخم حنظل ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی خورد ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ دانہ۔ قند سیاہ ایک تولہ جملہ اجزا کو ۱ تولہ آب تازہ میں جوش دیں جسوقت ۷ تولہ باقی رہے۔ اول کشتہ کھلائیں بعدہ یہ مطبوخ پلائیں۔ غذا میں نان نخود اور روغن زرد ۲ تولہ روزانہ سے کم نہ کھلایا جاوے۔ انشاء اللہ صحت جلد ہوگی۔ علاوہ ازیں یہ قرص آتشک و بواسیر و خنازیر۔ گٹھیا و سستی عضو کہ مناسب بدرقہ کے بیحد امراض کو فائدہ بخشتا ہے۔ امراض خون کو یہ دوا نہایت مفید ہے۔ آتشک کو

جناب حکیم سید عنایت حسین صاحب کے مجربات

(۲۳) **منجن**۔ کونین ۳ جزو۔ مصطگی ایک جزو۔ منجن بنالیں۔ خون اور پیپ کو ۷۵ فیصدی فائدہ کرتا ہے۔

(۲۴) **بجائے بواسیر**۔ کنگھی جوار خشک ۳-۴ رتی کی دھونی سے مسے بواسیر آسانی سے گرجاتے ہیں۔

نو یا یعنی دانہ کو ہمراہ عرق شاہترہ ۵ تولہ کے۔ ہر اقسام جذام کو ہمراہ مطبوخ کچنال کے۔ آتشک کہنہ کو ہمراہ شیرہ اندرائن

(۲۵) برلئے تپ - سہدیوی میں مرچ سیاہ ملا کر دیں۔ پچاس فیصدی صحت یاب ہوتے ہیں۔

کانفرنس کے چوتھے سالانہ اجلاس میں

جناب حکیم ابو تراب محمد عبدالحق صاحب مالک شفاخانہ حقانی امرتسری کے مجربات

(۲۶) توتی بوٹی - یہ بوٹی اکثر پانی کے کنارہ پر پیدا ہوتی ہے اور کبھی کبھی خشک مقامات پر بھی پیدا ہوتی ہے اور زمین پر بچھی ہوئی نہیں ہوتی۔ چونکہ اس کے پتے مدور اور کنگرہ دار برگ توت کے مشابہ ہوتے ہیں۔ لہذا اسکا نام پنجاب میں توتی بوٹی مشہور ہے۔ اسکا علم ہمیں ایک فقیر کے ذریعہ سے ہوا۔ مزاج اسکا گرم و خشک معلوم ہوتا ہے بہ نسبت دیگر فوائد کے جو بڑا فائدہ ہمارے تجربہ میں آیا ہے یہ ہے کہ سکہ ۳ تولہ لیکر کڑاہی میں ڈالکر نیچے آگ جلادیں اور اس بوٹی کے مجموعہ دستہ سے سکہ کو ہلانے سے کشتہ ہوجاتا ہے۔ اس کشتہ میں سے ایک تولہ اور طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ اقاقیا یعنے کیکر کے پھلوں کا ست ۶ ماشہ اور آرد گلو ۱۰ تولہ۔ بیروزہ مدبر ۲ تولہ سب کو باریک کریں۔ سفوف بناکر ۳ ماشہ ہمراہ آب پوست فالسہ ۵ تولہ کے استعمال کریں۔ ذیابیطس۔ سوزش بول اور سوزاک کو دور کرنے میں بہت مجرب ہے۔ اسیطرح وجع المفاصل کیلئے اس بوٹی کا لیپ ۳ تولہ ہمراہ سورنجان تلخ ۲ تولہ کے از حد مفید ہے۔ غیر سمی ہے۔ کتب متقدمین میں اسکا ذکر ہمنے نہیں دیکھا۔

(۲۷) ہاتھی سونڈی بوٹی - موسم برسات میں عموماً خشک مکان پر پیدا ہوتی ہے۔ پتے اسکے بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔ چونکہ پھول اسکا اپنی کجی میں ہاتھی کی سونڈ کے مشابہ ہوتا ہے۔ اسلئے اسکا نام ہاتھی سونڈی بوٹی رکھا گیا۔ زمین پر مفروش نہیں ہوتی۔ پھول اسکا سفیدی مائل اور پتے چھوٹے ہوتے ہیں۔ علاوہ ان بیشمار فوائد کے جو قدرت نے اسمیں رکھے ہیں بڑا فائدہ جو ہمارے تجربہ میں آیا ہے یہ ہے کہ فولاد کے برادہ کا کشتہ اسمیں اس طریق سے ہوتا ہے۔ کہ فولاد کا برادہ لیکر مٹی کے برتن میں ڈالدیں اور تازہ بوٹی کا پانی چہار چند اسپر ڈالیں بغیر آگ کے کشتہ ہوجاتا ہے۔ اگر ایک دفعہ نہ ہو تو دوسری مرتبہ پانی ڈالنے سے جلد ہی کشتہ ہوجاتا ہے۔ ضعف جگر و استسقاء۔ ضعف معدہ وریح البواسیر وسستی بدن ولاغری جسم و اسہال صفراوی کو اسکے استعمال سے ایک ہفتہ میں آرام ہوجاتا ہے۔ خوراک اسکی ایک رتی ہمراہ ادویہ مناسبہ کے ہے۔ غیر سمی ہے۔ مخزن الادویہ وغیرہ میں اسکو نہیں دیکھا۔

(۲۸) گھوڑ سُمبی بوٹی - چونکہ اسکے پتے گھوڑے کے سُم کے مشابہ ہوتے ہیں اسلیئے اس کا نام گھوڑ سمبی ہے - پیدائش اسکی سبز اور تر مقامات پہ ہوتی ہے - زمین پر مفروش ہوتی ہے - شاخیں اور جڑیں بہت پتلی ہے - ذائقہ اسکا کسیلا قدرے تلخ ہوتا ہے - مزاج اسکا سرد اور تر معلوم ہوتا ہے - لزوجیت وخاصیت انعقاد کی وجہ سے اسکا پانی دوسرے خالص پانی کو جو مقدار میں اس سے چوگنا ہو مثل برف کے منجمد کر دیتا ہے - رقت منی وسرعت انزال وکثرت احتلام وسوء مزاج حار جگر وضعف گردہ کے لیئے تیر بہ ہدف ہے - پوست خشخاس ۲ ماشہ - برادہ صندل سفید - برگ حنا - گل سرخ ہر ایک ہم آنا کو بوٹی مذکور کے پانی میں گھوٹ کر لیپ لگایا جاوے - تو صداع وشقیقہ کو وغیرہ کو چند منٹ میں زائل کر دیتا ہے غیر سمی ہے - اسکا ذکر بھی کتب طبیہ متداولہ میں نہیں دیکھا گیا -

(۲۹) رانی بوٹی - غیر مشہور اور باکمال بوٹی ہے - بباعث کمیاب اور عدم اطلاع بر فوائد اسکے اسکا نام رانی بوٹی رکھا گیا - اسکے پتے بہت چھوٹے اور بیضوی شکل کے ہوتے ہیں - ایک جانب اسکے سبز سیاہی مائل اور دوسری جانب سبز سرخی مائل ہوتے ہیں - اگر سبز پتہ اسکا توڑا جائے تو محل انقطاع (توڑنیکی جگہ) سے دودھ غلیظ سفید مثل دانہ خشخاش کے نکلتا ہے جو کہ وہیں منجمد ہو جاتا ہے - خشک مواضع اور سنگریزہ زمین پر اگتی اور زمین پر بچھی ہوتی ہے - ذائقہ اسکا قدرے حلو ہوتا ہے - لیپ اسکا خارش تر وخشک داد وقوبا اور سر کے زخموں اور گنج کیلیئے بہت مجرب ہے - مصفی خون اعلیٰ درجہ کی ہے - عشبہ مغربی اور چوب چینی کے قائم مقام ہے - زہریلہ مادہ اسمیں نہیں - ہر چند کتب مشہورہ کو ٹٹولا گیا - مگر اس کا پتہ کہیں نہیں پایا

چوتھے سالانہ اجلاس کی ایک خاص میٹنگ میں

جناب حکیم فرید احمد صاحب عباسی بھیکم پوری کے مجربات

(۳۰) برائے دق - ست گلو - طباشیر - الائچی خورد - کالی مرچ - بلادر مدبر سب کو ہموزن پیسکر رکھیں خوراک ایک رتی - دودھ آدھ پاؤ سے دیویں - ہر روز دودھ کی مقدار ۲ - تولہ زیادہ کیجاوے - جب سیر تک دودھ پہنچ جاوے سمجھو کہ آرام ہے - سخت سے سخت مریضوں پر بھی برتا ہے - بلادر کو اسطرح صاف کیا جاتا ہے کہ انکی ٹوپی اتار کر کنوئیں کی پرانی اینٹ کے برادہ میں ۴۰ دن دفن کر دیا جاتا ہے - پھر نکالکر گرم پانی سے دھوکر

بکری کے دودھ میں بھگو دیا جاتا ہے - ہر روز دودھ نیا ڈالا جاتا ہے - اسطرح سے ۲۱ دن کرنا چاہیئے -

(۳۱) **ملین** - مصطگی رومی ۴ ماشہ تبشکر سفید ۲ ماشہ ٹھنڈے پانی سے رات کو کھلانیسے صبح کھلکر پاخانہ آتا ہے -

(۳۲) **مقوی باہ و قبض کشا** - کچلہ مدبر - مویز منقی - مغز بادام ہر ایک ۵ تولہ - ان سب کو پیسکر گولیاں چنے کے برابر بنائی جاویں اور سوتے وقت کھاویں - دمہ کو بھی مفید ہے -

(۳۳) **برص** - سانپ سیاہ کے ٹکڑے کرکے بھینس کا ایک سینگ جو جنگل میں پڑے ہوتے ہیں لیکر اُسمیں کپڑوٹی کرکے جلا لیا جاوے اور سرسوں کے تیل میں پیسکر لگایا جاوے -

(۳۴) **درد شقیقہ** - گائے کا دودھ اور گھی ملاکر پلانا درد شقیقہ کو فوراً بند کرتا ہے -

جناب حکیم بدر الدین صاحب آدم پوری کے مجربات

(۳۵) **سل و دق** - درجہ اول و دوم کے دفعیہ کا ایک مجرب نسخہ خاکسار کے پاس ہے جو میرے آباو اجداد کے تجربہ میں بخوبی آچکا ہے - خصوصاً میرے والد بزرگوار حکیم قطب الدین صاحب مرحوم تمام عمر اسی نسخہ کا استعمال کرتے رہے - انھوں نے اسے بہت مفید اور زود اثر پایا اور خاکسار کے تجربہ میں بھی تیس سال کے عرصہ میں کئی دفعہ آچکا ہے اور میں نے بھی اسے ہر طرح سے مفید اور مرض کو بیخ و بن سے اکھیڑنے والا ثابت کیا ہے بشرطیکہ یہ مرض درجہ اول یا درجہ دوم میں ہو - کشتہ ابرک سیاہ ایک رتی - ہمراہ شیر گاؤ پختہ بوقت صبح مریض کو کھلائیں اور ۲ ماشہ معجون مفرح ہمراہ عرق شیر - ا تولہ شام کے وقت ہر روز کھلائیں - ایک ہفتہ تک یہ خوراک اسی طرح جاری رکھیں - دوسرے ہفتہ کشتہ ابرک سیاہ کا وزن ۲ رتی اور تیسرے ہفتہ ۴ رتی کر دیں - اگر اسی اثناء میں کھانسی پیدا ہو تو لعوق سعال ایک تولہ رات اور دن میں دو دفعہ ۶ - ۶ ماشہ کھلائیں - ان ادویات کا تغیر و تبدل معالج کی رائے پر منحصر ہونا چاہیئے - انشاء اللہ مرض رفع ہو جائیگا - غذا گاہے دال مونگ اور گاہے سبزی مثلاً کدو وغیرہ روغن زرد ۲ تولہ میں بھون کر یعنی تڑکا (بگھار) لگا کر کھانا چاہیئے - یا گوشت چوزہ مرغ یا گوشت بُز کا استعمال ضروری ہے - ترشی اور گرم اشیاء سے کلی پرہیز لازمی امر ہے -

(۳۶) **طریق کشتہ ابرک سیاہ** - چھٹانک بھر ابرک سیاہ کو شگر باریک کر لیا جائے اور آب بھنگرہ سفید ۵ تولہ میں کھرل کرکے اُسے اچھی طرح سے ٹکی کر لیں - بعد ازاں کوزہ میں رکھکر گل حکمت کر دیں اور پانچ دشتی یعنی ۴ سیر جنگلی اُپلے جنھیں ارنہ کہتے ہیں لیکر اُنکے درمیان رکھکر آگ لگا دیں اور صبح کو اُسمیں سے نکالکر آب سیر پالہ ۵ تولہ میں کھرل کریں اور مذکورہ بالا طریقہ

پرکشتہ کریں - پھر آب بانسہ ۱۰ تولہ میں جسے اڑوسہ بھی کہتے ہیں - پھر آب ارنڈ ۱۰ تولہ میں - پھر آب بیخ بڑھ ۱۰ تولہ میں - پھر آب سنبھالو ۱۰ تولہ میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پھر آب ناگرموتھا ۱۰ تولہ میں (پاؤ بھر پانی میں ۴ تولہ ناگرموتھا جوش دے لیں - جب نصف رہجائے تو پانی نکالکر اسمیں کھرل کریں) جب اسطرح سے سات مذکورہ بالا پانیوں میں بار بار کھرل کرکے اور مذکورہ بالا طریقہ پر آگ دے دیکر کشتہ کریں تو اسکے بعد اسے دو سیر پختہ پانی میں حل کردیں یہانتک کہ ابرک تہ نشین ہوجائے اور خاکستروغیرہ نتھارلیں مگر یہ بات یاد رہے کہ ہر دفعہ کھرل کرچکنے کے بعد اچھی طرح خشک کرکے پھر کوزہ میں گل حکمت کیا کریں اور ابرنے کی آگ میں رکھا کریں جب پانی نتھار کر خاکستروغیرہ کو دور کردیا جاوے تو پھر اس ابرک مذکور کو آب گلو تازہ ۵ تولہ میں کھرل کریں اور خشک کرکے آگ دیں - اسکے بعد پوست بلیلہ ۲ تولہ - پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ - پوست آملہ ۲ تولہ لیکر پانی پاؤ سیر پختہ میں جوش دیکر جب نصف رہجائے اس پانی میں کھرل کریں اور خشک کرکے آگ دیں - پھر آب ترب ۱۰ تولہ میں کھرل کرکے آگ دیں - پھر آب کگروندہ ۵ تولہ میں تین دفعہ کھرل کریں اور تین دفعہ ہی خشک کرکے مذکورہ بالا طریقہ پر آگ دیں - اس موقع پر اگر ابرک میں ابھی چمک نظر آوے تو پھر ایک دفعہ آب بھنگرہ سفید میں کھرل کرکے آگ دیں اسکا رنگ گلابی ہوجائیگا - اب اسے نکالکر مریض کے استعمال میں لاویں -

(۳۷) **نسخہ عرق شیریں کی ترکیب** - گل گاؤزبان ۱۰ تولہ - صندل سفید - بادرنجبویہ - گل سرخ - گل نسرین ہر ایک ۳ تولہ - گل نیلوفر - تخم کاسنی - تخم خیارین ہر ایک پاؤ پختہ - تخم خرفہ ۵ تولہ - کشنیز خشک ۱۰ تولہ - کدو تازہ آب پالک - برگ بید سادہ - برگ بہی - برگ سیب ہر ایک سیر پختہ - خس ہندی پاؤ سیر پختہ - گلو تازہ ایک سیر پختہ - عرق گاؤزبان - عرق بید مشک ہر ایک دو بوتل - عرق کیوڑہ پاؤ پختہ - شیرہ - پانی ہر ایک ۴ سیر پختہ - حسب قاعدہ چار بوتل عرق کی نکال لیویں -

(۳۸) **نسخہ مفرح** - طباشیر - مغز تخم کدو - مغز تخم خیار ہر ایک ۶ ماشہ - دانہ الائچی کلاں - بسد محرق - کہربا ہر ایک ۳ ماشہ زہر مہرہ سبز - کافور ہر ایک ۲ ماشہ - تخم کاسنی ایکتولہ - مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ - مشک تبتی ایک ماشہ - ورق طلا ۲۵ عدد - ورق نقرہ ۵۰ عدد - رب سیب ۹ تولہ - حسب قاعدہ معمول مفرح تیار کرلیا جاوے -

(۳۹) **نسخہ لعوق سعال** - سپستاں کلاں ۵۰ عدد - عناب ۲۵ عدد - اصل السوس مقشر - بہدانہ ہر ایک ۶ ماشہ تخم خطمی ایکتولہ - پرسیاوشاں ۲ تولہ - تخم خبازی ایکتولہ - پوست خشخاش ۲ تولہ - دو سیر خام پانی میں جوش دیکر نصف رہنے پر اتار کر چھان کر تین پاؤ خام مصری ملاکر قوام کریں - جب قوام شربت سے غلیظ ہوجاوے پھر اتار لیں اور روغن بادام -

مغز تخم کدو - مغز تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ - تخم خشخاش سفید - کتیرا ہر ایک ۶ ماشہ - رب السوس ۳ ماشہ باریک پیس کر قوام میں داخل کریں - بطور لعوق ہو جاویگا -

ان سب ادویہ کو حسب ترکیب مذکورہ بالا مریض کو کھلایا جاوے مجھے کافی امید ہے کہ اگر جملہ حضرات بعد تشخیص مرض اس نسخہ کو اپنے اپنے مریضوں پر استعمال کرینگے تو بہت ہی نافع الناس پائیں گے -

جناب پنڈت جگن ناتھ صاحب حکیم ہدیہ آبادی کے مجربات

(۴۰) **برائے دق** - گودنتی ہڑتال کو دق کیواسطے مریضوں پر بہت مفید پایا - گودنتی ہڑتال کو گلو و نیم کے پانی میں ۵ پٹھہ دی جائیں یعنی اُسکو ان رسوں میں ۵ بار نیا پانی ڈال ڈالکر کھرل کیا جائے - پھر اُسکو ایک رتی دیدی جائے یہ نسخہ چیچک کو بھی مفید ثابت ہوتا ہے -

(۴۱) **نسخہ جریان** - بھوسی اسبغول ایک تولہ - ببول کے پانچوں اجزا ۶-۶ ماشہ کشتہ قلعی ایک رتی آدھ سیر دودھ میں اُبالکر مصری ڈالکر پی جایا کریں + صرف بھوسی اسبغول ایک طالبعلم نے دودھ میں اُبالکر پی اسکا بیان ہے کہ یہ از حد مقوی باہ ہے - ایسے ہی وہ اسگندھ کھی میں بھون کر برابر شکر سفید ملاکر ۶ ماشہ روز کھاتا تھا - اُس کو بھی اُس نے عجیب مقوی باہ بتلایا مگر کہتا تھا کہ اُس سے کچھ میرا جی مچلاتا ہے -

(۴۲) **مقوی باہ** - پارہ - گندھک - سنکھیا سفید - ہڑتال ورقی - شنگرف ایک تولہ - ۴ انڈوں کی زردی میں اول کھرل کیا پھر تل اور مالکنگنی ۴-۴ تولہ اور ملایا اور گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالا کھانے و لگانے کو دیا کھانے کو ذرا سا تنکے کو لگا کر اور لگانے کو بھی ایک رتی از حد مقوی باہ ثابت ہوا -

جناب حکیم کنج لال صاحب ورانکل کے مجربات

(۴۳) **برائے طاعون** - نسخہ نمبر ۴۰ کے طریقہ سے تیار کیا ہوا گودنتی کا کشتہ چھاچھ کے ہمراہ پلیگ کے مریضوں پر برت چکے ہیں بہت مفید پایا ہے -

(۴۴) **برائے جریان** - مالکنگنی کے بیج پانچ گھنٹہ پانی میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ہر دن دودھ کے ساتھ کھلانا جریان کے لیئے مفید ہے -

جناب پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما ویدایڈیٹر دیش اپکارک لاہور کے مجربات

(۴۵) **نسخہ تپ دق** - ابرک سیاہ کو پیکر چند روز تک کاک جنگی بوٹی کے رس میں کھرل کرکے رکھیں جسقدر زیادہ کھرل کیاجائے بہتر ہوگا ورنہ سات روز کھرل کرنا کافی ہے - یہ سبز رنگ کا نہایت مفید کشتہ ہے جس سے حکما تھوڑے خرچ سے بہت مریضوں کو فیض پہنچا سکتے ہیں - خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ -

(۴۶) **نسخہ ناسور** - کھانے کیلئے ایک نسخہ ہے جو ناسور وغیرہ زخموں کو مفید پڑا ہے - شور خبیثہ تقریباً سب دور ہو جاتے ہیں - سنکھیا سفید - چوک - چوب چینی - کچلہ - مرچ سیاہ - پیپل برابر وزن - ان سب کو ادرک کے رس میں کھرل کریں - جتنا کھرل کرینگے بہتر ہے - اگر ۴ دن ہو تو بس کہنا ہی کیا ہے - ورنہ ۲۱ یا ۱۱ دن ضرور ہو گولیاں دانہ موٹھ کے برابر بنائی جاویں - بعد از غذا ایک گولی پانی سے کھلائی جاوے -

(۴۷) **مرض استحاضہ** - مندرجہ ذیل کوڑیوں کا نسخہ مرض استحاضہ (پردر) کیواسطے اکسیر اور گرم بھی کوئی نہیں مارنے پڑتے - اصلی سیالکوٹی کاغذ جو سن کا بنا ہوا ہوتا ہے لیکر کوزہ گلی میں بند کرکے گج پٹ کی آنچ میں جلالیں - پھر برابر وزن طباشیر ملاکر پیسکر رکھیں - خوراک ۳ ماشہ - شربت انجبار سے - پہلی ہی خوراک میں خون بند ہونا شروع ہوگا -

عالیجناب حاذق الملک بہادر حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب رئیس اعظم دہلوی کے مجربات

(۴۸) **ناسور کا مجرب نسخہ** - بارود ۲ تولہ - تلی کا تیل ۵ تولہ خوب حل کرکے رکھیں - اگر سوراخ کافی ہو تو پچکاری سے دوائی اندر پہنچایا کریں - ورنہ کپڑا تر کرکے اوپر رکھیں - ناسور کو بہت جلد آرام آتا ہے - اگر کوئی ایسا ہی ٹیڑھا ناسور ہو کہ اندر دوائی جاتی ہی نہیں تو اور بات ہے مگر دوا اندر پہونچ جائے تو ضرور آرام ہو جاتا ہے -

(۴۹) **ناسور کا نسخہ** - دار چکنا اور رسکپور کا جوہر بھی کھلانے سے مفید پڑتا ہے -

(۵۰) **نسخہ باہ** - سنکھیا سفید - ہڑتال - شنگرف - تینوں ہموزن اشیا کو لیموں کے رس میں کھرل کرکے گولیاں موٹھ کے برابر بنائی جاویں - کھانا کھانے کے بعد ایک گولی کھلائی جاوے تو اُس سے ۲ گنا طاقت بڑھ جاتی ہے مگر یہ قباحت ہے کہ اُس سے بھوک بند ہو جاتی ہے - عرق لیموں میں بہت کھرل کیا کہ یہ خرابی دور ہو - مگر دور نہیں ہوئی (جناب بابو آتما رام صاحب سود وید لدھیانہ سے اطلاع دیتے ہیں کہ عرق لیموں میں کھرل

جناب حکیم محمد امیر الدین صاحب قصوری کے مجربات

(۵۱) **امراض حارہ کیلئے۔** ابرک سیاہ باریک کرایا جاوے۔ پھر اُسے کھٹکل بوٹی کے پانی میں تین دن کھرل کریں اور مٹی کی رکابیوں میں دیکر ۲ سیر اُپلوں کی آنچ دیں پھر نکالکر تین دن کھٹکل کے پانی میں کھرل کریں اور اسیطرح آنچ دیں۔ اسیطرح ایکبار اور کشتہ سرخ رنگ کا تیار ہوگا۔ خوراک ایک رتی امراض حارہ کو مفید ہے۔ مالیخولیا۔ مراقی۔ زکام کو فائدہ کرتا ہے۔ خفقان کو ازحد نافع ہے۔

(۵۲) **امراض باردہ کیلئے۔** ابرک سیاہ کو کوٹ کر لہسن کا پانی نکالکر تین دن کھرل کرکے نمبر ۵۱ کی طرح آنچ دیں۔ ایسی تین آنچ میں کشتہ ہوگا۔ یہ امراض باردہ و بلغمی کو مفید ہے۔

جناب حکیم سلطان علی شاہ صاحب ٹیرہ خورد ضلع جالندھر کے مجربات

(۵۳) **نسخہ جریان۔** گوکھرو۔ تالمکھانہ۔ گوند ڈھاک۔ لاک مغسول۔ موچرس۔ کشتہ قلعی۔ مصطگی رومی ہر ایک ایکتولہ۔ کابلی مصری۔ انولہ۔ ایکتولہ ہر روز دودھ کے ساتھ کھاوے۔ ترشی سے پرہیز۔

جناب حکیم فضیل احمد صاحب بدایونی کے مجربات

(۵۴) **دافع پتھری گردہ و مثانہ۔** نسخہ نمبر ۱۷ میں حسب ذیل تھوڑا سا اضافہ کرنے سے عمدہ نتیجہ ہوا بیشتر پتھریاں بغیر کسی خاص تکلیف اور عمل جراحی کے مختلف مریضوں کے نکلیں۔

اضافہ۔ کھار ترب اضافہ کرکر اس ترکیب سے استعمال کرایا کہ دوا مجرالیہود ۴ ماشہ برنج۔ جوا کھار ایک ماشہ۔ کھار ترب ایک ماشہ۔ ان سب کو بہیکر شربت بزوری معتدل ۲ تولہ میں ملا کر کھلایا۔ اسکے استعمال سے تین روز سے لیکر ایک ہفتہ تک پتھریاں گل کر پیشاب کے ساتھ خارج ہوگئیں۔ اور لاریگ بکثرت خارج ہوتا ہے اور جب وہ پتھری پیشاب کے سوراخ سے نکلنے کے قابل ہوجاتی ہے تو پیشاب کے ساتھ بلا تکلیف کے نکلجاتی ہے۔ عورات میں نسبتاً مردوں کے پتھری کم ہوتی ہیں مگر جب کوئی عورت اس مرض میں مبتلا ہوجاتی ہے تو اُسمیں پتھریاں تعداد زیادہ نکلتی ہیں۔ اور مقدار بھی بڑی ہوتی ہے چنانچہ ان بیشتر پتھریوں میں سے ایک دن پتھریاں جو چنے کی مقدار سے لیکر کبوتر کے انڈے کے برابر تک ہیں۔ ایک عورت کے ایک دن میں بغیر عمل جراحی کے اس دوا کے کھانے سے خارج ہوگئیں۔

جناب پنڈت بساور رام صاحب شرما وید موضع شنکر کے مجربات

(۵۵) **استحاضہ** (پردر) کیواسطے صدف خورد جو دریاؤں میں ملتے ہیں منہ بند دس پندرہ لے آوے۔ کسی پانی بھرے برتن میں لانا چاہیئے تاکہ اُنکے اندر کا کرم نہ مرے۔ پھر لاکر منہ کھولکر ہر ایک میں جتنا نوشادر بھرا جاسکے بھر دیا جاوے۔ پھر منہ بند کرکے کوزہ گلی میں ڈالکر سمپٹ کرکے ۸ سیر کی آنچ دیویں جب سرد ہو جاوے نکالکر میں سے ۲ رتی کشتہ ایک ماشہ دم الاخوین ملاکر خرفہ ۵ ماشہ گھوٹ کر شربت انجبار ملاکر کھلا دیا کریں۔

جناب پنڈت مہندر ناتھ صاحب شرما میرٹھی کے مجربات

قبض کشا۔ عصارہ ریوند ایکتولہ باریک پیس لیویں۔ بعدہ دارچینی کا سفوف ایکتولہ ڈالیں۔ پانی کے ساتھ دانہ مونگ برابر گولیاں بنادیں۔ ایک سے ۴ گولی تک خوراک ہے ہمراہ گرم دودھ یا پانی کے۔ پاخانہ صبح کھلکر آتا ہے۔ مگر بواسیر خونی والوں کو نہیں دینی چاہیئے۔ اُن کا خون جاری ہو جاتا ہے۔

(۵۷) **نسخہ امساک** سونٹھ۔ ستاور۔ موصلی۔ منڈی بیج۔ بھنگرہ۔ ونرگنڈی + شہد وگھی میں باندھو نباری نہ گرے بوند نہ جھکے۔۔۔۔ +

جناب حکیم اللہ یار خاں صاحب جوگی لاہوری کے مجربات

(۵۸) **نسخہ طاعون**۔ یہ نسخہ کسی خدا دوست شخص کو خواب میں ملا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ اس نسخہ کو استعمال کیا جائے اور مریض مرجاوے تو میں اُس کی بجائے سزا لے سکتا ہوں۔ برگ نیم سبز آدھ پاؤ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ کلونجی ایکماشہ پیالہ بھر پانی میں گھونٹ کر نمک ڈالکر پلایا جاوے۔ ہر تین گھنٹہ کے بعد دیویں۔ شدت کی حالت میں اس سے بھی جلد اور معمولی صورت میں صبح وشام دیسکتے ہیں۔ گلٹی پر نیم کا مد چیڑنا چاہیئے۔

جناب حکیم وہاج احمد صاحب بدایونی کے مجربات

(۵۹) **قبض کشا**۔ املتاس کی پھلی مسلم لیکر صرف بیج نکالکر نمک لاہوری برابر ملادیں۔ ہانڈی میں بند کرکے بھٹی یا تنور میں خاکستر کریں۔ ۲ رتی سے ۸ رتی گرم دودھ یا گرم پانی سے دینے سے قبض دور ہوتی ہے۔

(۶۰) **بواسیر کا خون روکنے کیواسطے** - دال مونگ - دال مسور - دال ارد - دال چنا ایک ایک تولہ - مازو ایک عدد کے ٹکڑے - ان سب کو ظرف آہنی میں نیم بریاں کرلیں - باریک سفوف بنالیں ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک پانی یا عرق بارتنگ کیساتھ انکو کھاویں - صبح صرف دودھ پینا چاہئے اسکے ذریعہ کئی بار خون بند کیا گیا - مگر کبھی کوئی نقصان نہیں ہوا -

(۶۱) **دمہ بلغمی** - گیہوں - ہلدی کو علیحدہ علیحدہ بریاں کرلیا جاوے - پھر پیسکر مساوی الوزن ملاکر رکھ لیں - اول پڑیہ ۵ ماشہ کی بناویں - دوسری ۵ ماشہ ایک رتی کی - تیسری ۵ ماشہ ۲ رتی کی - اس طرح ایک رتی ہر روز بڑھاویں - ۵۱ عدد پوڑیہ ۵۱ دن پانی کے ساتھ ہر روز ایک پڑیہ صبح کھلاویں - دمہ قطعی رفع ہو جاتا ہے -

جناب حکیم اصغر علی صاحب ڈیرہ بابا نانک کے مجربات

(۶۲) **نسخہ برص** - باوچی ۶ ماشہ - مرچ سیاہ ایک ماشہ پیسکر گھوٹ کر پانی میں پلانا اور اوپر لگانا مجرب ہے -

جناب حکیم میر دوست محمد صاحب (نور محل) کے مجربات

(۶۳) **نسخہ برص** - بھینس کے سینگ جوڑے ہوئے ملتے ہیں ۲ عدد لیئے جاویں - مغز ان کا نکالدیا جائے - پھر کالا سانپ ایک عدد ٹکڑے ٹکڑے کریں - پھر باوچی نیم کوفتہ ۵ تولہ - برگ نازبو تازہ دس تولہ لیکر سانپ کے ٹکڑوں کے ساتھ ملالیں اور دونوں سینگوں میں ویدیں اور ان کے منہ رگڑ کر ایسا کرلیں کہ ایک دوسرے پر چڑھ جاوے اور ملاپ کی جگہ پر لیپ لگادیں - ملتانی مٹی قریب ڈیڑھ پاؤ نمک ایک پاؤ پیسکر اسپر لیپ کردیں اور من (۴۰ سیر) اپلوں کی آنچ دیں - سینگوں کو ۸ ایسے محرابی صورت میں رکھنا چاہیئے - پھر ٹھنڈا ہونے پر لیکر دونوں کو توڑ کر علیحدہ علیحدہ کرلیں اور ہر ایک منہ پر جو دوائی جمی ہوگی اسمیں سوراخ کر کے تیل ایک برتن میں گرالیں اسکو اپنے پاس رکھیں - مقام برص کو کپڑے سے ذرا سا رگڑ کر کبوتر کا پر لیکر تین بار دن میں لگایا کریں اسمیں شبنم کی طرح پسینہ نکلا کریگا - جب اس پانی کی بجائے خون نکلنے لگے تب بند کردیں - پھر نیم کے پتے ۲ تولہ نیلہ تھوتھا ۲ ماشہ پیسکر ٹکیہ بناکر روغن تل آدھ پاؤ میں جلادیں - الٹ پلٹ بلکہ توڑ کر تاکہ اچھی طرح جلجاوے - اب اس تیل کو لگانا شروع کریں - آرام آنے پر برص نہ دیکھیں گے -

(۶۴) **شقیقہ** کے لیئے جڑی ہوئی سیپیاں لاکر دودھ آکھ بھجیں دیکر دو اپلوں کی آنچ دیں - اسکو ریں چوری کھلاکر نسخہ دیں بالکل آرام ہوگا -

جناب حکیم سمیع اللہ صاحب جالندھری کے مجربات

(۶۵) **برص** کے واسطے مجرب ہے۔ گھڑیال (مگرمچھ) کا خون ۴۱ روز تک طلا کرنے سے آرام ہوتا ہے۔ گولی جب سر پر لگے تو خون بہتا ہے اُس خون کو اکٹھا کر لیا جاتا ہے۔ دل کے مقام سے بھی نکلتا ہے۔ وہ خشک ہوا بھی پھر کام دیتا ہے باسی لب کے پانی میں گھس کر لگاتے ہیں۔

(۶۶) **نسخہ باہ**۔ مگرمچھ کا گوشت کوٹ کر خشک کر کے سفوف کر لیں اور برابر وزن کھانڈ ملا کر ۳ ماشہ ہر روز دودھ سے کھلاویں　ازحد مقوی باہ ہے۔

(۶۷) **نسخہ جریان**۔ بڑھ۔ پیپل و گولر کا دودھ ایک ایک چھٹانک لیکر اول اُن کو دیگچے میں ڈالے۔ پھر ڈیڑھ سیر دودھ گائے کا بھر دیا جاوے اور آٹے سے منہ خام کر دیا جائے نیچے دھیمی آنچ دی جائے۔ جب جوش آجاوے تو اسکے ۵ منٹ بعد تک بھاپ کو روکتے رہیں۔ یعنی جہاں سے نکلے آٹا لگا دیں مگر ۵ منٹ کے بعد منہ کھول دینا چاہیئے اور کھویا تیار کر یں اور کھانڈ ملا کر اُس کی ۲۱ خوراک تیار کریں۔ ایک خوراک صبح کھاوے۔ جریان کو بہت مفید ہے۔ ۵-۶ مریضوں پر بھی مفید پایا۔ دودھ سورج کے نکلنے سے پہلے اکٹھا کیا جاوے تو بہت نکلتا ہے۔ پیپل کا دودھ ایک ایک پتہ توڑ کر ذرا مشکل سے نکالنا ہوتا ہے۔ بڑھ و گولر کا بہت نکل آتا ہے۔ بڑھ میں اول ایک دن پہلے سوراخ کر کے اُسمیں ہلدی کی گرہ دے آویں۔ صبح جا کر ہلدی نکال کر نیچے پیالہ رکھیں دھار گریگی۔ گولر کے درخت میں اینٹ مار کر نیچے برتن کریں تو کافی دودھ گرتا ہے۔

(۶۸) **نسخہ جریان**۔ مالکنگنی کے بیج ۵ گھنٹہ پانی میں کھرل کر کے گولیاں جنگلی بیر کے برابر بناویں دودھ کے ساتھ ہر روز ایک گولی کھاویں۔ جریان کیواسطے مجرب ہے۔

جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب ولیٹھہ شیخو کا ڈاکخانہ حویلی ضلع منٹگمری کے مجربات

(۶۹) **جریان**۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ دونوں کو ہیں کر ۲ عدد ورق نقرہ ایک ایک ڈال کر گولی کو جوڑ دیں اور سات پوڑیاں بنالیں۔ شام کو ایک پڑیہ ایک پاؤ بکری کے دودھ کے ساتھ ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور سر پوش اوپر دیکر اُس کو ایک پانی کے برتن میں لٹکا دیں اسطرح کہ پانی کوزہ کے گلے تک رہے۔ دودھ میں داخل نہ ہو صبح اُس دودھ کو لیکر اُسمیں ایک بوتل شربت انار کا ۱/۴ حصہ داخل کر کے پلا دیں۔ اسی طرح ساتوں پڑیاں کھلا دیں

جناب حکیم غلام علی صاحب طالبعلم مدرسہ طبیہ دہلی کا مجرب اکسیر نسخہ

(۷۰) **بواسیر کیواسطے** ۔ گندھک آملہ سار۔ خبث الحدید مدبر ہر ایک چار تولہ۔ قندسیاہ کہنہ ۸ تولہ کا قوام کرکے معجون بنالیا جاوے۔ خوراک ۴ ماشہ صبح۔ ہمراہ باسی پانی۔ خونی بواسیر کے واسطے اکسیر ہے۔ کھانے کو گیہوں کی مختصر روکھی روٹی دی جاوے۔

جناب پنڈت گورپرشاد صاحب کا مجرب

(۷۱) **نسخہ سوزاک** ۔ چوب چینی ۵ تولہ کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ۔ طباشیر آسمانی ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی۔ سرد چینی ایک ایک تولہ۔ بہروزہ شدھ (مصفیٰ) ۵ تولہ سب کو پیسکر روغن صندل میں چرب کیا جائے اور بکری کے دودھ کے ساتھ ۶ ماشہ دیویں۔ سوزاک و قرحہ دونوں کو مفید ہے۔

جناب حکیم محمد برکت علی خاں صاحب جنرل سکرٹری لوکل طبی کمیٹی و پروفیسر طب یونانی مشن ہائی سکول جالندھر کے مجربات

طریق تجویز تپدق بہ تعدیل ۔ ایک ہفتہ متواتر مندرجہ ذیل نسخہ کے استعمال سے ترقی رک گئی۔

(۷۲) ہوالشافی۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ۔ کاسنی ایکتولہ۔ زرشک ترش ایکتولہ۔ آلوبخارا ۷ عدد گل سیوتی ۶ ماشہ۔ گل غافث ۳ ماشہ۔ برگ گل نیلوفر سفید ۵ ماشہ۔ بیخ کاسنی ایکتولہ۔ بیخ بادیان ایکتولہ۔ حب الآس ۶ ماشہ۔ تخم خیارین ۹ ماشہ۔ ابریشم خام ۳ ماشہ۔ سب کو عرق شیر مرکب ۱۰ بوتل میں بھگوکر شربت اعجاز۔ کبھی شربت شفا کبھی شربت سنگترہ ۵ تولہ ملاکر ۲۴ گھنٹہ میں ختم کرایا۔ غذا آش جو معہ روغن بادام ایک وقت دن کو اور رات کو شوربا میٹھا سبز کدو کش کیا ہوا یا دال مونگ مقشر کدو چپاتی۔ یہ نسخہ روزانہ قدرے تغیر و تبدل سے شروع رکھا ایک ہفتہ بعد بجائے پانی عرق شیر شروع کرایا۔

(۷۳) **نسخہ عرق شیر مرکب** ۔ ہوالشافی خس ہندی ۱۰ تولہ۔ تخم کاہو ۲۰ تولہ۔ تخم خرفہ ۲۰ تولہ۔ تخم خیارین ۵۵ تولہ زرشک ترش ۱۵ تولہ۔ گل سرخ ۷ تولہ۔ گل غافث ۳ تولہ۔ بیخ کاسنی ۴۰ تولہ۔ بیخ بادیان ۴۰ تولہ۔ برگ گل نیلوفر سفید ۵۰ تولہ صندل سفید ۷ تولہ۔ گاؤزبان سبز ۲۰ تولہ۔ خوبکلاں ۲۰ تولہ۔ بادیان ۳ تولہ۔ تخم پالک ۱۵ تولہ۔ عناب ۵ تولہ۔ آب پیٹھہ کدو کش ایکسیر پختہ۔ آب دراز کدو ایک سیر پختہ۔ پالک سبز ۴۰ تولہ۔ گاجر سبز ۲۰ تولہ۔ آب تربوز ایکسیر پختہ۔ شیر گاؤ بیلہ زنگ

تازہ ۲ سیر پختہ - حب الآس ۵ تولہ - کشنیز سبز ۵ تولہ دو چند وزن ادویہ کے عرق نکالا گیا - اسکو بجائے پانی ایک ہفتہ استعمال کرایا گیا - طاقت کیلئے عرق ارسطو مندرجہ نسخہ نمبر ۸ کتاب القصد بالتصویر صفحہ ۷۸ بقدر ۲ ماشہ دینا شروع کیا گیا اور دو تین گھنٹہ بعد سیاہ گائے کا دودھ منہ سے چوسنے کو کہا گیا - غذا میٹھہ کدو کش روغن گاؤ ایک تولہ میں پکا کر چپاتی سے اور کبھی دودھ چاول - دال مونگ - کبھی کدو سبز روغن گاؤ میں شوربا بنا کر دیا جاتا رہا - اس عمل سے ایک دو ہفتہ بعد مریض کا وزن ۴۵ سیر پختہ ہو گیا - اور چہرہ پر رونق اور بھوک لگنا جسم کا بڑھنا شروع ہو گیا -

کانفرنس کے پانچویں سالانہ اجلاس میں

جناب حکیم فضیل احمد صاحب بدایونی کی مجرّب دوا

(۷۴) **زخموں کیلئے اگن دھول بوٹی** قدرتی آمیزہ فارم ہے - یہ دوا موسم برسات میں پیدا ہوتی ہے اگست و ستمبر میں اکثر ریتلی زمین اور نشیبی زمین میں ملتی ہے - اسمیں صرف ایک ڈنڈی تقریباً چھ انچہ لمبی ہوتی ہے اور اسپر دو انچہ کا مخمل سے زیادہ نرم اور نہایت ہلکا پھیکے رنگ کا غباری پونڈا ہوتا ہے اور تھوڑے جھٹکے سے اسکا غبار جھڑتا ہے - ہندوستان کے ہر شہر یا مواضعات میں بکثرت پیدا ہوتی ہے - یہ جس حالت میں ہے اسی طرح اسکا تجربہ کیا گیا ہے - ہر قسم کے کھلے ہوئے زخموں کو بھی اسکا ہونا بیحد مفید ہے - اگر آگ یا تیزاب یا گرم تیل یا گرم پانی سے جل جاوے تو اس دوا کو جلے ہوئے موقعہ پر لگایا جاوے بہت جلد سوزش اور درد کو تسکین ہوتی ہے اور کسی قسم کا آبلہ نہیں پڑتا - اور زخم کے اچھا ہونے پر جلد پہ کوئی داغ نہیں رہتا - اکثر لوگ جو اس سے واقف ہیں اسکو استعمال کرتے ہیں - اسکے علاوہ چیچک کے ٹیکہ کے زخم کو اور ختنہ کے زخم کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے -

جناب پنڈت رام پرشاد صاحب شرما راج وید پٹیالہ کے تجربات

(۷۵) **بخار چوتھیہ و تیسرے دن کا** - سہدیبی کی جڑ - پتے وغیرہ پانچوں جز ۶ ماشہ اور تین سیاہ مرچ آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر پلانے سے ایک ہی دن میں دور ہو جاتا ہے -

(۷۶) **رکت پت** (خون اور صفرا کی خرابی) کی بیماری اچھی ہو جاتی ہے - ایکتولہ سبز دوب پیسکر ۵ تولہ پانی میں چھان لیں - ایکتولہ شہد ڈالکر پلائیں -

(۷۷) **سنگرہنی اتیسار** (اسہال) کا عارضہ کیتھ کی چھال ۹ ماشہ - بیلگری ایکتولہ کے جوشاندے سے رفع ہو جاتا ہے

(چھ) زخم نئے اور پرانے سب قسم کے صرف درخت بڑ کے دودھ کا پھاہا لگانے سے اچھے ہو جاتے ہیں۔

(سات) مالتی بسنت (تپ دق) کو دُور کرتا ہے۔ اُسکے مناسب موسم میں مناسب طریق سے استعمال کرنے سے (سب پر کارگر) ہر قسم کے کہنہ بخارات جیسے پھیپھڑے سے تعلق رکھنے والے بخار۔ کھانسی لیئے ہوئے اور کمزور انسانوں کے بخار دور ہوتے ہیں۔ لیکن دراصل معتبر طریقہ سے بنا ہوا ہونا چاہیئے۔ نسخہ یہ ہے۔

مصفیٰ ورق طلا ایکتولہ۔ موتی دو تولہ۔ شنگرف مصفےٰ تین تولہ۔ گول مرچ چار تولہ۔ کھپریا آٹھ تولہ ان سب کو ترکیب صحیح قاعدہ کے ساتھ شامل کر کے چار تولہ مکھن ملا دیں۔ بعد ازاں لیموں کا عرق ڈالکر اُس وقت تک گھونٹتے رہیں جبتک مکھن کی چکنائی دور ہو۔ پھر ٹکیہ بنا کر رکھ لو بس یہی بسنت مالتی رس ہے۔ لیکن اس میں جزو اعظم کھپریا ہے۔ اس کی جو حالت ہے وہ خیال کیجئے۔

کوئی سورت اور بمبئی کی بھٹیوں اور سونا ڈھالنے کی کٹھالیوں کی مٹی کو کھپریے کے نام سے ڈالتے ہیں اور کوئی سنگ بصری کو کھپریا کہتے ہیں۔ کوئی کانسی کے میل کو اور کوئی سنگ یشب کو زہر مہرہ کو اور کوئی کچھ دیگر قسم کی شئی یا پتھر کو ڈالتے ہیں۔ حقیقتاً کھپریا کیا ہے۔ یہ سب بسنت مالتی بنانیوالے نہیں جانتے۔ آپ شاستر کیطرف دیکھیئے (شلوک) بھاؤ پرکاش میں لکھا ہے کہ کھپریا نیلے تھوتھے کی ایک قسم ہے۔ اس رتن سموچے میں جسد کی جگہ رسک (کھپریا) مانا ہے۔ رس رتناکر۔ یوگ رتناکر۔ رسیندر چنتامنی۔ رس ہردیہ۔ رس منجری وغیرہ گرنتھوں میں جسد کا عرف نام کھپریا کہا ہے۔ اور کانسی پیتل وغیرہ بنانے کا طریق دیکھنے سے کھپریا جسد کا نام معلوم ہوتا ہے۔ ان کتابوں میں نیلے تھوتھے اور جسد کے عرف ہونے کا پتہ ملتا ہے۔ یا رسک ان دونوں سے علیحدہ ہی کوئی چیز معلوم ہوتی ہے جن مقامات پر اسکی ساخت لکھی ہے وہاں بتایا ہے کہ زرد رنگ کا پتھری دار مٹی کے موافق کھپریا بہترین ہوتا ہے۔ اور گڑ کے موافق اوسط درجہ میں ہوتا ہے اور پتھر کے مانند کھپریہ ناقص ہوتا ہے۔ یہ قسم بہترین کے بدل میں لیا جاتا ہے اس قول سے بھی کھپریا نیلے تھوتھے اور جسد سے جدا معلوم ہوتا ہے۔

کھپریہ اور پارہ کو جو وید قائم النار بنالیتا ہے۔ وہ کامل وید ہے۔ اس تحریر سے کھپریہ پارہ کی طرح آگ سے اڑ جانے والا معلوم ہوتا ہے۔ اب فرمایئے مالتی بسنت میں کونسا کھپریہ ڈالنا چاہیئے۔ اس قسم کی باتوں پر توجہ نہ کرنا ہی ویسی علاج کے ستانے کا سبب ہے۔

کھپریہ معدنی چیز ہے۔ وہ نیلے تھوتھے اور جسد سے علیحدہ ہے۔ کھپریا توتیا اور جسد کے نام کا عرف بھی ہے۔ لیکن حقیقتاً کھپریہ ان دونوں سے علیحدہ کان سے پیدا ہونے والا نیلے تھوتھے اور جسد کی کان کے نزدیک نکلنے والا خاص

ابرس ہے (اشلوک) تحقیق ہوتا ہے کہ کھپریہ کان سے پیدا ہونے والا آگ سے اُڑ جانے والا مٹی اور پتھر کی شکل کا ابرس (قسم پارہ) ہے۔ یہ دیکھنے میں سنگ یشب یا زہر مہرہ کے مانند ہوتا ہے۔ میں نے اسکو چار قسم کا دیکھا ہے۔ اگر اصلی کھپریا نہ مل سکے تو اسکے بدل میں مصنوعی کھپریا مالتی بسنت میں ڈالنا چاہیئے۔ اِس کی ترکیب یہ ہے۔

ایک پاؤ بھر میٹھا جسد کو ترپھلا (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ) کے جوشاندہ اور نیبو کے رس میں سات سات دفعہ بجھا کر شدھ (مصفےٰ) کرنے پر کڑاہی میں چڑھا کر اسکے نیچے تیز آنچ دے اور نیپال کا سفوف ڈالکر نیم کی لکڑی سے گھوٹتا رہے۔ کشتہ ہو جانے پر نیچے اُتار لے۔ اسمیں دسواں حصّہ شدھ کیا ہوا نیلا تھوتھا ملا کر نیم کے رس سے گھوٹے۔ پھر قرص بنا کر سراؤ سمپٹ (دو سکوروں کے گل حکمت) میں رکھ کر جلا دے۔ اسطرح دس دفعہ کرنے سے یہ شدھ بھسم (عمدہ کشتہ) ہو جائیگا۔ جسقدر کھپریا بسنت مالتی میں ڈالنا ہو اُتنا یہ بناوٹی کھپریا ڈالے تو بہت مفید ہوگا۔ اِس سے بہتر کوئی رس بخار تپ دق وغیرہ میں فائدہ مند نہیں ہوتا۔ اِس سے بہت پرانے بخار والے بیمار اچھے ہوتے ہیں۔ اس کھپریا سے بنائے ہوئے بسنت مالتی کی مقدار خوراک نصف رتی (سرخ) سے دو رتی تک ہے۔ جگر بڑھا ہوا ہو تو اس کی ہر ایک خوراک میں سنکھ بھسم (کشتہ سنکھ) بھی شامل کردے۔ اس کے اوپر گلوے کا خیساندہ پلانا چاہیئے۔ کھانسی میں ملے ہوئے پرانے بخار میں ستوپلادی چٹنی کے ساتھ دونوں وقت چاٹنا چاہیئے۔

جناب حکیم ابو تراب محمد عبدالحق صاحب جنرل سکرٹری لوکل طبی کمیٹی امرتسر کے مجربات

(۸۰) **نسخہ پچکاری برائے رفع بدبوئے بینی (ناک) یعنی قروح الانف**۔ برگ نیم۔ برگ شفتالو۔ برگ توت۔ بورہ گندم۔ افسنتین۔ برگ بکو۔ برگ حنا۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۳ تولہ۔ سافج ہندی ۱ تولہ۔ ان سب کو پانی میں جوش دیکر صاف کیا جائے۔ اور اس سے ناک میں تین دن پچکاری کیجائے اور سافج ہندی۔ گل ارمنی۔ مازو۔ گلنار زرد۔ ودع سوختہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرطان سوختہ ۴ ماشہ۔ کستوری ایکماشہ۔ بسد محرق ۷ ماشہ۔ ان سب کو باریک کرکے ناک میں ڈالا جائے جس سے بدبو اور زخم بینی دُور ہو جاتا ہے۔

(۸۱) **نسخہ حمیٰ مزمنہ**۔ اجزاء اور ترکیب نسخہ قدیمی صدری کے یہ ہیں۔ ہولشانی۔ سوہاگہ۔ شورہ قلمی۔ حرج۔ اسگندھ۔ نمک لاہوری۔ نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔ لہسن ۵ تولہ۔ ان سب ادویہ کو باریک کریں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر لہسن ۵ تولہ میں سے قدرے قدرے پانی ڈالتے جاویں۔ اور نیچے نرم نرم آنچ جلاتے جاویں۔ جب پانی تمام ختم ہو جاوے اور ادویہ پھول جاویں۔ تو باریک کرکے مثل سرمہ کے کھرل کریں۔ اور آنکھوں میں مثل کحل کے صبح و شام تین تین سلائی ڈالا کریں۔ فوراً بخار اُتر جائیگا

یہ نسخہ خصوصیت سے ازالہ بخار بلغمی و سوداوی و شطر الغب کیلئے بے نظیر ہے۔ اور حمیات اطفال کیلئے بھی ہمنے اسکو آزمایا اور مفید پایا ہے۔ فاحفظہ فانہ من الاسرار فانی استعملتہ کثیراً ووجدتہ نافعاً باذن اللہ تعالیٰ۔

(۸۲) **ایضاً برائے حمیات** مختلطہ صفراویہ و بلغمیہ و حمی مزمنہ مجرب بارہا **صفت** دوع یعنی سنکھ ۳ تولہ۔ خرمہرہ زرد ۳ تولہ ان دونوں کو علیحدہ علیحدہ برگ نیم سبز کے پتوں میں لغدہ کریں اور جائے محفوظ میں آگ دیویں کشتہ ہونیکے بعد طباشیر۔ کہربا زہر مہرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک۔ ست گلو۔ خرفہ۔ کاہو۔ الائچی خورد ہر ایک ایکتولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۷ ماشہ باریک پیسکر ۳ ماشہ ورق نقرہ حل کریں۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے۔ پرہیز از ترشی و بادی و سرخ مرچ۔ غذا ماء الشعیر و کھچڑی وغیرہ۔

(۸۳) **کشتہ ہڑتال ورقیہ** برائے ضیق النفس و سعال بلغمی و قوت باہ مجرب ہے۔ زرنیخ اصفر ایکتولہ کو شیر مدار میں آٹھ روز تک تر رکھیں اور پھر اسکو دس آثار اپلوں کی آگ خفیف دیویں۔ انشاء اللہ کشتہ ہو جائیگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ شربت زوفا۔ عرق گاؤزبان۔ عرق عنب الثعلب۔ عرق بادیان ہر ایک ۳ تولہ صبح و شام۔

(۸۴) **برائے ذیابیطس**۔ شنگرف ایکتولہ۔ پوست قشر بیضہ ۸ عدد میں کھرل کریں۔ جب گولی بنجاوے تو مٹی کی ڈولی بنا کر اسمیں بند کرکے ۲۰ آثار پختہ اپلوں کی آنچ دیدیں۔ اس سے کشتہ پوست بیضہ و شنگرف عجیب سفید رنگ کا نکلکر باریک کریں۔ اور اقاقیا ۱ تولہ و کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ طباشیر کبود ۱۰ ماشہ۔ تخم حماض ۷ ماشہ باریک ملا کر نگاہ رکھیں۔ خوراک ۳ چاول سے ۲ رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ و شیرہ مغز بادام ۲ دانہ صبح و شام کھایا کریں۔ ذیابیطس کے ہر درجہ کیلئے مفید ہے یہانتک کہ ذوبان اعضاء کے وقت پر بھی اپنا اثر دکھلاتا ہے۔

(۸۵) **قرص حقانی**۔ مجرب برائے فساد خون و نزلہ حار و سل و تپ دق و اسہال کبدی و معدی و معوی و خفقان از اسقاط و خفقان و غشی و سعال مزمن و درد شکم وغیرہ مجرب ہے **صفت** مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم تربوز۔ کتیرا۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ الائچی خورد ایکتولہ۔ نشاستہ بریاں ۸ ماشہ۔ تخم کاہو ۷ ماشہ۔ تخم بادیان ۷ ماشہ۔ (صدف صادق ۱۰ ماشہ محرق در لغدہ گاؤزبان ۷ ماشہ) گل گاؤزبان ایکتولہ۔ بورہ صندل سفید ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ ورق طلا ۲ ماشہ۔ یاقوت سرخ ۷ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ درونج عقربی ۵ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ افیون خالص ۷ ماشہ۔ سب کو حسب قاعدہ کھرل کریں۔ اور حبوب بمقدار موٹھ پانی میں بنا کر ہمراہ ادویہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔

حسب منشاء رزولیوشن نمبر ۵ اجلاس سوم ۱۳ئہ براہ راست کانفرنس کے صدر دفتر میں موصول ہوئے

جناب حکیم محمد اسرار الحق صاحب امروہی کے تجربات

(۸۶) **حب صبری**۔ مینے ان کو قبض دائمی و بواسیر بادی و نفخ شکم و گرانی و درد معدہ و اسعاد ضیق النفس میں

تجربہ کیا ہے۔ سہاگہ چوکیا بریاں - صبر زرد ساوی کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ میں ملاکر روغن بادام شیریں سے چرب کرکے گولیاں بنالیں ایک گولی بمقدار دو نخود شب کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے تناول فرماویں۔

(۸۷) **دستور العمل سوزاک مجرب** - اول تین روز یہ نسخہ استعمال کریں - آملہ خشک ۱۰ ماشہ - زرد چوب ۵ ماشہ نیم کوب کرکے شب کو پانی میں تر کرکے شبنم میں رکھدیں - صبح کو ہلاکر پانی اُتارلیں اور ڈیڑھ تولہ شہد ڈالکر تناول کریں چوتھے روز یہ سفوف طیار کریں اور سات روز استعمال کریں - گیرو ۲ تولہ - پھٹکری بریاں ۸ تولہ - دونوں کو باریک پیسکر تین تین ماشہ کی پڑیاں بنالیں - ایک پڑیہ روزانہ علی الصباح گائے کے دودھ سے - جس کی مقدار پاؤ سیر سے کم نہو ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔

(۸۸) **اکسیر بواسیر** - یہ دوا میری مجرب ہے - بادی و خونی دونوں قسم کی بواسیر میں چودہ روز یا اکیس روز استعمال کرنے سے مرض دُور ہوجاتا ہے - دو مریض امروہہ میں ایسے موجود ہیں جنکو یہ دوا کھلائی گئی اور سالہا سال سے آجتک انکو بواسیری شکایت نہیں ہوئی **صفت** ناگکیسر عمدہ جو گھنی ہوئی نہو آدھ پاؤ اور کنجد سیاہ مقشر کرکے سفید کئے ہوئے آدھ پاؤ دیکر باریک پیس لیں اور ساوی شکر خام ملاکر چودہ ماشہ مجموعہ سے لیکر ۲۱ ماشہ روغن گاؤ گرم میں ملاکر تناول کریں یا سفوف کھاکر اوپر سے گھی گرم پی لیا کریں - بادی و ثقیل اشیا سے پرہیز کریں۔

مجربات جناب حکیم عبد الکریم صاحب عباسی سند یافتہ الملقب عمدۃ الاطبا

پریسیڈنٹ انجمن ضیاء الاسلام حیدر آباد سندھ ٹیڑوا ڈا

(۸۹) **دوران سر** - وخشکی دماغ و صداع حار کا حکمی اور فوری علاج - تخم حنا تازہ باشد یا خشک باشد شش ماشہ ہر روز کوفتہ با یکتولہ شہد حل نمودہ تناول نمایند متواتر یک ہفتہ ہر طبقہ و موسم را مناسب است۔

(۹۰) **درد شقیقہ** مجرب صدہا مرتبہ کا آزمودہ - آب لیموں کاغذی قدرے گرم کردہ در گوش چکانند فوراً آرام آید۔

(۹۱) **دیگر** - تخم خرفہ کوفتہ در شیر زنے کہ دختر دارد تر کردہ بجائے درد طلا کنند نافع است۔

(۹۲) **درد سر ہر قسم خصوصاً** صفرا مجرب - زعفران دو درم - مازو دو درم در آب حل کردہ بر پیشانی طلا کنند۔

(۹۳) **برائے نزلہ** - اگرچہ دہ سالہ باشد فی الفور فائدہ دہد - برگ پان پنجاہ عدد - قرنفل چار عدد - افیون یکماشہ زعفران ۳ ماشہ جملہ اجزائے را خوب مالیدہ حب بمقدار نخود بندد - پس روغن گاؤ پنجتولہ مذکورہ حب در روغن داشتہ بر آتش دارند چوں حب بریاں شود بر آرند خوراک یک صبح یک شام در روغن دو قطرہ صبح دو قطرہ شب در بینی دہند مجرب۔

(۹۴) برائے فالج ولقوہ۔ غنچہ عشر ناشگفتہ یک تولہ۔ عاقرقرحا یکتولہ۔ زنجبیل فلفل گرد ہر ایک ۹ ماشہ شنگرف ۳ ماشہ جملہ کوفتہ سفوف سازند۔ ریوند چینی ۲ تولہ گرفتہ بر وز و شب در آب تر کردہ سفوف بالائی دراں لتہ نمودہ حب بندد یک صبح یک شام باب گرم بلع کند مجرب۔

(۹۵) نافع جمیع علل باردہ خصوصاً بجہت رعشہ فالج آزمودہ۔ زنجبیل۔ عاقرقرحا۔ حب السودا۔ قسط۔ فلفل۔ وج ترکی ہر یکے ۱ تولہ۔ سداب ۵ ماشہ۔ جنطیانا دہ ۴ ماشہ۔ زراوند مدحرج ۲ ماشہ۔ حب نغار۔ جند بیدستر ہر یکے ۳ ماشہ شیطرج ہندی ۹ ماشہ۔ خردل ۲ تولہ عسل سہ چند۔ روغن گل ۴ تولہ بطریقہ معلومہ معجون سازند۔ خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام بار العسل۔

(۹۶) روغن برائے فالج لقوہ وغیرہ امراض باردہ مجرب۔ شنگرف۔ غنچہ عشر ہر یک ۲ تولہ۔ کچلہ۔ جوزماثل سیاہ تار جیل ہر یک یکتولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ جملہ کوفتہ در یک آثار روغن سم بدستور روغن تیار کنند۔

نوٹ عاجز کا یہ مجرب ہے۔ چند مرتبہ تیار کیا ہے۔ ہر وقت تیار رہتا ہے۔

(۹۷) برائے رمد و سرخی چشم و سیلان اشک و درد مجرب۔ برگ لیموں نو برآمدہ نرم نازک باشد براں روغن گاؤ آلودہ نمودہ قدرے گرم کردہ بر پشت چشم گزارند پنج شش بار کنند انشاء اللہ فائدہ کثیر شود۔

(۹۸) برائے شبکوری۔ حلتیت را در آب حقہ حل کردہ دو سہ قطرہ وقت خواب در چشم اندازند فائدہ دہد۔

(۹۹) ایضاً۔ صابون یک درم در لعاب خود حل کردہ دو قطرہ در چشم کشند انشاء اللہ در اول شب فائدہ شود۔

(۱۰۰) برائے قروح گوش۔ محمود علاج است۔ زہرہ گاؤ نر ۲ تولہ عسل مصفے نیم تولہ باہم مخلوط نمودہ فتیلہ ساختہ در گوش رسانند فوراً فائدہ دہد۔

(۱۰۱) برائے درد گوش مجرب مکرر تجربہ رسیدہ۔ شیرہ اورک۔ شہد۔ نمک سنگ ہر ایک ایکتولہ۔ روغن کنجد ۳ تولہ حل نمودہ قدرے گرم کردہ در گوش چکانند فوراً آرام دہد۔

(۱۰۲) برائے گری گوش تجربہ شدہ۔ برگ سنبھالو۔ کیلہ بیخ۔ برگ چنبیلی۔ برگ عشر۔ بھنگرہ۔ شبرم۔ برگ بادنجان برگ تیلی۔ بیخ سہجنہ۔ زنجبیل تازہ۔ برگ کریلہ۔ جملہ مساوی وزن آوردہ ازاں شیرہ کشیدہ روغن کم ۹ ماشہ ہفت روز بدارند۔ روز ہشتم بر آتش ملائم جوش دادہ شیر مذکور سوزانند صرف بمالند یک یا دو قطرہ در گوش کنند مجرب۔

(۱۰۳) برائے درد گوش عمدہ است۔ پوست بیضہ مرغ دو عدد۔ فلفل اسود ۳ عدد ہر دو را تمام حل کردہ بدارند لیکن مانند غبار باشد وقت ضرورت سہ قطرہ عرق لیموں گوش کردہ یک رتی خاکہ بالا انداز ند مجرب است فوراً فائدہ کند۔

(۱۰۴) **برائے درد دندان** مجرب سنون است۔ تبتر سفید۔ گل انار۔ صدف سوختہ۔ ودع سوختہ۔ ابرک محرق۔ طباشیر۔ کوکنار۔ قنب۔ مازو ہر ایک ایکتولہ۔ مردار سنگ۔ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ توتیہ بریاں۔ زاج ابیض بریاں ہر ایک ۴ ماشہ۔ جملہ کوفتہ بیختہ سنون کند ایں نسخہ برائے تحرک اسنان ولثہ وامیہ را نیز مفید و مجرب است۔

(۱۰۵) **غرغرہ برائے خناق**۔ عناب ۶ عدد۔ کشنیز۔ کوسبز۔ جوانسہ ہر ایک ایکتولہ۔ برگ تُوت ۴ تولہ۔ عدس ۲ تولہ شربت توت ۲ تولہ قدرے جوش دادہ غرغرہ نمایند۔ قدرے نوشیدن نیز مفید است۔

(۱۰۶) **مرہم برائے آتشک مجرب**۔ رال سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ عبیر سُرخ۔ موم سفید۔ سیندور۔ کافور۔ شنگرف۔ مردار سنگ۔ تبتر سفید ہر ایک ایکتولہ جملہ کوفتہ پارچہ بیز کنند۔ پس روغن سم سم وموم گرم کردہ طریقہ معلومہ مرہم تیار نمودہ صبح شام لتہ بدارند۔ انشاء اللہ در ہفتہ عشرہ فائدہ شود۔

(۱۰۷) **برائے مجلوق وعنّی** ایں روغن مجرب است۔ بگیرند خوک جنگلی یکعدد۔ خراطین خشک ۲ تولہ۔ عروسک ۲ تولہ انگوزہ یک درم۔ جملہ اجزا در روغن کنجد تر کردہ در آتشی شیشی بذریعہ جنتر پتال روغن کشند۔ ازاں چہار رتی ہر روز طلا کنند تا دوازدہ روز مجرب است۔

(۱۰۸) **برائے دفعہ سرفہ وبخار ولاغری** آزمودہ شدہ۔ طباشیر کبود ۵ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ تج۔ تیزپات ہر ایک ۴ ماشہ۔ تالیس پتر ۱۱ ماشہ۔ برادہ صندل۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ ربالسوس۔ خس خوشبو۔ ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ گرچ خشک کتیرہ۔ ملیٹھی۔ کبابہ چینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کزبرہ خشک ۵۰۔ مغز تخم کدو۔ تخم کاہو مقشر۔ خشخاش ہر ایک ایکتولہ۔ جملہ کوفتنی کوفتہ بیختنی بیختہ باشکر سفید قوام کردہ معجون سازند۔ خوراک ۶ ماشہ یا حسب طبع دہند۔

(۱۰۹) **اکسیر چشم**۔ مثل بیاض چشم وگل چشم وغمام چشم وسیلان اشک وخارش عشا وضعف بصارت بلکہ تمام امراض چشم کا حکمی علاج ہے۔ زبد البحر۔ زاج ابیض۔ شورہ قلمی۔ نمک سنگ۔ نوشادر۔ توتیہ سبز ہر ایک ۵ تولہ۔ صمغ عربی ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک پیسکر چالیس تولہ افشردہ بوٹی ستیاناسی میں متواتر کھرل کریں۔ قابل گولی باندھنے کے ہو تب گولی مثال کنار دشتی باندھیں۔ وقت ضرورت امراض مذکورہ کے لیے تانبہ کے برتن میں گھسکر ایک سلائی ایک آنکھ کیلئے کافی ہے۔ رگڑتے وقت پانی ضرور ڈالیں۔ مجرب صد بار آزمودہ۔ عاجز کے یہاں ہر وقت مطب میں تیار رہتی ہیں۔

(۱۱۰) **حب کرامات۔ درد شکم۔ باؤ گولہ نفخ وقراقر وضعف معدہ**۔ ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ عاجز کا مجرب ہے اور بے خطا۔ **صفت**۔ پوست ہلیلہ زرد۔ دانہ الائچی خورد۔ زیرہ سفید۔ کمون۔ سہاگہ بریاں۔ نمک اسود۔ نانخواہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سیاہ۔ انگوزہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۴ ماشہ۔ قرنفل

فلفل سیاہ - دار چینی - ہر ایک ۳ ماشہ - تین عدد لیموں کاغذی کے رس میں گولیاں تیار کریں - مناسب طرح اور مناسب ہر رقبہ سے استعمال کریں - عاجز کا تجربہ صرف پانی سے ہے -

(۱۱۱) حب برائے جریان منی و اسہال کثیر وزحیر صادق - عاجز کا مجرب ہے - سہاگہ بریاں شادنج مغسول ہر ایک ۲ ماشہ - شنگرف رومی ۱۰ ماشہ - افیون ایکتولہ - جملہ اجزا کو لیموں کے رس کے ساتھ کھرل میں سحق کریں - حب مقدار نخود تیار کریں - وقت ضرورت دو حب کھائیں -

(۱۱۲) حب برائے سنگ گردہ و مثانہ - سہاگہ تیلیہ - شورہ قلمی - صبر سقوطری - فلفل اسود ہر ایک ۲ ماشہ - حجر الیہود ایکتولہ - آب کوار گندل (ایریال) کے رس میں گولیاں فلفل کے برابر بنا کر ایک صبح ایک شام کھاویں -

(۱۱۳) مسہل مخرج اخلاط ثلاثہ بلا تکلیف - حب سلاطین مدبر ۳ تولہ - گل سرخ ایکتولہ - کتیرا ایکتولہ اصل السوس مقشر ۱۰ ماشہ کوٹ کر قرص مقدار ناخن نر انگشت بنائیں - ایک قرص ہر ایک طبع کا پورا مسہل ہے - اگر بلغم کا اخراج مطلوب ہو تو مصری کے شربت سے کھلائے - اگر صفرا مطلوب ہو تو آب تمر ہندی کے سرد پانی سے کھلائے اگر سودا مطلوب ہو تو آش جو سے کھلائے -

جناب حکیم سید عباس علیشاہ صاحب ترنتارن ضلع امرتسر کے مجربات

(۱۱۴) برص ابرص یعنی پھل بہری کی مجرب دوائی - جس جگہ بدن پر داغ سفید ہو اسمیں سوئی چبھو کر دیکھو خون نکلتا ہے یا پانی - جس داغ سے پانی نکلے وہ لا علاج ہے - جنہیں سے خون نکلے اسکا علاج کرو - حب سلاطین ۴ رتی روزانہ چالیس روز تک کھلانا چاہیئے - ہمراہ اس کے کالی زیری ایک تولہ کو شکر پانی حسب حاجت ڈالکر پلایا کرو - چالیس روز میں پھل بہری جاتی رہیگی - غذا آب نخود یا شوربا پرندہ جانوروں کا مصالحہ گرم ڈالکر اور نان گندم - پرہیز - دودھ دہی و چھاچ اور اشیاء بلغم افزا لقولات منع ہے -

(۱۱۵) برائے قوبا مجرب - ایک نباتی بوٹی ہے - ہندی میں اسکو دھما ہیہ کہتے ہیں مشہور ہے کانٹے والی بوٹی ہے - دھما ہیہ ایکتولہ - پانی حسب حاجت ڈالکر چھان کر تو باوالے بیمار کو ہر روز نہار پلاؤ کل فساد خون کی دموی بیماریاں جاتی رہیں گی - گرم وخشک و سودا انگیز اشیا سے پرہیز کرنا چاہیئے - غذا مرغن و نان گندم کھلائی جاوے - دو ماہ تک بیمار کو استعمال کرانی چاہیئے -

(۱۱۶) برائے چنبل - پاؤں کے اوپر سے پنڈلی تک زخم پڑ جاتے ہیں اور زرد آب ٹپکتا ہے - خارش بہت

ہوتی ہے۔ اسکو ہندی میں چنبل کہتے ہیں۔ ٹالی کی سک سیاہ (شیشم کی اندرونی سک سیاہ) لیکر پتال جنتر کرکے اُسکا تیل نکالکر اُوپر چنبل کے لگادو۔ زخم سب خشک ہوجاوینگے۔

(۱۱۷) دیگر خارپشت کا چمڑا ۱۰ تولہ۔ روغن تل ۲۰ تولہ دونوں کو کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھدو۔ جب چمڑا جلجاوے اُسمیں سبز توتیا ۲ ماشہ ملاکر لوہے کے دستہ سے پیسکر چینی کے برتن میں رکھدو۔ مانند مرہم ہوجاویگا اوپر چنبل کے لگادو۔ ایک ہفتہ تک زخم سب خشک ہوجاوینگے۔

مجربات جناب حکیم سید بندہ حسین صاحب حشر دھولپوری

(۱۱۸) **دافع سدر و دوار**۔ کشنیز خشک۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ نبات سفید ۲ تولہ تبرید بناکر نوش کریں۔

(۱۱۹) **اوجاع مفاصل کیلئے**۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سورنجان شیریں۔ صبر زرد ہر ایک ۳ ماشہ پیسکر روغن بادام یکماشہ سے چرب کرکے گولیاں گرم پانی میں بناکر شب کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ دو ہفتہ کے متواتر استعمال سے بالکل صحت ہوجاتی ہے۔

(۱۲۰) **تپ کہنہ کیلئے**۔ گلوے سبز ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۴ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ نبات سفید ۱۰ ر حسب معمول شربت ایک بوتل کرلیں ۲ تولہ روزانہ وقت صبح آب تازہ کے ساتھ استعمال کریں۔

(۱۲۱) **اختناق الرحم** کیلئے معجون نجاح مفید ہے۔ **صفت**۔ آملہ مربی دو عدد۔ گل سرخ۔ کشنیز۔ گل گاؤزبان صندل مسحوق بگلاب۔ زہر مہرہ سودہ ہر یک دو درم۔ طباشیر۔ بہمنین۔ گل نسرین۔ زرنباد۔ کبابہ۔ ابریشم مقرض درونج عقربی ہر یک یکدرم۔ عود ہندی۔ سنبل الطیب۔ مصطگی ہر یک نیمدرم کوفتہ بیختہ بگلاب و عرق کیوڑا سہ چند قند بقوام آرند وادویہ سرشند واگر دوچند قند گیرند و یک چند شربت انار شیریں بہتر باشد۔

حسب ذیل ادویات تپ لرزہ و غب خالص کے روکنے میں کونین کا اثر رکھتی ہیں

(۱۲۲) پھٹکری بریاں۔ نبات سفید ایک ایک ماشہ سفوف بناکر تین گھنٹہ پیشتر وقت نوبت سے استعمال کریں۔

(۱۲۳) غنچہ مدار قند سیاہ میں لپیٹ کر قبل از نوبت کھائیں۔

(۱۲۴) خوبکلاں ۶ ماشہ شربت نیلوفر ۲ تولہ کیساتھ پاؤ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہجاوے بغیر چھانے نوش کریں

(۱۲۵) ست گلو۔ بنسلوچن۔ دانہ الائچی سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ نبات سفید ایک تولہ باریک پیسکر چار پڑیاں بنائیں۔ ایک پڑیہ روزانہ ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

فولاد - جدوار خطائی - مومیائی اصلی - مشک خالص - عنبر اشہب - ورق طلا - ہر ایک ایک ماشہ ورق نقرہ - ماہی روبیان - جوز بویہ - مایہ شتر اعرابی ہر ایک ۲ ماشہ - ریگ ماہی - خراطین مصفا - بیر بہوٹی - مغز پستہ - مغز بادام - مغز سر کنجشک نر - زعفران عمدہ - عقرقرحا - صدف صادق - شاخ مرجان - مصطگی رومی - عود صلیب - ثعلب مصری - شقاقل مصری - بہمن سرخ و سفید - زنجبیل ہر ایک ۲ ماشہ کوفتہ ہمہ را در عرق بادیان و عسل خالص حبوب بقدر نخود - بوقت ہر دو ہمراہ شیر گاؤ بخورند یک عدد -

(۱۳۳) **نسخہ طلاء اکسیر** - جو ایک بزرگ صاحب سے عرصہ تک خدمت کرنے کے بعد حاصل ہوا - بزرگ صاحب کے تعریف فرمانے کے موافق تو ایک صفحہ کی ضرورت ہے - غرضیکہ ہر قسم کے نامرد کو حکمیہ و خرطیہ مفید ہے - اور مجلوق کے تمام امراض کی لاغری و کجی و غیر ہمواری - کاہلی وغیرہ کے رفع کرنے میں اکسیر ہے - جبکار وزاول ہی اثر معلوم ہوتا ہے -

مغز سر گدنر جوان کہ آنرا کس ہم میگویند کہ سر او سرخ باشد یکعدد - در شراب برانڈی یک پہر خوب حل کنند - پس خراطین مصفا - بیر بہوٹی نو - ریگ ماہی ہر ایک ۲ تولہ - جوز بویہ - جند بیدستر - حلتیت اصلی ہر ایک ا تولہ ہمہ را خشک باریک سائیدہ ہمراہ مغز یکجا حل کنند چوں حل شود ہمراہ زردی بیضہ مرغ بقدر ضرورت حبوب بندند - پس بطریق معمول روغن کشند چوں روغن برآید دراں حلتیت اصلی - جند بیدستر - مومیائی خالص - سافٹ پل آف فاسفورس خشک ہر ایک ۳ ماشہ حل کردہ بیامیزند و نگہدارند - بوقت ضرورت قدرے بکار برند -

(۱۳۴) **حبوب تپ** کہ ہر قسم باشد - جدید و کہنہ و تپ ولرزہ و باری و حمی دقی را سود مند ہست و بدل کونین است کہ گرمی و خشکی نہ کند مجرب است - **صفت** برگ نورستہ نیب سبز - پوست اندرون نیب - ثمر نیب تازہ - چرائتہ گل غافث - تخم کشوث اصلی - قسط تلخ - مویز منقی ہر ایک ۲ تولہ - گاؤ نیب تازہ ۴ تولہ - گاؤزبان - گل بنفشہ - فلفل سیاہ ہر ایک ایکتولہ ہمہ را کوفتہ در سہ پاؤ آب بجوشانند - چوں چہارم بماند مالیدہ صاف نمودہ باز بپزند - چوں مثل رب شود نگہدارند - پس شکاعی - باداورد - تخم کشوث - خاکشی - گل غافث - برگ ببول خشک - زیرہ سفید - دارفلفل خورد - ست گلو اصلی - طباشیر - ہر ایک ایکتولہ - مغز تخم کرنجوہ ۲ تولہ - دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ - ہمہ را خشک باریک سائیدہ ہمراہ رب تیار شدہ حبوب بقدر نخود بندند - بوقت صبح و شام و سہ پہر یک یک حب ہمراہ عرق گاؤزبان - ۱ تولہ - شربت بنفشہ ۲ تولہ برائے طبیب ہند

جناب حکیم ڈاکٹر شفاعت علی صاحب عرف اختر علی بخاری شاہجہان آباد بھوپال کے مجربات

(۱۳۵) **نسخہ منجن موسوم بہ اختر و نداں** - مازو - مصطگی رومی - بھلادہ - خاک کجلہ ہر ایک ۲ تولہ - عاقرقرحا -

سرخ پھٹکری بریاں - مرچ سیاہ - الائچی کلاں - کتھ سفید ہر ایک تولہ - چھالیہ جہازی - چھال اخروٹ - چھال ببول
سیلکھڑی سفید - ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچتولہ کوفتہ بیختہ منجن بسازند - برائے جنبیدن دنداں و سیلان الدم و درد وغیرہ مفید است

(۱۳۶) **نسخہ دافع طحال** - نوشادر - سہاگہ - نمک سیاہ - زیرہ سیاہ - ایلوہ - بموزن باریک سائیدہ بقدر ۲ رتی
حبوب سازند - مقدار خوراک ہر روز سہ بار سہ حبوب بخورند

(۱۳۷) **نسخہ برائے ابتدائے جریان و ممسک** - مغز تخم تمر ہندی - تالمکھانہ - پھلی ببول - مغز خستہ جامن - نخود بریاں
مقشر ہر ایک ۶ ماشہ - رال سفید ۳ ماشہ - شکر سفید ہموزن نسخہ آمیختہ سفوف سازند ہر روز یکتولہ ازیں ہمراہ شیر گاؤ سہ بار بخورند

(۱۳۸) **نسخہ برائے وجع مفاصل** - سنبل الطیب - اکلیل الملک - تخم خطمی - گل بابونہ - تخم کتاں ہر ایک ۶ ماشہ - قسط
تلخ - سورنجان تلخ ہر ایک ۳ تولہ شب در آب تر داشتہ - صبح جوش دادہ مالیدہ صاف نمودہ روغن کنجد ۶ تولہ آمیختہ باز
بر آتش گزارند کہ آب بسوزد و روغن بماند پس نیمگرم بمالند -

(۱۳۹) **نسخہ روغن برائے ذات الجنب مجرب** - گل بابونہ - اکلیل الملک - بنفشہ - تخم خطمی ہر ایک ۶ ماشہ در آب
جوشدادہ صاف نمودہ آب برگ شبت ۵ تولہ - روغن گل ۳ تولہ - موم زرد ایکتولہ باہم گداختہ آمیختہ بر آتش گزارند چوں
روغن بماند فرود آوردہ - افیون ۱ ماشہ - زعفران ۱ ماشہ سودہ نافع است -

(۱۴۰) **نسخہ برائے شقاق دست و پا** - آب برگ کاسنی سبز - آب برگ حنا سبز - آب برگ مکوہ سبز ہر ایک ۳ تولہ
روغن کنجد ۵ تولہ آمیختہ بر آتش گذارند کہ آب سوختہ روغن بماند - پس روغن خشخاش ایکتولہ آمیختہ طلا سازند -

(۱۴۱) **نسخہ برائے درد ہر قسم** - بابونہ - برگ حنا خشک - گل سرخ - اکلیل الملک - سنبل الطیب - تخم خطمی - سورنجان تلخ
دیودار - دارلیلد - ہر یک یکتولہ در یکنیم آثار آب تر داشتہ صبح جوشانیدہ ہر گاہ یک ثلث آب باقی ماندہ مالیدہ صاف
نمودہ پاؤ آثار روغن کنجد آمیختہ باز جوش دہند ہر گاہ آب خشک شود و روغن باقی ماند از آتش فرود آوردہ بدارند و استعمال نمایند

(۱۴۲) **روغن برائے درد گردن** - مرمکی - میعہ سائلہ - جند بیدستر - سورنجان تلخ - سورنجان شیریں ہر ایک ۳ ماشہ
باریک سودہ در روغن کنجد ۳ تولہ - چوؤ اگر ۳ تولہ آمیختہ نیمگرم نمودہ طلا سازند -

(۱۴۳) **روغن برائے بثور** - برگ نیب - برگ پاک - برگ خرفہ - برگ بکاین - برگ شاہترہ - برگ حنا ہر ایک ۳ تولہ
چرائتہ - منڈی - کمیلہ - آملہ - مردار سنگ - پوست ہلیلہ ہر ایک ایکتولہ کوفتہ یکجا بستہ روغن کنجد - گلاب خالص - سرکہ خالص
ہر ایک ۱ سار آمیختہ بر آتش گذارند کہ آب معہ تکیہ سوختہ گردد - روغن تخم خشخاش - روغن تخم کدوئے شیریں ہر یک یکتولہ آمیختہ بمالند

(۱۴۴) **روغن باہ** - یک یک ماشہ تا سہ یوم طلا کافی ست - ہڑتال طبقی - زعفران - سم الفار - شنگرف - خراطین خشک

زلو خشک ہر ایک ۲ تولہ - زردی بیضہ مرغ ۸ عدد - حسب معمول بکشند - کنند

(۱۴۵) **دیگر مقوی باہ** گھونگچی سفید ایکتولہ - جز و بندہ ایکتولہ کوفتہ بیختہ بطریق معمول روغن کشند یک سینک طلا ما

(۱۴۶) **روغن فلفل گرد** برائے وجع مفاصل و گرفتگی اعضا بعد تنطیل مجرب است - فلفل گرد - عقرقرحا - ہر ایک ۳، ماشہ - چرائتہ - سنبل الطیب - مرزنجوش - قرد ماما - مالکنگنی ہر یک ۴، ماشہ - کوفتنی کوفتہ شب در شراب ترکردہ صبح جوش دادہ کہ نصف بماند صاف نمودہ روغن زیتون انداختہ باز بر آتش گزارند کہ روغن بماند - پس فرفیون ۴، ماشہ - جند بید ستر ۴، ماشہ باریک سائیدہ آمیختہ حل نمایند و مالش کنند -

(۱۴۷) **نسخہ برائے درد اعضا مجرب** - عیون الدیگ ۵ تولہ پوست دور کردہ یک شبانہ روز در آب تر داشتہ - روغن کنجد - مار آمیختہ جوش دہند کہ گھونگچی مذکور سوختہ گردد - پس نمک سانبھر ۱۰، ماشہ آب چاہ آمیختہ در ظرف آہنی بر آتش گزارند کہ آب و نمک سوختہ گردد - روغن بماند پس نیگرم بمالند -

جناب حکیم بابا سوبھا رام صاحب چک ۵۵ بابا بکا خاص ضلع لائلپور جھنگ برانچ کے مجربات

(۱۴۸) **دافع حمیات موسمی باری** - سیماب - گندھک - سمندر جھاگ - شورہ قلمی ہموزن ادرک کے رس میں کھرل کرکے حبہ برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی باسی پانی سے یا بدرقہ مناسبہ سے دیویں -

(۱۴۹) **مقوی طلاء** - کچلہ مدبر - حب السلاطین مدبر - میٹھا تیلیہ مدبر - بیج کنیر سفید - چیتہ سفید - عقرقرحا - جائفل - لونگ - دارچینی - ان کو بکری کے دودھ سے آٹھ پہر متواتر کھرل کرکے بطریق پتال جنتر روغن نکالکر قدرے مالش کرکے برگ پان باندھیں - شب رات کے ہونے پر روغن بیضہ مرغ کا استعمال کریں - دو تین دفعہ کے استعمال سے اعلیٰ درجہ کا فائدہ ہوتا ہے -

(۱۵۰) **خونی بواسیر** - خواہ کتنا ہی کیوں نہ آتا ہو اور درد اور قبض سے مریض لاچار ہو - تخم سرس ایکتولہ باریک کوٹ چھان کر بطور سفوف پھانک کر اوپر سے پانی باسی یعنی رات کا پلاویں - دوسرے روز قبض رفع درد دور اور خون مدارد ہوگا - اعلیٰ درجہ کا تجربہ ہے -

(۱۵۱) **نسخہ مخصوصہ جمیع امراض معدہ و کبد** خواہ ریحی ہو یا ورمی اور اقسام اسہالات خواہ دوریہ ہوں خواہ ذوالسنطاریہ کبدی معوی اور دردوں ہر قسم اور کثرت ریاح معدی یا رحم یا طحالی خواہ کسی قسم سے ہوں انکے دفع کرنے میں اکسیر اعظم ہے **صفت** - ہڑ - بہیڑہ - آملہ - اجوائن - دارچینی - سونف رومی - سونٹھ - سہاگہ - نوشادر ہر ایک ایکتولہ

خبث الحدید مدبر ایک سیر پختہ۔ کنوار گندل کا پانی چار سیر۔ شراب عمدہ دو سیر۔ دہی ایک سیر۔ سب کو ملا کر ایک برتن مستعمل میں ڈالکر منہ بند کرکے گھوڑوں کی لید میں ۱۲ روز دفن کریں۔ بعدہ نکالکر چھان کر بوتلوں میں بند رکھیں خوراک ۳ تولہ صبح شام۔ ہر چند صلابت شکم کتنی ہو فوراً دور ہو جاویگی۔ تین ہفتہ میں قطعی فائدہ ہوتا ہے۔

جناب حکیم میر محبوب حسن صاحب بہاری مقام ارریہ ضلع پورنیہ کے مجربات

(۱۵۲) نسخہ سرمہ جالا ماڑا دھند ضعف بصارت وغیرہ کو مفید ہے۔ سرمہ ۲ تولہ سنگ بصری ۵ ماشہ۔ گوریا کی بیٹھ کی سفیدی ۱ ماشہ۔ سانڈہ کی بیٹھ کی سفیدی ۱ ماشہ لیکر عرق بھنگرہ سبز میں ترکرکے حل کریں یہانتک کہ خشک ہو جاوے پھر عرق مذکور ڈالکر حل کریں۔ اسیطرح ۴ مرتبہ کریں پھر چاندی یا سونا یا سیسہ کی سلائی سے لگاویں۔

(۱۵۳) نسخہ حب کہ اسباب سل و دق خشک کھانسی و نزلہ کو مفید ہے۔ صمغ عربی۔ رب السوس کتیرا۔ شکر تیغال۔ بسد محرق۔ اقاقیا۔ کہربا شمعی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مغز کدو شیریں۔ مغز تخم میٹھا۔ مغز تخم خربزہ۔ تخم خرفہ۔ بہدانہ شیریں۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۴ ماشہ۔ افیون ۶ سرخ۔ زعفران ۳ سرخ۔ گل ٹیپا۔ گل کدو اگر دستیاب ہو ۴ ماشہ کافور ۱ ماشہ۔ سب دواؤں کو سفوف کرکے لعاب بہدانہ شیریں میں بقدر چنے کے گولیاں بناویں۔ ایک ایک گولی منہ میں رکھکر لعاب پیویں۔

(۱۵۴) نسخہ لعوق سل دق خشک کھانسی کو مفید ہے۔ کوکنار مسلم۔ گولر خام ہر ایک ۹ عدد۔ گیہوے سبز اصل السوس مقشر ہر ایک ۴ ماشہ۔ تخم خرفہ۔ تخم پالک ہر ایک ۴ ماشہ۔ برگ اڑوسہ سبز ۳ تولہ۔ برگ بید سیاہ ۹ ماشہ۔ سپستان ۱۱ دانہ عرق گاؤزبان ۸ سیر میں شبانہ روز ترکرکے جوش دیں۔ ملکر چھان کر مصری ۵ تولہ ڈالکر قوام کریں۔ شیرہ تخم خشخاش سفید ۱ تولہ شیرہ مغز تخم کدوے شیریں ۱ تولہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ شکر تیغال۔ سنا۔ روس۔ تخم باقلا ہر ایک ۳ ماشہ سفوف کرکے داخل قوام کرکے لعوق تیار کریں۔ خوراک ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ۔

(۱۵۵) نسخہ دمہ و کھانسی بلغمی وغیرہ۔ پوست بیخ مدار ۴ ثار صاف کرکے ایک مٹی کی ہانڈی میں نصف نیچے و نصف اوپر کو پوست مذکور کے درمیان گیہوں ۱ ثار۔ تازہ پانی ۳ ثار ڈالکر ایک سرپوش سے منہ بند کرکے آنچ دیویں یہانتک کہ پانی سوکھ جائے۔ مگر گیہوں وغیرہ جلنے نہیں پاویں۔ اتار کر گیہوں کو نکالکر سکھا کر سفوف کریں اور یہ سب دوا ذیل باریک کرکے ملائیں۔ خولنجان۔ کاکڑا سینگی۔ بادیان ہر ایک ۲ تولہ۔ جبا خیر ۴ تولہ۔ اجوائن دیسی مدبر ایکتولہ۔ مصری ۱ ثار۔ خوراک ایکتولہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیان یا نیمگرم پانی۔

(۱۵۶) نسخہ حب مقوی معدہ مقوی اشتہا کاسر ریاح دافع نفخ وغیرہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ بابڑنگ

نمک سیاہ - نمک کانچ - نمک مولی - نمک لاہوری - بادیان - مغز تخم انبہ خشک ہر ایک ایکتولہ - کالی زیری - اجوائن دیسی ہر ایک ۶ ماشہ - ہلیلہ سیاہ نصف دمبر حبشی نصف - دبار چرنگ نصف - کالی زیری نصف - اجوائن نصف بریاں کریں سب کو سفوف کرکے چک انار ترش میں برابر مٹر کے گولی بناویں - خوراک ایک تا چار گولی ہمراہ عرق بادیان -

(۱۵۷) **نسخہ حب آتشک لاجواب** قرنفل معہ پھول ۱۲ عدد - مرچ سیاہ ۱۲ عدد - عاقرقرحا - سکھپور گورکھپوری پیسہ بھر - قدرے عرق زنجبیل تازہ وقدرے عرق بھنگرہ بہر - سب دواؤں کو دونوں عرق میں حل کرکے اکیس گولیاں بنادیں - ایک گولی روز صبح کو باسی پانی کے ہمراہ کھاویں - دہی و ترشی سے پرہیز کریں - اگر زخم آتشک ہو تو مرہم کی ضرورت نہیں اور کوئی خوف بھی نہیں بے ضرر ہے -

(۱۵۸) **مرہم آتشک** - مازو سبز - منفل ان دونوں کو برابر لیکر چور کرکے قدرے توے پر بریاں کریں و سفوف کرکے مکھن میں حل کرکے مرہم طیار کریں اور اگر اسی کو قدرے سخت رکھیں اور بقدر ایکماشہ گولی بناکر روز صبح کو باسی پانی کے ہمراہ کھاویں از حد مفید ہے -

(۱۵۹) **نسخہ حب سوزاک** - اصل السوس مقشر کو سفوف کرکے چھان کر بیروزہ خام پگھلا کر ملا کر عناب سے چھوٹی گولی بنادیں اور ایک گولی روز صبح کو - مار شیر گاؤ اگر میسر ہو ورنہ باسی پانی کے ہمراہ کھاویں لال مرچ سے پرہیز

(۱۶۰) **نسخہ حب جذام** - پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ - مغز بادام شیریں ۶ تولہ - صبر سقوطری ۳ تولہ گھیکوار کے گودے میں تین بار حل کریں - بڑی مٹر کے برابر گولی بناکر خشک کریں - خوراک ۲ گولی -

(۱۶۱) **نسخہ سفوف جریان** - زیرہ سفید ۴ تولہ سفوف کرکے برگد کے شیر میں تر کریں ہر روز صبح کو بقدر ۴ ماشہ ہمراہ پانی باسی کے کھاویں - اگر شیر خشک ہو جائے تو اضافہ کریں - ترشی سے پرہیز -

(۱۶۲) **نسخہ درد مفاصل** - مغز حرمل - سم الفار سفید ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ سفوف کرکے پاؤ سیر بھیڑی کے دودھ میں حل کریں یہانتک کہ خشک ہو جاوے - پھر برابر کالی مرچ کے گولی بنادیں ایک گولی صبح و ایک گولی شام بالائی میں لپیٹ کر کھاویں - غذا مرغن کھاویں - تقویت باہ میں بھی اکسیر ہے -

جناب حکیم محمد الطاف صاحب انصاری امروہہ ضلع مراد آباد کے مجربات

(۱۶۳) دوائیکہ تپ دق را مفید است - ورق نقرہ یکعدد - خمیرہ صندل ۴ ماشہ را حل کردہ بخورند بالائش عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ - شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند -

(۱۶۴) ایضاً۔ صندل سفید ایکماشہ در عرق کیوڑہ ربپاؤ۔ شیرۂ دانہ ہیل ۲ ماشہ۔ شیرۂ مغز کدو شیریں۔ شیرۂ مغز بیٹھ ہر ایک ۵ ماشہ اضافہ نمودہ شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔

(۱۶۵) ایضاً۔ طباشیر۔ ست گلو۔ رب السوس۔ ہر ایک نیم ماشہ کھرل کردہ بعوق با قلا ۲ تولہ سرشتہ ورق نقرہ یکعدد حل کردہ بخورند۔ تپ دق و سرفہ خشک را مفید آید۔

(۱۶۶) ایضاً۔ ورق نقرہ یکعدد و مربائے سیب ۲ تولہ حل کردہ بخورند۔ بعدہ یشب سبز ۱ ماشہ با عرق گاوزبان ۱۰ تولہ سائیدہ شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔

(۱۶۷) ایضاً۔ ورق نقرہ یکعدد۔ خمیرہ صندل ۴ ماشہ بعوق باقلا ۱ ماشہ حل کردہ بخورند۔ تپ دق و سرفہ خشک مفید آید۔

(۱۶۸) ایضاً۔ طباشیر۔ ابریشم خام۔ دانہ ہیل ہر ایک ۱ ماشہ سحق نمودہ اول بخورند بعدہ عرق بید مشک ۵ تولہ شربت سیب ۲ تولہ آمیختہ بنوشند

(۱۶۹) ایضاً۔ ورق نقرہ یکعدد و خمیرہ صندل ۳ ماشہ مربائے سیب ۲ تولہ حل کردہ بخورند۔ بعدہ عرق گاوزبان ۱۰ تولہ۔ شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔

(۱۷۰) دیگر اسہال آید مثل آب تفریح مطلوب باشد۔ زہر مہرہ خطائی ۱ ماشہ۔ یشب سبز ایکماشہ بگلاب ۵ تولہ سائیدہ شربت انار شیریں ۲ تولہ آمیختہ بنوشند مجرب است۔

(۱۷۱) ایضاً۔ ابریشم خام مقرض ۱ ماشہ۔ دانہ ہیل ۱ ماشہ۔ رب السوس آدہ ماشہ سحق نمودہ شربت خشخاش ۲ تولہ سرشتہ بنوشند مجرب است۔

(۱۷۲) دیگر سفوف بجہت مسہل مجرب است۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ انجبار۔ رب السوس ہر ایک ایکماشہ۔ مغز کدو شیریں۔ مغز خیارین۔ خشخاش سفید ہر ایک ۳ ماشہ کوفتہ بیختہ سفوف سازند۔ ۵ ماشہ ازیں خوردہ عرق گاوزبان ۱۰ تولہ۔ تخم بارتنگ پاشیدہ۔ شربت انجبار ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔

جناب حکیم محمد اصلح صاحب مارہرہ ضلع ایٹہ کے تجربات

(۱۷۳) احتلام و سرعت و نخیرہ۔ گوندڈھاک۔ گوند کیکر ببولی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیمبھل۔ تالمکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔ مصری ہموزن ملادی جاوے۔ ایکتولہ روزانہ بوقت صبح دودھ گاؤ شیر گرم کیساتھ کھانا چاہیئے۔ تین ہفتہ استعمال کرایا جاوے۔ فوائد۔ احتلام۔ سرعت۔ ضعف دماغ وغیرہ جملہ شکایات رفع ہوجاتی ہیں۔ مادہ منوی کی تولید زیادہ باہ میں ازدیاد ہوتا ہے۔

(۱۷۴) **روغن بہروزہ دافع سوزاک** - بہروزہ قسم اعلیٰ ۲ ماشہ - موم زرد خالص ۲ تولہ - کباب چینی ۱ تولہ - کوٹ چھان کر بہروزہ و موم ملاکر بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کر لیا جائے - دو یا تین قطرہ بتاشہ میں ڈالکر لسی شیر گاؤ کیساتھ صبح کے وقت کھایا جائے - استعمال ایک یا دو ہفتہ ہونا چاہیئے -

(۱۷۵) **روغن ہر قسم کے درد کان کیلئے مفید ہے** - عرق پیاز - عرق برگ پودینہ سبز ہر ایک ۲ تولہ روغن کنجد ۴ تولہ ملاکر حسب دستور عرقیات جلائے جائیں - جب روغن رہجائے صاف کرکے ایک دو قطرہ نیمگرم کان میں ڈالیں -

(۱۷۶) **روغن عقرب کہ سنگ مثانہ کو پارہ پارہ کرکے خارج کرتا ہے** - ریوند چینی - سعد کوفی - پکھان بید - پوست بیخ کبر ہر ایک ۱۲ تولہ - روغن بادام تلخ یک رطل دواؤں کو کوٹ چھانکر مع روغن شیشہ میں ڈالکر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں بعدہ چھان کر عقرب زندہ ۱۰ عدد حسب دستور شیشہ میں ڈالکر منہ بند کرکے پھر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں - اسکے بعد دو قطرہ احلیل میں ٹپکائیں -

جناب حکیم محمد عبد العزیز صاحب طبیب سیالکوٹی کے مجربات

(۱۷۷) **حلوائے بادام** - تقویت دماغ اور گردوں کیلئے نہایت مفید - مولد و مغلظ منی اعلےٰ درجہ کا مبہی و ممسک و مقوی دافع درد کمر جو ضعف کلیہ و کثرت جماع سے ہو نہایت لذیذ و خوش ذائقہ - **صفت** نشاستہ اعلیٰ ۵ تولہ کھویا ۱۰ ماشہ گوند ببول ۵ تولہ - قند سفید ۲ سیر - مغز بادام مقشر آدھ سیر پستہ ۱ تولہ - بالائی شیر گاؤ میش یا گاؤ ۱۲ تار مسکہ گاؤ یا گاؤمیش ۱۲ ماشہ تازہ - نشاستہ - کھویا - گوند ببول و بالائی کو علیحدہ علیحدہ مکھن میں بریاں کریں لیکن صمغ عربی کو بریاں کرنے سے قبل مسکہ کا پانی جلا لیویں ورنہ گوند خراب ہو جاویگا - بریاں کرکے سب کو ایک جگہ رکھیں - قند سفید کو قوام کریں جب قوام خوب غلیظ ہو جائے تمیں اول کھویا بریاں ملاکر پھر سب اجزا شامل کریں - بعدہ مغز بادام مقشر تراشیدہ و پستہ تراشیدہ شامل کرکے مکھن ملادیں اور ایک جوش خفیف دیکر اُتار لیویں خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک ایک وقت یا دو وقت حسب برداشت - کثرت مطالعہ و دماغی محنت اور کثرت جماع سے جب افعال دماغی میں کمی اور ضعف دماغ و اعصاب کے آثار شروع ہو جاویں اُن کو دُور کرکے دماغ و بصارت میں تر و تازگی اور تقویت پیدا کرنے میں بے نظیر حلوا ہے - بندہ کا ہمیشہ معمول و مجرب ہے -

(۱۷۸) **حب مومیائی** - پرانے زکام و نزلہ کو دُور کرنے میں بہت مفید ہیں - جن لوگوں کو ہمیشہ نزلہ و زکام رہتا ہو اُنکے لیے مجرب ہیں - دماغ اور پٹھوں کو طاقت بخشنے میں بے نظیر ہیں - اُن کی مداومت سے سرعت انزال کو بھی فائدہ پہنچتا

ہے ۔ضعف بصارت جو ضعف دماغ کی وجہ سے ہو اسکو بھی دور کرتی ہیں ۔مرکی ۱ ماشہ ۔قرنفل ۔ دارچینی ۔کندر یصمغ عربی ۔عود ہندی ۔ رب السوس ہر ایک ۳ ماشہ مصطگی ۔خولنجان بہمنین ہر ایک ۲ ماشہ ۔ ابریشم سوختہ ۴ ماشہ ۔مومیائی کانی ۔میعہ سائلہ ہر ایک ۲ ماشہ ۔کوفتنی دواؤں کو کوٹ چھان کر وزن کرکے روغن بادام سے چرب کریں ۔مومیائی و میعہ سائلہ کو روغن بادام گرم کردہ میں حل کرکے سب ادویہ کو ملاکر پوست خشخاش کے نقوع میں کھرل کرکے گولیاں بقدر زائد از نخود بناویں ۔خوراک ۲ حب صبح و ۲ حب شام ۔پرہیز ترشی و کثرت جماع سے ۔

(۱۷۹) دوا برائے اٹھرا ۔عورتوں کا ایک مرض جسکو عرب روم او مصر وولایت کے اطبا نے ذکر نہیں کیا ہمارے ملک میں بکثرت دیکھنے میں آتا ہے اسکو دیسی زبان میں اٹھرا یا اٹھرا کہتے ہیں ۔ اسمیں بعض عورتوں کو مقررہ وقت پر اسقاط ہو جاتا ہے ۔بعض کے بچے قبل از وقت یا پورے دنوں مردہ پیدا ہوتے ہیں ۔جنکے زندہ پیدا ہوں وہ طرح طرح کے عوارضات سے چلّے میں یا کچھ مدت بعد ضائع ہو جاتے ہیں ۔بعض سوکھ سوکھ کر بعض اسہال و پیچش سے بعض ڈبہ یا ام الصبیان میں مبتلا ہو کر بعض خسرہ خسرہ یا دیگر امراض جلدی و دموی میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں ۔ایک مریضہ کے بچوں کو میں نے دیکھا کہ بعد ولادت یرقان میں مبتلا ہو کر اور ایک کے بچے بعد ولادت نیلے اور سیاہ رنگ بدل بدل کر مر جاتے تھے اور مذکورہ بالا عوارضات سے مبتلا شدہ مریض تو ہمیشہ دیکھنے میں آتے ہیں ۔اس نسخے کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ کامیابی ہوئی ہے ۔جب یہ نسخہ حسب ہدایت جاری رہے تو بعد ولادت جو مرض بچوں میں پیدا ہو فوراً جدوار خطائی بقدر ۲ برنج پانی میں گھسکر بچے کو چٹانا شروع کریں عوارضات بہت جلد رفع ہو جاوینگے ۔وہ نسخہ مبارک یہ ہے ۔ **صفتہ** ۔برگ نیم ۔برگ حنا ۔کتھہ ۔کچور ۔سہنس بید (بدل آں ہرمچی پکھان بید ۔رتن جوت ۔رسوت ۔ریوند خطائی ۔صندلین ۔دھمائیں ۔مشک بالا ۔برگ جھانا ۔برگ سرس ۔برگ جمنت کالی زیری ۔مرچ سیاہ ۔کشنیز مقشر ۔اجوائن دیسی ۔اجوائن خراسانی ۔تخم کرفس ۔انیسوں ۔گیرو ۔مغز نارجیل ۔چاکسو تخم کاسنی مساوی الوزن کوٹ چھان کر ظرف مینائی میں رکھیں ۔عند الضرورت بقدر مناسب دوا لیکر شہد میں حب بقدر زائد از فلفل سیاہ بناویں ۔ابتدا ایام حمل سے ایک گولی روز کھلاویں تا ایام رضاعت جاری رکھیں ۔اگر مریضہ کو سخت قبض کی عادت ہو یا امتلا اخلاط دیکھیں تو شروع ماہ پنجم و قبل ششم میں ورق گل سرخ گلقند کو گلاب میں گھوٹ چھانکر پلاویں یا طبین مبارک سے تلیین کرادیں ۔جوش خون و امتلا و غلبہ خون میں جونک لگوادیں (شاذ و نادر ایسا کیا ہے) بعد ولادت کے بچہ کو گل سرخ ۔گل بنفشہ ۔باربرنگ ۔بابونگ ۔بادیان ۔اجوائن ۔مغز املتاس کی گھٹی کی مداومت رکھیں ۔ایک مریضہ کو معجون حافظ الجنین علوی خاں صاحب دہلی سے بھی ناکامیابی ہوئی تھی بفضلہ تعالیٰ اسکو بھی اس سے

صحت کلی ہوگئی۔ میرے والد صاحب مرحوم کا ہزارہا اور بندہ کا صدہا بار کا آزمایا ہوا بلا خطا مجرب نسخہ ہے۔

(۱۸۰) **حب ام الصبیان**۔ جند بیدستر۔ کندر۔ صبر مساوی الوزن عرق بادیان میں حل کرکے حب بقدر عدس بناویں ایک گولی عرق بادیان میں حل کرکے پلاویں مجرب ہے۔

(۱۸۱) **حب ڈبہ**۔ مشک خالص۔ زعفران۔ جند بیدستر۔ صبر سقوطری مساوی الوزن حب بمقدار موٹھ بناویں ایک گولی عرق بادیان میں حل کرکے نیم گرم پلاویں ۲ یوم میں ۲ بار استعمال کرنے سے صحت ہوجاویگی۔ اگر سردی اور مرض کا غلبہ زیادہ ہو تو لہسن مقشر باریک کرکے موضع مرض پر ضماد کریں۔ جب بچہ بیقرار ہو دُور کردیں ۲ بار استعمال کریں اکسیر الاثر ہے۔ اگر ڈبہ کے ساتھ تیز تپ ہو اول تپ کا علاج کریں۔ بعد رفع حدت تپ حبوب کا استعمال کریں۔ تاکہ تنگی تنفس دُور ہوجاوے مجرب ہے۔

(۱۸۲) **دوا عرق النسا و رمزمن** میں عجیب الاثر دوا ہے **صفت**۔ سم الفار زرد ایکماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ایکتولہ خوب آمیز کرکے بقدر دانہ مسور ہمراہ روغن زرد کھلاویں۔ غذا میں روغن زرد زیادہ کھلائیں تا ۷ یوم اکثر امزجہ میں اکسیر الاثر ثابت ہوئی ہیں۔

(۱۸۳) **حب دافع الحمیٰ**۔ ہر قسم کے نوبتی اور دَوری تپوں میں نہایت مفید و مجرب ہیں۔ بعض جگہ کونین سے بھی زیادہ مفید ثابت ہوئی ہیں۔ **صفت**۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ افیون۔ مرچ سیاہ۔ اقاقیا عمدہ یا بدل آں برگ نورستہ کیکر مساوی الوزن نہایت باریک کرکے شہد میں گولیاں بقدر فلفل سیاہ بناویں۔ خوراک ایک گولی تپ سے ۲ دو گھنٹہ قبل دوسری گولی تپ سے نصف گھنٹہ قبل روزانہ تجاری اور چوتھیے میں آزمائیے اور اُسکے اعجاز نما اثر کو ملاحظہ فرمائیے۔

(۱۸۴) **حب احمر**۔ حمیات مرکبہ و بلغمیہ میں مفید ہے۔ سنگجراحت ۵ تولہ۔ صدف صلی سوختہ ۲ تولہ۔ شنگرف رومی ایکتولہ۔ سم الفار سفید ایک ماشہ علیحدہ علیحدہ نہایت باریک پیکر ملاکر کھرل کریں تاکہ مثل غبار ہوجاوے۔ مقدار خوراک ایک سرخ تا ۲ سرخ ہمراہ شربت انار و عرق شیر یا دیگر بدرقہ جات مناسبہ کے ہمراہ۔ گرم مزاجوں میں اور قبل از تنقیہ نہ کھلاویں۔

(۱۸۵) **دوا رہا شرا**۔ ماشرا کے ابتدا تا انتہا ہر درجہ میں یہ اعجاز اثر دوا آزمائی گئی کبھی خطا ظاہر نہیں ہوئی۔ بعض بعض جنکے سر مثل بڑے تربوز کے متورم ہو گئے تھے اور آنکھیں نظر نہ آتی تھیں اسکے استعمال سے فوری فائدہ ہوا میرے پاس ماشرا کے مریض خواہ ابتدا میں آویں یا ہر گز فصد نہیں کرتا بفضلہ تعالیٰ اُسکے استعمال سے فوراً مریض روبصحت ہونے لگتا ہے

اور ایک دو یوم میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے۔ جملہ ناظرین کرام کو عند الضرورت یہ دوا آزمانی چاہیئے۔

برگ فراش جسکو فارسی میں گز عربی میں طرفا کہتے ہیں ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہے جسکے پتے پتلے پتلے لمبے سیخوں کی مانند گچھے گچھے ہوتے ہیں۔ ان پتوں کو باریک باریک کاٹ کر پتھر کی کونڈی میں پانی کا چھینٹا دے دیکر خوب گھٹوا ئیں تاکہ نہایت باریک لیپ ہو جاوے۔ تمام پیشانی منہ سر اور آنکھوں پر لیپ کر دیں۔ جہاں سے خشک ہو کر اُترتا جاوے اور لیپ کرتے جاویں۔ لیپ لگاتے ہی مریض کو تسکین ہو جاتی اور اشتداد مرض رُک جاتا ہے۔ اگر ضماد سے قبل روغن گل سے چرب کر لیں بہتر ہے۔ تبرید و تسکین کے لیئے آب نقوع تمر ہندی و آلو بخارا و کشنیز یا شیرہ عناب۔ لعاب بیدانہ و شیرہ مغز تخم ہندوانہ و شربت عناب و نیلوفر وغیرہ دیں۔ غذا مناسب حال مریض حسب رائے طبیب۔ بعض دواؤں میں قدرت یزداں کے مخفی راز انسان کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ اس دوا نے بعض معرکۃ الآراء علاجوں میں مجھے نہایت کامیابی بخشی۔ اب ماشرا کا علاج میں اسی مفرد دوا سے کیا کرتا ہوں بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے۔

(۱۸۶) **سوزاک**۔ پُرانے اور نئے سوزاک میں نہایت مفید ہے **صفت**۔ دانہ الائچی خورد۔ کشتہ سفید۔ پھٹکری سفید بریاں۔ کباب چینی۔ طباشیر۔ کافور۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۶ ماشہ۔ لعاب گھیکوار میں چار پہر کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک گولی دو پہر اور ایک گولی شام ہمراہ لسی خام یعنی دودھ اور پانی ملا کر ۲۱ یا اکیس یا چالیس یوم تک کھلاویں۔

(۱۸۷) **بیخوابی** شب کے لیئے کافور و افیون ملا کر مناسب مقدار میں وقت شب کھلا دیں تاکہ شدت انتشار کی تکلیف رفع ہو کر نیند آجایا کرے۔

(۱۸۸) **سفوف جریان**۔ جریان جدید و قدیم اور کثرت احتلام کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ تخم بھنگ۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ بیج بند ہر ایک مساوی الوزن نہایت باریک پیس کر وزن کر کے ملا دیں۔ مقدار خوراک ۲ ماشہ روزانہ ہمراہ آب۔

(۱۸۹) حب **قوت باہ**۔ از عطیات حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب معمول و مجرب بندہ۔ سم الفار سفید ۱ ماشہ مشک اعلیٰ ۶ ماشہ۔ کشتہ سفید مصفےٰ ۹ ماشہ۔ حب بقدر نصف سرخ۔ ایک گولی بعد غذا ہمراہ شیر گاؤ۔

(۱۹۰) حب **آتشک**۔ اقسام آتشک میں منتخب و مجرب و معمول **صفت**۔ رسکپور۔ کشتہ سفید۔ مصری کوزہ ہر ایک ایک تولہ۔ سم الفار سفید۔ فلفل سیاہ۔ توتیا سبز ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو ۳ یوم خشک کھرل کریں۔ پھر پانی سے مونگ دانہ فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ مقدار خوراک ایک گولی صبح و شام۔ ہمراہ آب (خالی شکم نکھاویں) اول کچھ ناشتا کرلیں

(۱۹۱) حب **خنازیر**۔ بیج گل عباسی تازہ ۲ جزو۔ دار فلفل ایک جز حب بقدر کنار صحرائی۔ ایک حب صبح ایک حب شام

مداومت کریں۔ مجرب بلا خطا بشرطیکہ حمی دق شامل نہ ہو۔

(۱۹۲) **دوا ء قلت دم** ۔ خون کی کمی جسے ڈاکٹری اصطلاح میں اینما اور پنجابی زبان میں تپ کہتے ہیں یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ بہت مجرب ہے۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب کے عطیات میں سے ہے۔ مجیٹھ خبث الحدید یا برادہ آہن۔ شکر سرخ ہر ایک ۱۰ تولہ ایک بڑے تربوز میں بھر دیں خشک ہو جاوے تو بمقدار ۴ رتی روز ہمراہ سکنجبین دیں

(۱۹۳) **حب بواسیر** ۔ رسوت مصفی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ گوگل۔ کچور۔ مساوی الوزن باریک کرکے مولی یا گندنے کے پانی میں کھرل کرکے بقدر زائد از نخود گولیاں بنادیں ایک گولی صبح ایک گولی شام کو کھاویں۔ رسوت پانی میں حل کرکے مسوں پر لیپ کرکے برگ بانسہ پانی سے دھوکر قدرے پانی ڈالکر ایک بند برتن میں پکاویں۔ جب بھرتہ ہو جاوے مسوں پر باندھیں تا حصول صحت جاری رکھیں انشاء اللہ صحت ہو جاویگی۔ بھرتہ کسی کسی کو بندھوایا جاتا ہے۔ ورنہ صرف گولیوں کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ بہت افاقہ ہو جاتا ہے۔

(۱۹۴) **نسخہ ایضاً** ۔ برگ دودھک قاضی دستار ۱۰ تولہ (ایک بوٹی ہے جو زمین سے ایک تا دو بالشت اونچی اور اُسکے پتے گول اُوپر کی شاخ پر چھتری کی طرح ہوتے ہیں۔ برگ و شاخ میں توڑنے سے دُودھ نکلتا ہے) کتھہ سفید ۱۰ ماشہ۔ رسوت مصفی ۵ تولہ۔ شکر تری ۵ تولہ کھرل کریں۔ جب گولی باندھنے کے قابل ہو جاوے۔ حب بقدر نخود بنادیں۔ خوراک۔ ایک گولی روز صبح ہمراہ روغن زرد۔ غذا بے نمک مجرب ہے۔ بواسیر ہر قسم۔

(۱۹۵) **دواء الحصاۃ** ۔ مثانے اور گردے کی پتھری اور ریگ کیواسطے اکسیر الاثر اور بے نظیر نسخہ ہے۔ درد گردہ سوزش اور پتھری سے ہو اُسکو دُور کرتا ہے۔ بشرطیکہ استقلال سے مداومت کیجاوے۔ شدت درد میں مخدرات مانند برشعثا وغیرہ استعمال کریں لیکن اسکو جاری رکھیں۔ بڑی بڑی پتھریاں ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہیں اور ریگ سرخ و سیاہ و زرد آنا رُک جاتی ہے۔ **صفت** شورہ قلمی ۳ تولہ قدرے پانی ڈالکر آگ پر رکھیں جب جوش کھاکر حل ہو جاوے اُسوقت حجر الیہود مسحوق المقتول۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۳ ماشہ ہر دو باریک شدہ ملاکر بعدہ ایک عدد ریٹھے کا چھلکا باریک پیکر ملاکر آگ سے اُتار کر سرد کرکے سفوف بنادیں۔ مقدار خوراک ۲ سے ۴ سرخ تک ہمراہ شیرہ بزر و آب مساوی الوزن۔ جب درد گردہ بڑی پتھری کے باعث ہو تو فی خوراک مغز کرنجوہ ۱ ماشہ اضافہ کریں۔

معزز ناظرین نسخہ ہذا سے ملتمس ہوں کہ اس نسخہ کو تیار کرکے اپنے اپنے مطب میں استعمال فرماویں اور نتیجہ سے دفتر طبی کانفرنس کو اطلاع دیں۔

(۱۹۶) **دواء یرقان** ۔ شب یمانی (بالکل سفید رنگ) نہایت باریک پیسکر اول روز ایک رتی دوسرے روز

۲ رتی علیٰ ہذا القیاس ایک رتی ہر روز بڑھاتے جاویں۔ حتیٰ سات رتی تک پہونچے۔ پھر ہر روز سات رتی اور کمزوروں میں صرف ۵ رتی تک وقت صبح دہی میں ملاکر کھلاویں۔ چند یوم میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔ بہت مجرب ہے۔

(۱۹۷) دواء طحال ۔ نوشادر الکتولہ۔ رائی ۲ تولہ نہایت باریک پیسکر ایکماشہ سے ۱ ماشہ تک ہر روز صبح ہمراہ آب کھلاویں چند یوم میں کلانی طحال دُور ہو جاویگی اگر اثنائے استعمال میں معض یا تشنج ہو جاوے تو تخم ریحان اُسکا مصلح ہے۔

(۱۹۸) دواء مراق ۔ مالیخولیائے مراقی میں حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب کا مجوزہ نسخہ ذیل بارہا مریضان پر آزمایا ہوا اور معمول ومجرب ہے۔ افسنتین اعلیٰ ۵ ماشہ۔ گل سُرخ صاف۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۳ ماشہ مصطگی۔ عود ہر ایک ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ طباشیر ہر ایک ایکماشہ علیحدہ علیحدہ نہایت باریک کرکے وزن کرکے ملاوے۔ خوراک ۶ رتی سے ۱۰ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان یا ہمراہ عرق کیوڑہ مداومت کریں۔

(۱۹۹) لعوق بزرکتاں ۔ پُرانی کھانسی اور ضیق النفس بلغمی ونزلی کیواسطے معمول ہے۔ السی بریاں ۲ تولہ۔ اصل السوس مقشر۔ زیرہ سفید۔ کاکڑا سینگی ہر ایک ۹ ماشہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے وزن کریں اور شہد صاف ۱۲ تولہ میں ملاکر بقدر ۶ ماشہ صبح وشام استعمال کریں۔

(۲۰۰) انوشدارو لولوی عنبری ۔ از مخترعات بندہ۔ تقویت دل اور تفریح کیلئے معمول مقوی اعضاء رئیسہ مالیخولیا اور توحش قلب میں نہایت مفید مقوی باہ بھی ہے۔ مقدار شربت ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ) غنچہ گل سُرخ پشاوری ۲۱ ماشہ سعد کوفی ۱۷ ماشہ۔ قرنفل مصطگی۔ اسارون۔ سنبل الطیب ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں زرنب۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ دارچینی۔ تج۔ زعفران کشمیری ہر ایک ۷ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ طباشیر۔ صندل بگلاب سودہ۔ پوست ترنج۔ عود۔ سازج ہندی۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ زرنباد ۱ ماشہ۔ مشک۔ عنبر اشہب ہر ایک ایکماشہ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد۔ آب انار شیریں ۱۰ تولہ۔ قند وعسل بالمناصفہ ۵۰ تولہ۔ آملہ مربی خستہ دُور کردہ ۲۰ تولہ زعفران در گلاب حلکردہ قوام عسل وقند شربت د آملہ مربا باریک کردہ آمیز کرکے عنبر ومشک بدستور طبی شامل کرکے تیار کریں۔

(۲۰۱) دواء ورم وقم معدہ ۔ قم معدہ کے شدید درد میں جو دورے سے ہوا کرتا ہے اُسمیں ہر دو نسخہ ذیل نہایت مفید ومجرب ہیں۔ اجوائن دیسی صاف ۵ تولہ۔ نوشادر نیمکوب ۲ تولہ ملاکر ظرف بلوری میں ڈالکر اُسپر تیزاب گندھک خالص بقدر ۲ تولہ ڈالکر لوہے کی سیخ سے ہلاکر چھوڑدیں دو تین یوم میں سیاہ رنگ کی دوا تیار ہو جاویگی۔ عین دورہ درد کے وقت بقدر کنار صحرائی گولی بناکر پانی کے ہمراہ کھلادیں دانتوں کو دوا نہ لگے ۳ یوم متواتر کھلادیں دورہ پہلی ہی خوراک میں رفع ہو جاویگا۔ سوء ہضم ودرد معدہ میں بقدر نخود کھلادیں معمول ہے۔

(۲۰۲) **دیگر** شیر مادہ شتر ا۔ ما ظرف گلی آب نادیدہ لیکر اسمیں پانی بھردیں ایک شبانہ روز کے بعد پانی پھینک کر دودھ مذکور اسمیں ڈالکر نمک سنگ ۲ تولہ باریک کرکے ملاکر نرم آگ پر پکاویں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب غلیظ ہوجاوے تب زعفران اعلیٰ ۲ ماشہ در عرق گلاب سائیدہ شامل کرکے بہت نرم آنچ شروع کریں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں کہ داغ نہ لگجاوے۔ جب مثل کھویہ کے ہوجاوے اُتار کر اُسی ظرف میں رہنے دیں دو تین یوم تک خشک ہوجاویگا۔ قرص بناکر خوب خشک کرکے بلوری شیشی میں بند کارک میں رکھیں۔ مقدار خوراک یکماشہ۔ عند الوجع صبح وشام ہمراہ آب اور بعد رفع دورہ ۴ رتی تا ۴ یوم۔ غذا شوربا گوشت بُز یا بھیڑ یا نخود ہمراہ نان گندم حوامل کے درد میں بھی مفید ہے۔ مگر ان کی مقدار خوراک صرف ۲ رتی رکھیں۔

(۲۰۳) **دوا ہاضم الطعام مقوی معدہ** بارد رطب کاسر ریاح معدی ومقوی رافع ہیضہ وبائی وامتلائی وبلغمی۔ اس دوا کا خاصہ ہے کہ ایام ہیضہ میں اگر بقدر ۲ سرخ روزانہ استعمال کریں توبفضلہ تعالیٰ اثر ہیضہ سے محفوظ رہیں اگر ہیضہ کی سمیت کا اثر ہوگیا ہو فوراً یکماشہ کھاویں معاً طبیعت درست ہوجاویگی۔ معدہ وامعا کے ریحی وبلغمی وامتلائی دردوں میں بے نظیر ہے۔ فلفل۔ دارفلفل۔ لونگ مدار۔ نوشادر۔ شورہ قلمی۔ اجوائن دیسی۔ نمک کھاری۔ نمک سیاہ ہر ایک ۵ تولہ ہیرا ہینگ بریاں ایکتولہ سفوف بناویں۔ خوراک ۴ رتی سے ایکماشہ تک تنہا یا بعرق بادیان۔

(۲۰۴) **حب باؤ گولہ**۔ باؤگولہ اور اختناق الرحم میں مجرب معمول ہے ڈکاروں کی زیادتی کو دور کرتی اور بھوک پیدا کرتی ہیں معدے اور انتڑیوں کے دردوں میں مستعمل ہیں قوائے معدہ کو طاقت بخشتی ہیں صرع۔ شرکی معدہ ودوار معدی بخاری میں معمول ہیں ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہیں۔ **صفت** نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ دارفلفل۔ فلفل گرد زنجبیل۔ نمک سنگ۔ زیرہ سیاہ۔ کلونجی۔ اجمود۔ ہیرا ہینگ مساوی الوزن باریک کرکے سہانجنے کی جڑ کے پانی میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔ جب خشک ہوجاویں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان یا آب سادہ استعمال کریں۔

(۲۰۵) **نسوار مجرب** ورنزلہ وزکام اور دردسر کیلئے۔ سفید کچور۔ گل بنفشہ کشمیری۔ تیز مساوی سحق کرکے کام میں لاویں

(۲۰۶) **دوا رگوشت خوردہ اور مسوڑھوں کے ناسور کیلئے اکسیر الاثر**۔ برگ سداب خشک ۲ تولہ۔ سجی چونہ۔ ہڑتال ہر ایک ایکتولہ۔ سب کو باریک کرکے تیز سرکے میں ملاکر ٹکیاں بناکر ظرف گلی میں گلحکمت کرکے آگ میں ڈالیں۔ جب مٹی کا رنگ سرخ ہوجاوے نکال لیں اور سرد ہوجانے کے بعد دوا کو باریک کرکے مسوڑھوں یا منہ میں جس جگہ ماس خورہ ہو لگاویں اور منہ ڈھیلا چھوڑدیں کہ لعاب کے ساتھ دوا نکل جاوے

چند بار میں بفضل خدا کلی صحت ہو جاویگی۔ ہزار ہا بار کا مجرب و بلا خطا نسخہ ہے۔

(۲۰۷) **ڈھورہ سرخ** - قلاع شدید کیلئے اکسیر الاثر - زبان منہ اور حلق کے زخموں او بثورات میں معمول بہت زود اثر دوا ہے۔ کتھہ - گیرو ہر ایک ۲ تولہ - نیلہ تھوتھا ایک تولہ - نہایت باریک پیکر حسب ضرورت منہ زبان حلق میں لگا کر پانی نکلنے دیں (بعض اوقات زبان ودہان میں درد و تمدد عارض ہو جاتا ہے - جو چند ساعت کے بعد رفع ہو جاتا ہے - وا لاّ عرق گلاب سے کلیاں کراؤ جوشش آتشک میں بھی مفید ہے۔

(۲۰۸) **ذرور کافوری** - قلاع سوداوی و بثرات زبان ودہان کے لیئے معمول و مجرب **صفتہ** - شورہ قلمی ۲ ماشہ - طباشیر - دانہ الائچی کلاں - کتھہ سفید ہر ایک ۲۰ ماشہ - توتیا سبز بریاں ۲ رتی - کافور ایکماشہ باریک کرکے بُرکیں - تجربتاً اقسام قلاع میں مفید پایا گیا ہے۔

(۲۰۹) **تجربہ** - ایک قسم قلاع کی دیکھنے میں آئی ہے کہ اُسکو ذرورات وغیرہ سے عارضی فائدہ ہوتا ہے کلی صحت نہیں ہوتی وہ قلاع دائمی یا دائرہ ہوتی ہے - درحقیقت وہ قلاع شرکی معدی ہوتی ہے - اسمیں ہاضم ضرور خراب ہوتا ہے - اصل علاج اُسکا اصلاح ہضم ہے - بندہ نے اس قسم قلاع میں حب فولادی بہ نسخہ ذیل چند مرضی پر استعمال کیں - سالہا کا مرض چندماہ میں بالکل رفع ہو گیا اور پھر بفضل خدا کبھی دورہ نہ ہوا ہو ہذا **صفتہ** کشتہ فولاد ولایتی جسکو ڈاکٹری اصطلاح میں فیری رڈکٹم کہتے ہیں ایک ڈرام - پپسین (حیوانی معدے کی اندرونی جھلی کا سفوف) ۳۶ گرین - نمک جست جسے ڈاکٹری اصطلاح میں سلفیٹ آف زنک کہتے ہیں ۱۸ گرین آرد گندم ۲ ماشہ ملاکر قدرے پانی میں حل کرکے چوبیس گولیاں بنادیں - خوراک ایک گولی بعد غذا دوبار روزانہ اور دورہ قلاع ہو اُس وقت ذرور کافوری مرقومہ بالا منہ میں بُرکیں - پرہیز و غذا حسب مناسب - ان گولیوں کے استعمال سے اسہال معدی و معوی مزمن بھی رفع ہو کر صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے۔ سنگرہنی کے بیماروں میں بہت استعمال کیگئی ہیں نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں یہ پپسین کا بدل پوست اندرون سنگدانہ مرغ کیا گیا

(۲۱۰) **دوا برائے ورم مسوڑھوں** میں سے خون بکثرت آتا ہو یا تھوڑا تھوڑا ہمیشہ نکلتا ہے اُسکے لیئے بہترین دوا ہے - پھٹکڑی کو مٹی کے ٹھیکرے میں پگھلادیں - جب جوش آوے سرکہ تیز ڈالیں - پھر سرد کرکے ایک تولہ لیویں اور اُسمیں نمک سفید ۲ تولہ - کالی مرچ ۱ تولہ باریک کرکے ملادیں - ضرورت کے وقت مسوڑھوں کے کناروں پر ملکر منہ ڈھیلا کر دیں تاکہ لعاب نکلجاوے۔

(۲۱۱) **دوا دافع درد عصابیہ** - گل اسطوخودوس ۴ ماشہ - کشنیز مقشر ۴ ماشہ - مرچ سیاہ ۶ عدد - صبح سورج

نکلنے سے ایک گھنٹہ پہلے، ۷ تولہ پانی میں گھوٹ چھان کر پیویں تا ۳ یوم۔ غذا دال مونگ و نان گندم اکسیر الاثر۔

(۲۱۲) **ضماد دافع درد عصابہ و شقیقہ**۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کاہو۔ تخم خرفہ ہر ایک ۳ ماشہ بنفشہ۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ۔ افیون ۳ رتی۔ زعفران ۲ رتی تیز سرکہ میں پیسکر دورہ درد سے قبل نیم گرم لیپ کردیں

(۲۱۳) **ایضاً نکتہ**۔ تخم سرس ۳ عدد کوٹ کر پارچۂ ململ میں پوٹلی باندھکر پانی میں تر کرکے ملکر چند قطرے جانب درد۔ درد کے وقت ٹپکاویں۔ عصابہ و شقیقہ میں نہایت مجرب ہے۔

(۲۱۴) **دوا دافع درد و دوران سر از ضعف دماغ**۔ عقیق احمر جوہر دار الکتیلہ کو مغز بادام۔ مغز تخم بلیلہ (بہیڑہ) ہر ایک ۲ تولہ کے نغدے میں رکھکر گل حکمت کرکے ۶ سیر اُپلوں (پاتھک) کی آگ گڑھے میں دیدیں جب سرد ہو جاوے۔ عقیق کو نکالکر عرق بیدمشک میں اسقدر رگڑیں کہ مثل غبار ہو جاوے۔ مقدار خوراک ۲ رتی مسکہ گاؤ میں نہایت مجرب عجیب الاثر ہے۔ اختلاج القلب کو بھی مفید ہے۔

(۲۱۵) **اطریفل اسطوخودوس**۔ درد و دوران سر از ضعف دماغ و امراض چشم و اجفان (سرخی و دمہ جرب الاجفان وغیرہ) اور ان تمام امراض میں جو ضعف دماغ سے ہوں کثیر الاستعمال اور نہایت مجرب از عطیات حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب۔ **صفت**۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی گل سرخ گل اسطوخودوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ کشنیز مقشر ۳ تولہ۔ ترنجبین اعلےٰ ۲ تولہ۔ روغن بادام مقشر ۲ تولہ۔ شکر تری ۱۵ تولہ شہد خالص معقوم ۵ تولہ اطریفل بناویں خوراک ۷ ماشہ تا ایکتولہ۔ سر اور آنکھوں کے امراض میں بے نظیر اطریفل ہے

(۲۱۶) **دوا رمد**۔ آشوب چشم۔ سرخی۔ زخم۔ درد وغیرہ۔ بچوں اور جوانوں میں مستعمل ہے **صفت**۔ رسوت املی۔ انار دانہ ہر ایک ۲ تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح صاف کرکے اسمیں پھٹکڑی بریاں ایکتولہ۔ افیون ۲ ماشہ ملاکر ظرف آہنی میں اسقدر پکاویں کہ غلیظ القوام ہو جاویں۔ اسمیں سے بقدر ۲ ماشہ لیکر عرق گلاب ۵ تولہ میں حلکر کے شیشی میں رکھیں۔ دو تین قطرے صبح دوپہر شام کو آنکھوں میں ٹپکاویں۔

(۲۱۷) **دوا پھلی**۔ شب یمانی ۲۰ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۲ تولہ۔ رسوت ۵ تولہ۔ عرق لیموں کاغذی ۲۰ تولہ میں ایک شب تر کرکے صبح حل کرکے پارچہ بیز کریں اور ظرف آہنی میں پکاویں۔ جب گاڑھا ہو جاوے اُتار لیں سرد ہو جانے پر شیاف بنا رکھیں۔ ہر روز صبح چند قطرے پانی میں حل کرکے سلائی سے آنکھوں میں لگاویں۔ پھولے جالے اور پرانی سرخی روہے وغیرہ امراض چشم میں نہایت مفید دوا ہے۔ ہزارہا پھولے والوں کو اس سے صحت کلی ہو گئی۔

(۲۱۸) **حب گچلہ**۔ دائمی سرد نزلے و زکام اور اختلاج اور دوسرے اعصابی دماغ کے سرد امراض میں نہایت مفید

ومجرب۔ درد بازو میں اکسیر الاثر ہے (مگر اسکے اثنار استعمال درد بازو میں روغن موم کی بھی مالش کریں۔
صفت۔ دارچینی۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ عود صلیب۔ قرنفل ہر یک یکتولہ۔ کچلہ مدبر مسحوق ۲ تولہ۔ عرق اجوائن میں حب بقدر زاندازنخود بناویں۔ صبح وشام دو گولیاں ہمراہ عرق پودینہ و عرق اجوائن۔ پرہیز از ترشی اگر ان میں ثعلب مصری مایہ شتر اعرابی۔ شقاقل ہر ایک ایکتولہ۔ مشک اعلیٰ ۱ ماشہ اضافہ کریں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہوجاویگی۔ معمول ومجرب ہیں۔ باہ کیلئے ہمراہ شیر گاؤ۔

(۲۱۹) حب الشفا۔ طب یونانی کی جلیل القدر دواؤں میں سے ہیں۔ کسی مطب ودواخانہ کو اس سے خالی نہ رہنا چاہیے۔ اکثر اقسام دردسر میں مجرب ہیں۔ عصابہ وشقیقہ میں ہم قبل طلوع آفتاب اگولی معہ دوروتی فیناسی ٹین کھلادیتے ہیں۔ اکثر کو ایکبار ورنہ دو تین یوم میں کلی صحت ہوجاتی ہے۔ نزلہ دائمی وزکام میں نہایت مفید اور مجرب دوا ہے بشرطیکہ اُس کی مداومت کیجاوے (کبھی کبھی وقفہ ضرور دیا کریں تاکہ عادت نہ ہوجاوے) دردگردہ و جریان میں اکسیر الاثر ہیں۔ درد سینہ وضیق النفس سرفہ نزلی میں معمول ہیں ایک شخص ۳ ماشہ صبح وشام افیون استعمال کرتے تھے اُس کی دوا سے اُن کی افیون ترک کرائی گئی۔ دائرا ورنوبتی تپوں میں بھی گونہ فائدہ کرتی ہے۔ درد جگر ورحم ودرد گردہ و امعاء میں بھی خالی از فائدہ نہیں۔ ذات الجنب غیر حقیقی میں مناسب مطبوخ کے ہمراہ بھی معمول ہیں۔ حافظ الصحت اور دافع تکسر اعضا وگرانی اعضا بھی ہیں صفت۔ تخم جوز ماثل (دھتورے کے سیاہ تخم بازار میں ملتے ہیں وہ مستعمل ہیں) ۶ تولہ۔ ریوند خطائی ۴ تولہ۔ زنجبیل بے ریشہ ۲ تولہ علیحدہ علیحدہ نہایت باریک کرکے وزن کرکے کیکر کا گوند ۲ تولہ پانی میں حل کرکے ملاکر خوب کھرل کریں تاکہ گولی باندھنے کے قابل ہوجاوے۔ پس حب بقدر فلفل ونخود بناویں۔ مقدار خوراک یک حب وقت شب ہمراہ آب۔

(۲۲۰) حب مویز۔ نزلہ وزکام اور ان امراض کیلئے جو نزلہ وزکام سے پیدا ہوں مانند دردسر و درد دندان اور کھانسی شدید اور اقسام دردسر اور وہ عوارض جو شراب پینے سے پیدا ہوں اُن میں ایک مویز کھلاویں۔ سب دُور ہوجاوینگے۔ سرفہ نزلی اور ربو نزلی میں ہمارا مجرب و معمول ہے بعض جگہ تو اکسیر کا کام دیتا ہے صفت۔ تخم دھتورہ سیاہ ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ دونوں کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی تیسرا حصہ رہ جاوے صافی میں چھان کر نتارلیں تاکہ گاد نیچے رہجاوے اُوپر کا صاف پانی لیکر اسمیں مویز منقیٰ کلاں بیس تولہ بیج نکالے ہوئے ڈالکر نرم آگ پر پکاویں تاکہ پانی جذب ہوجاوے۔ چمچے سے ہلاتے رہیں تاکہ مویز تہ دیگچہ چپک نہ جاویں پھر نکالکر دھوپ میں خشک کرلیں۔ خوراک ایک تہائی سے نصف مویز تک گولی بناکر کھلادیں

بعض کو سالم مویز کی برداشت ہو جاتی ہے ۔ کم کم بھی ہی۔

از جناب حکیم سید رضا حسین صاحب سند تمغہ یافتہ مدرسہ طبیہ دہلی سنبھل ضلع مرادآباد

(۲۲۱) **جوارش مصطگی** ۔ معدہ وجگر کی سردی کو نافع ہے ۔ اسہال بلغمی کو روکتی ہے ۔ اور پیشاب کی زیادتی کو نہایت ہی مفید ہے ۔ اور سیلان لعاب دہن کو دور کرنے میں نہایت مجرب ہے **صفت** مصطگی رومی ۲ تولہ دانہ الائچی سفید ۷ ماشہ ۔ دانہ الائچی کلاں ۵ ماشہ ۔ ناگیسر ۹ ماشہ ۔ ست گلو ۲ تولہ ۔ طباشیر ۲ تولہ ۔ زنجبیل سفید ۷ ماشہ کوبہ ابریشم مقرض ۱ تولہ ۔ قند سفید ۱۲ ما ر ۔ عرق گلاب ۱ پاؤ ۔ عرق بید مشک ۱ ما ر ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں ۔ اول قند سفید کا عرق گلاب و عرق بید مشک میں حل کر کے قوام کریں ۔ بعد ازاں سفوف مذکور ملا کر جوارش بنائیں

(۲۲۲) **جوارش کمونی** ۔ معدہ کو قوت دیتی ہے ۔ بھوک بڑھاتی ہے ۔ قبض کو دور کرتی ہے باؤ گولہ کے درد کو بھی ازحد مفید ہے **صفت** زیرہ سفید ۱۲ ما ر ۔ زیرہ سیاہ ۱۲ ما ر سرکہ میں بھگوئیں جب خشک ہو جاوے روغن بادام بقدر حاجت سے چرب کر کے بریاں کریں ۔ دار فلفل خورد و فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ ۔ زنجبیل سفید ۔ برگ سداب ۔ سلیخہ سیاہ ۵ ۔ دارچینی ۔ صعتر فارسی ۔ قرفہ سفید پوست ۔ مغز حب قرطم ۔ ہر ایک ۳ تولہ سنبل الطیب ۲ تولہ حب بلسان ۱ تولہ ۔ بورہ ارمنی ایک تولہ ۔ قند سفید ۴۳ تولہ ۔ شہد خالص سفید ۲ تولہ ۔ عرق گلاب بقدر حاجت ۔ بطریق ترکیب نسخہ نمبر ۲۲۱ مذکورہ بالا جوارش تیار کریں ۔

(۲۲۳) **جوارش عود شیریں** ۔ معدہ و جگر کو تقویت دیتی ہی اشتہا پیدا کرنے میں بے مثل ہی ۔ بھوک خوب کھلکر لگتی ہی اور غذا کے ہضم کرنے میں مدد دیتی ہے **صفت** ۔ عود غرقی ۔ عود قماری ۔ دانہ الائچی سفید ہر ایک ۹ ماشہ ۔ سنبل الطیب ۔ ناگیسر ۔ سعد کوفی ۔ پوست اترج ۔ نعناع یابسہ ہر ایک ۴ ماشہ ۔ طباشیر کبود ۔ کوبہ ابریشم ۔ زعفران خالص ہر ایک ۹ ماشہ ۔ ادویہ سے دوچند شہد ۔ مساوی قند سفید ۔ عرق گلاب ۔ عرق بید مشک ہر ایک ۱۲ ما ر بطریق نسخہ ۲۲۱

(۲۲۴) **جوارش جالینوس** ۔ مقوی جمیع اعضاء رئیسہ ۔ دافع گزرہ دہنی اور ریاح بواسیری و کثرت بول و ضعف معدہ وضعف باہ و درد سر و کھانسی و مثانہ و سیاہی بال کیواسطے بے انتہا مفید ہے ۔ اگر اسکا استعمال گاہ گاہ رکھے تو تمام امراض سے محفوظ رہے ۔ **صفت** ۔ سنبل الطیب ۔ قرنفل ۔ قاقلہ ۔ سلیخہ ۔ دارچینی ۔ خولنجان ۔ سعد کوفی ۔ زنجبیل سفید ۔ فلفل سیاہ ۔ دار فلفل ۔ قسط بحری ۔ عود بلساں ۔ اسارون ۔ تخم مورد ۔ قصب الذریرہ ۔ زعفران خالص ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی ۲ ماشہ ۔ جنطیانا رومی ۹ ماشہ مساوی قند ۔ دوچند عسل ۔ عرق بید مشک ۱ ما ر (ترکیب حسب نسخہ نمبر ۲۲۱)

(۲۲۵) **معجون ہاضم** - دافع قبض - مجلل ریاح ہے - پیٹ کے درد کو دُور کرتی ہے - غذا کو خوب اچھی طرح ہضم کرتی ہے - **صفت** - گل سرخ ۶ ماشہ - فلفل سیاہ - زیرہ سفید - زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ - سوڈا ۴ ماشہ - سہاگہ بریاں ایکماشہ - قند سفید ۱ پاؤ - گلاب ۱ پاؤ - ترکیب حسب طریق مذکورہ بالا نسخہ ۲۲۱

(۲۲۶) **خمیرہ مفرح قلب** - معدہ و جگر و دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے - خفقان کو زائل کرتا ہے - فاسد خیالات کو روکتا ہے - خراب ابخروں کو دماغ تک پہونچنے نہیں دیتا - **صفت** - گل سیوتی ۲ ماشہ گل گاؤزبان - ۱ ماشہ گل گڑھل ۶ ماشہ - پوست بیرون پستہ ۱۰ تولہ - ابریشم مقرض ۲ ماشہ - گل بنفشہ کشمیری ۲ ماشہ - کشنیز خشک ۱ تولہ - برادہ صندل زرد ۹ ماشہ طباشیر کبود ۹ ماشہ - تخم بادرنجبویہ ۶ ماشہ - دانہ الائچی سرخ ۶ ماشہ - دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ - عرق کیوڑہ - ۱ ماشہ - عرق بیدمشک - ۲ ماشہ - قند سفید ۱ ماشہ - (بنانے کی ترکیب) حسب طریق مذکورہ بالا نسخہ ۲۲۱

(۲۲۷) **خمیرہ ملین** - دست آور ہے - اختیار سے مواد فاسد کو خارج کرتا ہے - قبض کو دور کرکے اکثر امراض سے نجات دلاتا ہے - معدہ کو صاف کرکے اسکو عمدہ حالت میں رکھنے کیواسطے جو عمدگی صحت کا اصلی راز بھی ہے اچھی دوا ہے - **صفت** - گل بنفشہ کشمیری ۱ ماشہ - سنا مکی ۱ ماشہ - تربد مجوف ۱ ماشہ خراشیدہ - جدوار زرد ایکتولہ ریوند چینی ۴ تولہ - گل سرخ ۱ ماشہ - پوست ہلیلہ زرد ۱ ماشہ کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں سے چرب کریں - اور مغز تخم قرطم ۲ ماشہ مغز تخم خربوزہ ۲ ماشہ - مغز بادام شیریں مقشر ا تولہ - مویز منقی ۲ ماشہ انجیر سیاہ ۲ ماشہ - گلقند آفتابی ۲ ماشہ باریک پیسکر نگاہ رکھیں - ترنجبین خراسانی ۱ ماشہ - عرق کاسنی ۲ ماشہ - عرق بادیان ۲ ماشہ میں بھگو کر صاف کریں - قند سفید سہ چند ادویہ - باقی ترکیب بطریق مذکورہ بالا - حسب نسخہ ۲۲۱

(۲۲۸) **دیاقوزہ** - کھانسی کیواسطے مفید ہے - نزلے کو دُور کرتا ہے - سینہ کو صاف کرتا ہے - خصوصاً کالی کھانسی کیواسطے جسمیں اکثر قے ہو جاتی ہے - اکسیر ہے - تجربہ شدہ ہے - **صفت** - آرد باقلا مقشر ۱۰ تولہ - صمغ عربی - کتیرا سفید ہر ایک ۳ تولہ - شکر تبغال - طباشیر کبود ہر ایک ۳ ماشہ - کہا کڑ اسینگی - زراوند مدحرج - دانہ الائچی سرخ ہر ایک ۹ ماشہ - رب السوس ایکتولہ - کباب خنداں ۶ ماشہ - ستنا گلو سفید ۶ ماشہ - اصل السوس مقشر ۳ تولہ - کباب چینی ایکتولہ - خولنجان ۴ ماشہ - فلفل سیاہ ۲ ماشہ - ان سب دواؤں کو اچھی طرح کوٹ چھان کر اور مغز بادام شیریں مقشر ۲ تولہ پیسکر سفوف تیار کریں - تخم خشخاش سیاہ ۲ ماشہ تخم خشخاش سفید ۲ ماشہ کے پانی میں شیرہ نکالکر صاف کریں - قند سفید سہ چند ادویہ - باقی ترکیب بطریق مذکورہ بالا نسخہ ۲۲۱

(۲۲۹) **لعوق سپستان خیارشنبری** - قبض کو دُور اور سینہ کو صاف کرتا ہے - نزلہ اور کھانسی میں بھی نہایت مفید ہے - **صفت** - سپستان - مویز منقی کلاں - مغز فلوس خیارشنبر ہر ایک ۵ تولہ - خوبانی - انجیر سیاہ ہر ایک ۲ تولہ -

اصل السوس مقشر ا تولہ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو صاف کرکے قند سفید ملاکر قوام تیار کریں۔

جناب ماسٹر نرسنگھ داس صاحب حکیم حاذق سند یافتہ اسلامیہ کالج لاہور سکنہ مزنگ ضلع لاہور حال ملازم ریاست فرید کوٹ کے مجربات

(۲۳۰) **شربت برائے تپ صفراوی و یرقان**۔ تخم کاسنی ۱۴ ماشہ۔ گل سرخ۔ گاؤزبان۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مغز تخم خربزہ ۶ ماشہ۔ سنا رکی ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۱۵ عدد۔ عناب ولایتی ۳۰ عدد۔ سپستان ۴۰ عدد۔ شکر سفید ایک سیر۔ دو سیر پانی میں رات بھر سب دواؤں کو تر رکھیں۔ بعد میں دو تین جوش دیکر اتار لیویں شکر سفید میں ڈالکر پھر آگ پر رکھیں اور قوام یعنی شربت تیار کریں۔ خوراک ۵ تولہ صبح کافی ہے۔ چند یوم کے استعمال سے بہت فائدہ ہوگا۔

(۲۳۱) **مجرب برائے جریان منی و کثرت احتلام و سرعت انزال**۔ بیر خام ایک سیر جو کہ کاٹھے ہوں اور جن کی گٹھلی بہت نرم۔ یہانتک کہ دانت سے بخوبی چبائی جاسکے لیکر سایہ میں خشک کریں اور سفوف بنادیں۔ و مغز تخم تمر ہندی ۱۰ تولہ کا سفوف بناکر ملادیویں۔ خوراک ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ۔ ہمراہ شیر گاؤ یک پاؤ۔ ۴۰ یوم تک استعمال فرماویں۔ شیر کثرت سے پیویں۔ پرہیز ترشی۔ جماع۔ گرم اشیا سے لازمی ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

(۲۳۲) **مجرب برائے عرق النسا**۔ مغز تخم بیدانجیر دو عدد صبح کھلادینا بہت ہی نافع ہے بلکہ چند یوم میں بالکل صحت ہوجاتی ہے اور ٹانگ پر اس تیل کا لیپ کریں اور خوب مالش کریں۔ بیضہ مرغ ۳ عدد۔ گوگل ایکتولہ۔ روغن کنجد ۲ا تولہ آہنی برتن میں ڈالکر آگ پر رکھیں بیضہ و گوگل بھی توڑکر بریاں کریں تمام ادویات سیاہ ہونے پر اُتار لیویں اور کپڑے سے چھان لیویں۔ گرم کی مالش کریں بہت ہی مفید ہے۔ دن میں ۲ دفعہ مالش کریں۔ مغز تخم بیدانجیر صرف موسم سرما میں ہضم ہوسکتا ہے۔ گرما میں بہ رقم مناسبہ دیویں۔ روغن گاؤ خوب کھلادیں۔

(۲۳۳) **برائے امراض چشم**۔ خارش۔ پڑبال۔ رمد۔ سرخی۔ شیر خوار بچوں کے ککرے وغیرہ۔ غرضکہ محافظ چشم ہے۔ کافور۔ تخم نیل صحرائی۔ شب یمانی بریاں۔ سرمہ اصفہانی۔ شورہ قلمی۔ نوشادر۔ سرمہ سیاہ۔ بابڑنگ کشتہ جست ہر ایک ۲ ماشہ۔ فلفل دراز۔ برگ سرس در سایہ خشک کردہ۔ برگ نیم۔ ہلیلہ سیاہ۔ چاکسو صاف شدہ ہر ایک ایکماشہ تمام دواؤں کو کوٹ کر باریک کریں۔ اسکے بعد عرق گلاب یا بادیان میں ۷ یوم سحق کریں رات کو سوتے وقت سلائی سے لگادیں۔ بچوں کو بطور خشکی کے آنکھ میں ڈالکر اوپر بالائی کی پٹی باندھ دیویں۔ تیسرے دن بچہ آنکھ کھولدیگا۔ پرہیز کھٹائی ودھواں۔ سخت روشنی تیل کے جلنے کی بو دیجائے۔ (نوٹ) شیشی میں بند رکھیں دھمی سے بچادیں۔

(۲۳۴) **ذات الجنب ذات الصدر وریہ وغیرہ** - عناب ولایتی ۵ عدد - انجیر زرد ۲ تولہ - گاؤزبان - بادیان تخم کو - تربد سفید - ہر ایک ۳ ماشہ - اصل السوس ۵ ماشہ - مویز منقی ۵ تولہ - سناکی ۶ ماشہ - نبات سفید ۳ تولہ جوشاندہ بنا کر صبح و شام دیویں۔

(۲۳۵) **درد شدید ذات الجنب ہو** - تو کشتہ پارہ سنگھا ۲ ماشہ نوش کرادیں - اور اس قیروطی کا ضماد کریں آرد مٹر - آرد حلبہ ہر ایک ۵ دام - اصل السوس ۳ دام - شونیز ۲ دام - عاقرقرحا ادام - موم خالص ۵ تولہ - روغن گل ۴ تولہ میں دواؤں کو ڈالدیں اور خوب جوش دیویں - تمام آمیز ہونے پر اُتار لیویں اور ضماد کریں - نہایت مفید ہے۔

(۲۳۶) **زنوندی** کے واسطے عرق پیاز کی دو چار بوندیں آنکھ میں ڈالنا بہت مفید ہے۔

(۲۳۷) **ورم یا عظم طحال** پر بعد تنقیہ کے ایک پاؤ برف باندھنا صرف دو تین دفعہ وقفہ درمیانی ۱۰ یوم ہونا ضروری ہے - نہایت مفید ہے۔

جناب میر صفدر علی صاحب حکیم نور پور ڈاکخانہ ترنتارن ضلع امرتسر کے مجربات

(۲۳۸) **نسخہ بواسیر خونی** - ایک بوتل عرق گلاب - ایک بوتل آب ترب - رسوت پاؤ پختہ - رسوت کو عرق گلاب و آب ترب میں حل کر کے منقطر کر کے آنچ دیں - جب گاڑھا ہو جاوے - دال چاکسو ۴ تولہ - ہلیلہ زنگی ۲ تولہ - آرد تخم بکاین ۲ تولہ - ان تینوں کو باریک کر کے ادویہ مذکورہ ڈالدیں - پھر گولی بقدر نخود بناویں - خوراک ڈیڑھ ماشہ بوقت صبح باسی پانی کے ساتھ نوش کریں۔

(۲۳۹) **نسخہ برائے سوزاک** - طباشیر - سنگ یہود - کاکنج - بروزہ مدبر - کتیرا گوند - کباب چینی ہر ایک ۹ ماشہ الائچی خورد - جواکھار ہر ایک ۶ ماشہ - گل مختوم ۷ ماشہ - باریک نمودہ خوراک ۳ ماشہ۔

(۲۴۰) **دیگر** - تخم خیار - گل بنفشہ ہر ایک ۵ تولہ - تخم خربزہ - مغز کدو ہر ایک ۷ تولہ - چاروں کو ملا کر اکیتولہ گھوٹ کر سردائی بناویں اور ۳ تولہ مصری ڈالکر پہلے سفوف ۳ ماشہ منہ میں ڈال لیویں پھر سردائی مذکورہ نوش کریں۔

(۲۴۱) **نسخہ برائے وجع مفاصل یعنی درد جوڑوں کا** - مصبر - شحم حنظل - گوگل ہر ایک ۱ تولہ - فرفیون ۹ ماشہ - ان چاروں کو باریک کر کے آب گوار گندل میں بقدر نخود گولیاں بناویں خوراک پہلے ہفتہ میں ایک ماشہ بوقت صبح پانی کے ساتھ نوش کرے - دوسرے ہفتہ ناغہ - تیسرے ہفتہ میں خوراک ۲ ماشہ بوقت صبح ہمراہ آب نوش کرے - چہارم ہفتہ میں ناغہ - پنجم ہفتہ میں خوراک ۳ ماشہ بوقت صبح آب کے ساتھ نوش کرے۔

(۲۴۲) **نسخہ برائے سرفہ شدید مجرب** - فلفل گرد ۱۰ ماشہ - فلفل دراز ۱۲ ماشہ - انار دانہ ۳۰ تولہ - قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ - جوا کھار ۴ ماشہ - خوراک واسطے بچہ ایک رتی نوجوان کے واسطے ۴ رتی -

(۲۴۳) **نسخہ برائے حمل** - ڈھائی ماہ سے پانچ ماہ تک گرتا ہو برائے روک حمل **صفت** - برادہ ہاتھی دانت سپاری کاٹھی - شاخ گوزن سوختہ - گلنار - آبریشم مقرض موتی بیچے ان بندھے ہر ایک ۲ ماشہ - مرجان سوختہ گل سرخ - کشنیز خشک - عود ہندی مصطگی - زرنباد - کباب چینی - ہر ایک ۴ ماشہ - شک کافور ایکماشہ شہد خالص پاؤ خام - آملہ بناری ایک عدد - ہڑ مربہ ۲ تولہ سب چیزیں باریک پیکر شہد میں ملاکر خوراک ایک وقت صبح نہار منہ کھائے -

(۲۴۴) **نسخہ برائے تپ لازم** - گل بنفشہ - عناب - تخم کاسنی - بیخ کاسنی - اسبغول ہر ایک ۸ تولہ - گل نیلوفر کنول پھول - سپستان - مکو سبز ہر ایک پاؤ پختہ - ملیٹھی - کشنیز - بیخ بادیان - تخم کاہو - تخم خرفہ - آملہ - زرشک شیریں ہر ایک ۵ تولہ تخم خطمی - خبازی - گاوزبان - اذخر - تخم خیارین - شاہترہ - خوبکلاں ہر ایک ۴ تولہ - برادہ صندل سفید ۷ تولہ - بادیان ۸ تولہ - تخم خربزہ ۳ تولہ - گل سرخ - خشخاش سفید - خشخاش سیاہ ہر ایک ۱۰ تولہ - سنگ زہر مہرہ سائیدہ - طباشیر ہر ایک ۲ تولہ - شک کافور - زعفران ہر ایک ۲ ماشہ - کدو سبز آدھ سیر پختہ - گلشی مینی خیار ۲ عدد - گاجریں سبز ۱ ٓار پختہ پیٹھہ سبز ۱ آثار پختہ - گلو سبز ۳ آثار پختہ - دودھ گاؤ پانچ آثار پختہ - بہ طریقہ معروف عرق کشند بقدر ۲۰ بوتل - خوراک فی بوتل چار یوم بوقت صبح -

(۲۴۵) **سفوف ایضاً** - ست گلو - طباشیر - الائچی خورد ہر ایک یکتولہ - کتیرا گوند - صمغ عربی ہر ایک ۵ ماشہ تخم بیلانہ ۷ ماشہ - پوست اسبغول ۴ ماشہ مغز کدو مغز خیارین - مغز خربوزہ ہر ایک ۲ ماشہ - چوب صندل سفید سائیدہ ۱۳ ماشہ - سنگ زہر مہرہ خطائی سائیدہ - رب السوس ہر ایک ۲ ماشہ - مصری کوزہ ۲ تولہ خوراک ۲۰ ماشہ ہمراہ عرق مذکور نوش کریں -

(۲۴۶) **نسخہ عرق برائے سوزش بول** - تخم خیارین - تخم خربزہ - تخم تربوزہ - پوست اسپغول ہر ایک نیم آثار پختہ - تخم کاسنی ایک آثار پختہ - خارخسک دو آثار پختہ - ایں ہمہ ادویہ کوفتہ در آب تر سازند تا سہ شب دو روز بعدش جوش دادہ عرق کشند بقدر دس بوتل - خوراک - ۱۰ تولہ چار تولہ مصری ڈالکر صبح پیویں -

جناب حکیم ڈاکٹر حیات علی صاحب طبیب سرکاری شفاخانہ اٹیٹی ریاست بھوپال اسٹیشن باناپورہ کے مجربات

(۲۴۷) **نسخہ برائے قروح سوداوی و قوبا وغیرہ** کہ دہ سالہ را زائل کند و نیز جملہ اقسام بثور و قروح کہ

دراں باشد سفید است - گنہ یک آملہ سار - سہاگہ - شب یمانی ہر ایک ۵ ماشہ تا در کھرل سائیدہ سیماب ۵ ماشہ انداختہ لعاب دہن بقدر حاجت یعنی اینقدر اندازند کہ دوا تر شود بسایند کہ سیاہ مثل کاجل شود - پس روغن گاؤ آمیختہ دوا تیار سازند (نوٹ) ہر قدر کہ کہنہ خواہد شد سفید زیادہ خواہد شد - (انشاء اللہ تعالے) -

(۲۴۸) نسخہ برائے اقسام سرسام - سرکہ ۶ ماشہ - روغن گل یکتولہ عرق گلاب ۵ تولہ پارچہ تر کردہ بر تارک سر نہند

(۲۴۹) ضماد برائے صداع ہر قسم - برادہ صندل سفید - زنجبیل - بیخ ارنڈ مساوی باریک سائیدہ نیم گرم ضماد نمایند

(۲۵۰) خمیرہ گاؤزبان مقوی قلب و دماغ - گاؤزبان - بادرنجبویہ - بہمنین - تودرین ہر ایک ۴ تولہ - گل گاؤزبان - تخم فرنجمشک بارچہ بستہ - برادہ صندل سفید و سرخ - تخم خرفہ مقشر - تخم بالنگو پارچہ بستہ - ابریشم خام مقرض کشنیز خشک ہر ایک ۲ تولہ ادویہ کوفتنی کوفتہ یکشبانہ روز در آب تر دارند - بعدہ جوش دادہ مالیدہ صاف نمودہ قند سفید آثار عسل خالص - ثار آمیختہ بقوام آوردہ خمیرہ تیار سازند ورق نقرہ یکتولہ حل کردہ بدارند و یکتولہ بمقدار خوردہ باشند -

(۲۵۱) نسخہ مقوی معدہ و حابس اسہال مصطگی رومی - دانہ ہیل خورد - طباشیر ہر ایک یکماشہ کوفتہ بیختہ نبات سفید ۳ ماشہ آمیختہ سفوف سازند و سہ حصص نمودہ یک حصہ را صبح و یک و نیم بعد دیگ را شام بخورند -

(۲۵۲) نسخہ مجوزہ اختر علی صاحب بخاری برائے بول الدم و سوزش را ہم نافع ہست - سبوس اسپغول - گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ - زردرد - نیلوفر ہر ایک ۳ ماشہ - صمغ عربی - اقاقیا - دم الاخوین - ست گلو طباشیر کبود - سنگجراحت ہر ایک ۳ ماشہ کوفتہ بیختہ سفوف سازند - قدر خوراک ۳ ماشہ در روز سہ بار بخورند و بالائیش شیرہ خشخاش سفید ۶ ماشہ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ در آب بر آوردہ نبات سفید یکتولہ آمیختہ بارتنگ ۳ ماشہ پاشیدہ بنوشند -

(۲۵۳) نسخہ مرہم برائے زخم سوختہ - سفیدہ کاشغری - رال سفید - سنگجراحت - کتھہ سفید ہر ایک ۳ ماشہ سائیدہ روغن السی ۳ تولہ با آب آہک شستہ آمیختہ مرہم سازند و استعمال نمایند -

سوامی ہریداس صاحب راج وید سرلو پچار گڑھ شکار لیہ جے پور کے مجربات

(۲۵۴) تریاق مجرب المجرب کم خرچ - گلقند آفتابی یکتولہ عصارہ ریوند ۲ ماشہ - روغن بادام خالص ۱ ماشہ (ترکیب) عصارۂ ریوند کو خوب باریک پیسکر گلقند میں ملا دیں - اُسکے بعد روغن بادام ملا دیں - بوقت ضرورت بارہ برس کی عمر سے ۶۰ سال کی عمر تک یہ ایک خوراک ہے - بچوں کیواسطے ۲ ماشہ یا کم و بیش طبیب کی رائے پر - زہر خوردہ کو شیر گاؤ یا روغن گاؤ گرم میں ملاکر پلا دیں اور دس منٹ کے بعد پھر یہ دوا دیں - مریض ہیضہ کو ابتدا یا آخر میں اُسکا دینا مفید ہے - درد معدہ و درد قولنج - درد جگر - درد گردہ ریاحی یا بدنی کو اُسکے استعمال سے

آرام ہوتا ہے - دوا کے بعد عرق بادیان پلاویں - تیس یا ساٹھ منٹ کے بعد قے اور اسہال جاری ہونگے ہر قے واسہال کے بعد عرق بادیان ۵ تولہ پلاویں - امراض مذکورہ بالا کے واسطے یہ نسخہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے -

(۲۵۵) **اکسیر ہیضہ** - کچلہ مدبر - میٹھا تیلیہ مدبر - زنگرف سیاہ ہموزن لیکر خوب سحق کریں - بقدر چہارم حصہ دانہ موٹھ حبوب تیار کریں - مریض ہیضہ کو ہمراہ آب دیں - اُسیوقت ہوش میں آجاویگا - چند گھنٹہ تک دو دو گھنٹہ کے فاصلہ پر ایک گولی دینا چاہیئے - نہایت سود مند ہے -

(۲۵۶) **اکسیر مار گزیدہ** - عصارہ ریوند - پوست ریٹھہ ایک ایک تولہ - دونوں کو مثل سرمہ کے پیس لیں خوراک ۸ رتی سے ایکماشہ تک روغن زرد کے ساتھ صرف ایک ہی دن میں تین خوراکیں دو دو گھنٹہ بعد کھلاویں یکروزہ شفا ہے -

(۲۵۷) **برائے جذام** - اندرائن کی جڑ - نیم کی جڑ - باپچی - گندھک آملہ سار ہر ایک ۴ تولہ سفوف کرکے ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک شہد میں ملا کر کھانے سے جذام کو حکمیہ فائدہ ہوتا ہے - صرف چنے کی روٹی کھانے سے چالیس روز کے اندر فائدہ ہوجاتا ہے - اس مجرب المجرب نسخہ سے کئی آدمیوں کا علاج ایک سنیاسی کرتے تھے اور اُنھوں نے مجھکو بخشا ہے اور میں نے بھی پانچ چھ جگہ کامیابی حاصل کی ہے - بعد آرام کے خیرات ضرور کرنا چاہیئے

(۲۵۸) **جریان** کشتہ قلعی - مغز تخم املی بریاں - موصلی سفید - بھوپھلی - تعلب مصری - بہمنین - تودری سفید - شقاقل - پھلی ببول - کمرکس - کتیرا - دانہ الائچی کلاں - مغز کشنیز ہر ایک ہموزن سفوف کرکے اس دوا کے ہموزن مصری ملاکے خوراک ۹ ماشہ شیر گاؤ خام کے ہمراہ کھاوے محرورین کو اکسیر کا کام دیتا ہے -

(۲۵۹) **نسخہ قوت باہ مجرب المجرب بعمر ۶۰ سال** - عود غرقی ۳ ماشہ - عنبر اشہب ۱ ماشہ - مومیائی والائی ۱ ماشہ - تریاق فاروق ۱ ماشہ - اگر نہ ملے تو قرص افعی - مشک تبتی ۶ رتی - ورق طلا دس عدد یہ ادویہ عرق گلاب میں حل کرکے گولی برابر مونگ کے بناویں - دوماہ تک اناج میں بند کرکے رکھدیں - بعد دوماہ کے ایک بوقت صبح حلوہ بادام کے ساتھ کھاویں -

(۲۶۰) **طلائے عجیب اُوپر والی گولی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے** - سہاگہ ایکماشہ - بنارہ زیچھ ۳ رتی - مشکی حنا ۴ رتی - عاقرقرحا ایکماشہ - گوند ببول ۴ رتی - شہد خالص میں حل کرکے طلا کریں -

(نوٹ) اس نسخہ کی بابت ہم سے اور کچھ دریافت کرنا ہو تو کر لینا چاہیئے -

جناب پنڈت سورج نارائن صاحب ویدراج آڈابازار اندور کے مجربات

(۲۶۱) طحال (تلی) کے واسطے بانس تکوڑے کی جڑ دو ماشہ - پانچ کالی مرچ - شہد ۲ تولہ کے ساتھ کھانا دس روز میں آرام ہوجاتا ہے - یہ نسخہ اور بھی خون کی بیماریوں کے واسطے اچھا ہے -

(۲۶۲) امراض چشم - آنکھ میں پھولا اور ناخونہ وغیرہ کیواسطے بڑی کابلی ہڑ کا بکل (چھلکا) اور سفید پنرواکی جڑ یہ دونوں برابر چورن کرکے ایک دن عورت کے دودھ میں گھوٹنا اور بعد اُسکے بتی بنالینا پھر بتی کو عورت کے دودھ میں گھسکر لگانے سے بلا کچھ تکلیف ہوئے آرام ہوجاتا ہے - اور پانی میں گھس کے لگانے سے کچھ تکلیف ہوکے آرام ہوتا ہے -

جناب پنڈت بیرول صاحب ویدراج خلف پنڈت امرناتھ صاحب بھگت دہلوی مقیم رامپور اسٹیٹ کے مجربات

(۲۶۳) نسخہ آتشک - گیرو ۱۰ تولہ - تج ۴ تولہ - گڑ کہنہ ۴ تولہ - گیرو اور تج کو کوٹ پیسکر کپڑے سے چھانکر گڑ میں ملاکر گولی بیر جانی کے برابر بنائیں - آم کے اچار کے چھلکے و گودہ میں گولی توڑ کر ملالیں اور کھائیں لیکن دانت نہ لگیں صرف مونگ کی دال اور سرکا چھوڑکر تمام چیزیں کھاسکتے ہیں - چودہ گولی تک چودہ روز میں کھایا جائے -

(۲۶۴) نسخہ قوبا (داد) افیون - تخم پنواڑ - نوسادر - کتھہ سفید ہر ایک ایکتولہ سب کو باریک پیسکر عرق لیموں کاغذی میں گولیاں بنارکھیں اور پانی میں گھس کر داد پر ہلکا لیپ کریں - دن میں دو بار لگادیں دوچار یوم میں داد رفع ہوجائیگا -

(۲۶۵) نسخہ کشتہ نقرہ - ورق نقرہ ایکتولہ - لوبان کوڑیا ۲ تولہ - دونوں کو عرق ادرک میں گھوٹ کر ٹکیہ بنالیں اور سکورہ گلی میں رکھہ کر گل حکمت کریں اور پانچ سیر کوئلہ ببول کی آگ دیدیں - ایک ہی بار میں کشتہ سفید ہوجائیگا - اتفاقیہ کچھ کمی رہجائے تو پھر عرق ادرک میں گھوٹ کر بدستور آگ دیدیں -

(۲۶۶) نسخہ لاغری بچگان (مرض سوکھا یا مساق) بیضہ مرغ کے پوست ایکتولہ - بچ یعنی بال بچ ۳ ماشہ لہسن تازہ ۳ ماشہ - موم صاف شدہ ۳ تولہ - پوست بیضہ و بچ کو پیسکر چھان کر لہسن کے ساتھ گھوٹ کر موم کو پگھلا کر داخل کردیں اور گولی مونگ کے برابر بنارکھیں - ایک گولی صبح اور ایک شام ہر روز چالیس یوم بچہ کو شیر مادر کے ساتھ کھلائیں - خواہ پانی کے ساتھ -

(۲۶۷) **نسخہ سل** - خون منہ سے آنیکو فوراً روک دیتا ہے - بڑھل (جو گول شریفہ کے مانند کچھ بڑا ہوتا ہے) کے بیجوں کو خشک کرکے بھاڑ میں بریاں کرالیا جائے - اگر چنوں کے ساتھ بریاں کرایا جائے تو آسانی ہوگی - یہ بھنا ہوا بیج ایک صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ مسلم نگلوایا جائے -

(۲۶۸) **درد گٹھیہ وغیرہ** - آلو یعنی ارلو کے پھول ۳ تولہ پاؤ سیر روغن السی میں پکیکر کڑاہی آہنی میں پکایا جائے یہانتک کہ پھول جلجائیں - پھر آگ سے اُتار کر کسی لکڑی یا لوہے کی موصلی سے اسقدر گھوٹا جائے کہ تیل اور پھولوں کی خاک ایک جان ہوجائے اس تیل کی مالش درد کے مقامات پر صبح یا شام کو کی جائے اور اُوپر سے ارنڈ جو گیا جس کی سُرخ ڈنڈی ہوتی ہے کا پتہ باندھ دیا جائے

(۲۶۹) **تیل برائے اور ٹشٹ** (یعنی اڑیٹھ) روغن السی ایک سیر کمیلا ۸ تولہ - اینٹ کی سرخی ۲ تولہ - اس کو گرم کرکے جب کچھ گرم ہو جاوے - تب کڑاہی کو آتار نیم کے سونٹے سے چار گھنٹہ تک گھوٹیں - بعد میں بوتل میں بھردیں اور ایک پھایہ اور ٹشٹ پھوڑے پر لگاویں -

(۲۷۰) **نسخہ سوزاک** - کتھا شورہ قلمی - ست بیروزہ - پھٹکڑی بریاں - ریوند چینی - گل ارمنی - سیلکھڑی - گیرو - کشتہ ہزارہ (یعنی کشتہ حجر الیہود) ملیٹھی - ان سب دواؤں کو ایک ایک تولہ لیکر کوٹ چھانکر برابر کی مصری ملاکر ۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام کو گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں -

(۲۷۱) **نسخہ پچکاری سوزاک** - نیم کی کونپل - برگ ہندی - ترپھلا ہر ایک ۳ تولہ - کتھا - کافور - رسوت ہر ایک ایکتولہ - توتیا ۴ رتی - ترپھلے کو پہلے بھگو دیا جائے اور نیم کے پتے اور ترپھلا خوب پیس لیا جاوے اور رسوت اور کافور اور کتھا ان میں سے آدھی آدھی پیس لی جاویں - پھر ڈیڑھ سیر پانی ایک ہانڈی میں بھر کر جوش دیا جاوے جب ایک سیر رہجاوے تب اُتار کر رسوت کتھا کافور ملاکر بوتل میں رکھ لیں - صبح شام پچکاری لگاویں -

جناب لالہ کندن لال صاحب مالک کارخانہ وشنائی لالہ ہری سہائے فرخ نگر ضلع گوڑگانوہ کے مجربات

(۲۷۲) **نسخہ دافع مستہ و بواسیر خونی و بادی** - نیلا تھوتھا - ریٹھا - سہاگہ - ہلیلہ - سجی کالی ہر ایک ایکتولہ - سیندور ۲ ماشہ - ان سب چیزوں کو پیسکر چار روز بقدر ضرورت ادرک کے عرق میں کھرل کریں - بعد ازاں برابر نخود گولیاں بناویں - اور نصف گولی تھوک میں گھسکر مسوں پر لگاویں - بواسیر خواہ خونی ہو یا بادی دونوں کو مفید ہے -

پرہیز کھٹائی - مرچ - تیل - گڑ -

(۲۷۳) سفوف بنا برو فعہ گانٹھ بھاد وغیرہ۔ سجی سیاہ۔ نمک سانبھر ایک ایک تولہ دونوں کو خوب باریک پیس لیویں اور ایک پیسہ کا دہی منگا کر اسکو کپڑے میں باندھکر لٹکا دیویں۔ جب پانی ٹپک جاوے اُس دہی کی ٹکیہ بناکر اور اُسپر سفوف بقدر ۳ ماشہ لگاکر گانٹھ پر باندھ دیویں۔

جناب حکیم میر محبوب حسن صاحب بہاری مقام ارریہ ضلع پورنیہ کے مجربات

(۲۷۴) نسخہ مرطوب کھانسی ودمہ۔ خولنجان ۲ تولہ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ عاقرقرحا ایک ماشہ گل غافث ۲ ماشہ ان سب دواؤں کو سفوف کرکے ۴ تولہ شہد خالص میں ملاکر نگاہ رکھیں۔ خوراک صبح ۳ ماشہ وشام ۳ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم اشیاء بادی وسرد وترشی سے پرہیز۔

(۲۷۵) نسخہ جذام۔ تنقیہ کامل یعنی منضج ومسہل کے بعد استعمال کریں۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۶ تولہ۔ صبر سقوطری ۳ تولہ۔ ان سب کو سفوف کرکے گھیکوار کے گودہ میں تین مرتبہ کھرل کرکے برابر مٹر کابلی کے گولی بناکر سایہ میں خشک کرکے نگاہ رکھیں۔ خوراک دو گولی صبح و دو شام ہمراہ آب تازہ کھالیا کریں۔ غذا۔ روٹی گندم وچنا ملاکر چنے کی دال۔ گوشت صلوان وچوزہ میں ڈالکر شوربہ اور مکھن۔ باقی سے پرہیز کریں اور خدا کی قدرت ملاحظ کریں۔

(۲۷۶) تدبیر کچلہ جہت فالج ولقوہ ودرد مفاصل۔ کچلہ ۲ ہار۔ چونا سیپ اتار لیکر دس سیر پانی میں ڈالکر اور اُس میں کچلہ ڈالکر چار پہر تک نرم آنچ پر رکھیں۔ اسی طرح تین بار پکاویں۔ بعدہ سات مرتبہ گرم پانی سے کچلہ کو دھوکر مثل حلوائے بادام کے تراش کر نگاہ رکھیں اور بعد تنقیہ کے صبح وشام ایک قاش پان میں کھالیا کریں۔ ترشی بادی۔ سردی سے پرہیز رکھیں۔

(۲۷۷) نسخہ معجون چوب چینی واسطے آتشک ومفاصل وجریان۔ چوب چینی ۲۰ درم۔ دارچینی۔ ثعلب مصری شقاقل۔ ابریشم مقرض۔ عود ہندی۔ عاقرقرحا۔ پوست آملہ۔ کشنیز خشک۔ مصطگی رومی۔ مغز کدو شیریں۔ صندل سرخ طباشیر۔ بسد سرخ۔ وج ترکی۔ جاوتری۔ زعفران ہر ایک دو درم۔ بہمن ہردو۔ جوز بویہ۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ تالمکھانہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ تخم کاہو۔ تخم کاسنی۔ تخم خشخاش سفید۔ فرنجمشک ہر ایک ۴ درم۔ گل سرخ ۲ درم اسگندھ ناگوری ۳ تولہ۔ بہدانہ شیریں ایک درم۔ مغز بادام شیریں مقشر ۱ تولہ۔ مغز خربزہ۔ مغز تربوز۔ مغز نارجیل ہر ایک ۴ تولہ۔ چھوہارہ ۸ تولہ۔ ورق طلا ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۴ ماشہ۔ عنبر اشہب ۴ ماشہ۔ عسل خالص کف گرفتہ

سہ چند - بدستور معمول معجون سازند - قدر خوراک دو درم تا سہ درم بعد از چہل روز بہ استعمال آرند نہایت مجرب است

(۲۷۸) **نسخہ برص** - دارفلفل ۷ درم - دارچینی ۷ درم - جنطیانہ ۵ درم - جند بیدستر ۴ درم - سنبل الطیب ۱۲ درم اذخر مکی ۱۲ درم - زراوند طویل ۱۱ درم - افیون ۵ تولہ - زعفران ۲۱ ماشہ - فلفل سفید ۱ تولہ - زنجبیل خشک ۳۰ تولہ پودینہ - روغن بلساں ہر ایک ۳ تولہ - تخم کرفس ۵ تولہ - بزرالبنج ۵ تولہ ۷ ماشہ - افیون ۵ تولہ ۷ ماشہ - افود ۴ تولہ ۱ سارون ۴ تولہ عسل خالص سہ چند بدستور معروف معجون سازند - خوراک ایکماشہ ہمراہ آب سرد -

(۲۷۹) **ایضاً** - فلفل سیاہ فلفل سفید - بزرالبنج ہر ایک ۲۰ مثقال - افیون ۱۰ مثقال - زعفران ۵ مثقال - عقرقرحا سنبل الطیب - عودغرقی ہر ایک ۲ درم ۱ مثقال - فرفیون ۱ مثقال - نانخواہ ۲ درم - عسل خالص سہ چند بدستور معجون سازند - خوراک یکماشہ ہمراہ آب سرد -

(۲۸۰) **نسخہ طلا مجرب نامردی وسستی اعصاب باہ** - سنبل زرد ۱۰ ماشہ - سنکھیا ۵ ماشہ - عقرقرحا ۵ ماشہ - مغز گھونگچی سفید ۱۵ ماشہ - سوہاگہ ۱۵ ماشہ - پوست بیخ کنیر ۲۰ ماشہ - بچھناگ ۱۵ ماشہ - دودھ گائے کا ۱۰ سیر لیکر جوش دیں - جب چھ سیر باقی رہے اس میں ادویہ مذکورہ بالا سفوف کرکے داخل کریں اور جوش دیں جب دوا خوب مل جاوے اُتار کر دہی جماویں دوسرے روز صبح کو مکھن نکال کر گھی بنالیں - صبح و شام پندرہ روز مالش کریں - اور ایک چاول پان میں کھانا صبح کو نہایت سودمند ہے - غذا مرغن - ترشی بادی سے پرہیز -

(۲۸۱) **نسخہ دافع نسیان** - مجرب ہے - کندر ۷ درم مصطگی رومی - دارچینی ہر ایک ۴ درم - دارفلفل - گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ایک درم - حب کا کنج ۱۱ عدد - ان سب کو سفوف کرکے ہموزن قند سفید ملا کر ۳ ماشہ ہر صبح ہمراہ آب تازہ کھالیا کریں -

(۲۸۲) **نسخہ معجون جہت تقویت باہ مجرب ہے** - نانخواہ - تخم گاجر - زنجبیل خشک - تخم کرفس - تخم شبت ہر ایک ۵ تولہ مصطگی رومی - قرنفل - عاقرقرحا - بسباسہ - عودغرقی ہر ایک ۴ تولہ سہ چند عسل خالص بدستور معروف معجون بنالیں - خوراک ۱۰ ماشہ ہمراہ آب تازہ -

(۲۸۳) **نسخہ برائے دفع طحال** کہ علاج سے عاجز ہوں - پیارانگا - زہرہ خرگوش - زہرہ زاغ سیاہ - زہرہ روہو مچھلی زردچوبہ سوختہ - زاج سفید سوختہ - توتیا ہندی سوختہ - سہاگہ سوختہ ہر ایک ۴ ماشہ - ان سب کو گھیکوار کے گودہ میں سات بار کھرل کرکے بقدر نخود کے حبوب باندھکر نگاہ رکھیں - خوراک جوان کو چار حب - بچہ کو ایک حب صبح و شام ترشی و بادی سے پرہیز - قدرے پیارانگا سرکہ میں حل کرکے نیم گرم طحال پر ضماد کریں -

(۲۸۴) **نسخہ جہت مرض تپ کہنہ** - مغز تخم زیب۔ مغز بادام تلخ ہر ایک ایکتولہ - زیرہ سفید ۶ ماشہ - ان سب کو کریلے کے عرق میں کھرل کرکے بقدر ۲ ماشہ قرص باندھکر ایک صبح و ایک شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں - غذا مونگ مسور کی دال کا پانی و چاول یا روٹی -

(۲۸۵) **نسخہ قرص تپ کہنہ ورم جگر و طحال** - افسنتین رومی - انیسوں - تخم کرفس - اسارون - مغز بادام تلخ ہر ایک ۳ درم - ان سب کو سفوف کرکے عرق بادیان میں حل کرکے قرص بنالیں ایکدرم روز صبحکو ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان کھلائیں

(۲۸۶) **نسخہ جوشاندہ جہت استسقا** - بادیان تولہ عنب الثعلب تولہ - برگ بکاین ۹ ماشہ - جٹاباانسی ۶ ماشہ - عود ۶ ماشہ - چرایتہ تلخی ۲ ماشہ - بگادے سبز ۲ ماشہ - ان سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیکر جب پاؤ سیر باقی رہے اُتار کر ملکر چھان کر گلقند ۲ تولہ عسل ایکتولہ اضافہ کرکے روز صبح پی لیا کریں -

(۲۸۷) **نسخہ حب دافع ضعف ہاضمہ و ضعف معدہ** - زرنب ایکتولہ - قرنفل - دانہ ہیل خورد - سعد کوفی - زنجبیل خشک - صندل سفید - مغز کنول گٹہ - خس ہندی - طباشیر - کشنیز خشک - اگر تگر - زیرہ سیاہ - اشنہ - سگندبالا یعنی اسارون ہر ایک ایکتولہ - دارفلفل ایکتولہ - تربد مجوف خراشیدہ ۲ تولہ - ان سب کو سفوف کرکے برابر سب کے شکر سفید زیادہ کرکے شہد خالص میں بقدر ۹ ماشہ گولی بنائیں و ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ ایک صبح و ایک شام کھلائیں -

(۲۸۸) **نسخہ دافع سرعت انزال** - جوزبویہ ۵ عدد لیکر اُس میں ایک ایک ماشہ افیون جوف کرکے داخل کریں - ایک انار شیریں پختہ لیکر اُسمیں جوف کرکے جوزبویہ ڈالکر گل حکمت کرکے پانچ دشتی کی آگ میں پکائیں یہانتک کہ انار گل جائے وہی جوزبویہ نکالکر حل کرکے بقدر نخود حبوب باندھکر نگاہ رکھیں - ایک صبح ایک شام کھایا کریں - ترشی و بادی سے پرہیز کریں

(۲۸۹) **نسخہ معجون بواسیر خونی و بادی** - مقل ازرق ۳ درم - ترپھلا ۳۰ درم مقل کو عرق گندنا سبز میں شبانہ روز تر کرکے خشک کرکے سب کو سفوف کرکے شہد خالص ۶۰ درم قوام کرکے ادویہ مسحوقہ بالا داخل کرکے معجون بنالیں قدر شربت دو درم سے تین درم تک ہمراہ آب تازہ -

(۲۹۰) **نسخہ حب جہت قوت باہ و سرعت انزال و ممسک و نافع سرفہ و دمہ و تپ کہنہ و بواسیر خونی و بادی و ضعف اعضاء رئیسہ** - علک البطم مصطگی رومی - زعفران ہر ایک ۴ درم - قرنفل ۳ درم مشک خالص ۶ دانگ - جدوار خطائی ۲ درم - ان سب کو سفوف کرکے قدرے مصری عرق گلاب میں حل کرکے شیرہ لیکر بقدر نخود کے گولی بنا کر صبح و شام ایک ایک یا دو دو گولی کھا کر اوپر قدرے آب تازہ پی لیا کریں آزمودہ و مجرب ہے -

(۲۹۱) **نسخہ منجن جہت درد دنداں** - تخم سنبھالو - تخم خطمی - گل سرخ - نمک لاہوری - پھٹکری سوختہ ہر ایک ۲ ماشہ

مرچ سیاہ۔ سوپاری سوختہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ مازو سبز ۲ ماشہ۔ گل بابونہ ۴ ماشہ ان سب کو سفوف کرکے نگاہ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت دانتوں میں مَلکر پان کھاکر سو رہیں۔

جناب حکیم حاجی سید امجد علی صاحب طبیب کشن گنج دہلی کے مجربات

(۲۹۲) آتشک۔ مہندی۔ الائچی کلاں۔ کتھا ایک ایک پیسہ کی لیکر سب کو باریک پیسکر بیر کے برابر گولیاں بناؤ ایک گولی روز پانی کے ساتھ کھاؤ۔ پرہیز کھٹائی۔ مٹھائی شراب تیز نمک۔

(۲۹۳) سوزاک۔ الائچی خورد۔ سنگجراحت۔ جواکھار ہر ایک ۳ ماشہ باریک پیسکر بکری کے دودھ کی لسی کے ساتھ پھانکیں

(۲۹۴) نسخہ انجماد منی۔ اڑد سیاہ رات کو پانی میں بھگودو۔ صبح کو دھوکر سل پر پیسو اور سیاہ مرچ ۱ ماشہ۔ شکر خام ۳ تولہ گھی ۲ تولہ۔ لونگ سے بگھار کر نیم گرم نوش کرو۔

(۲۹۵) امساک۔ الائچی خورد ایک عدد۔ مویز منقی ایک عدد گل کنیر سفید ایک عدد۔ قدرے افیون کوٹ پیسکر سب کو ملاکر ایک گولی۔ ایک خوراک ہوئی۔

(۲۹۶) ہیضہ۔ ہلدی گلاب میں گھسکر پلاتے رہیں۔ نجات ہوگی۔

(۲۹۷) فصلی بخار۔ جنگلی کریلہ کے پتے آدھ سیر۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ خوب باریک پیسکر چنے کے برابر گولیاں بناؤ بلحاظ قوت مریض ایک یا ایک سے زیادہ گولیاں استعمال کراؤ۔

طبی کانفرنس کے چھٹے سالانہ اجلاس

منعقدہ رامپور اسٹیٹ کی ایک خاص میٹنگ میں

جناب حکیم فضیل احمد صاحب بدایونی کے مجربات

(۲۹۸) ورم غدود و سرطان کا ورم تحلیل ہونیکے لئے۔ جدوار۔ بیخ سوسن آسمانی گل۔ گل بابونہ آب کاسنی میں پیسکر لیپ کیا۔ تین دن میں تحلیل ہوگیا۔

(۲۹۹) درد ڈاڑھ۔ ہلدی ۲ ماشہ۔ پھٹکری ایک تولہ۔ افیون ایک ماشہ۔ ہلدی کو گرم راکھ میں اُبالیں جب وہ نرم ہوجاوے اُس کو نکالکر تینوں کو پاؤ بھر پانی میں پیس لیا جائے۔ مٹی کے کونڈے میں بھر کر پکایا جائے جب پانی

رہ جاوے تو اُس سے غرارہ کرنا چاہیئے - دو منٹ میں درد کو سکون ہو جائیگا -

جناب حکیم فرید احمد صاحب عباسی طبیب ریاست بھیکم پور کے مجربات

(۳۰۰) **ورم غدودی** - تخم خشخاش ایک چھٹانک کو بھیڑ بکرے کے دودھ میں پکایا جاوے - ۲ تولہ موم اور ۲ تولہ روغن گل شامل کیا جاوے - اور ساتھ ہی زعفران ایکماشہ - تخم خطمی - بال چھڑ - گل سرخ ہر ایک ۲ ماشہ پیسکر ملائی جاوے صبح و شام دوبار لگانے سے برون کثیف کے گلٹی تحلیل ہو جاتی ہے -

(۳۰۱) **منجن مفید امراض مسوڑھ** - پوست ببول ایکتولہ - نوشادر - فلفل سیاہ - پھٹکری بریاں - عقرقرحا گیرو ہر ایک ۳ ماشہ باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں -

(۳۰۲) **تیل عجیب** - ایک شخص کے پاؤں میں زخم بہت عرصہ تھا - اسوجہ سے اُسکی ٹانگ بہت سوکھ گئی - مندرجہ ذیل نسخے سے ۲۰ دن کے اندر اُس کی ٹانگ ویسی ہی ہو گئی - ستیاناسی کے پانچوں اجزا لیکر کوٹ لیا جاوے ڈیڑھ پاؤ - ایک بالشت چوڑا ایک گز لمبا کپڑا لٹھا یا گزی لیا جاوے اور اُس پر پھیلا دیا جاوے لوہے کی سیخ میں اُسکو لپیٹ دیا جاوے - سرسوں کے تیل میں بھگو دیا جاوے - پھر نکالکر اُسکو آگ لگا دی جاوے پیالہ نیچے رکھیں - قطرہ قطرہ ٹپکے گا - رنگت اُس کی سنہری مائل ہو گی - آگ لگنے میں اول دیر ہو گی - چراغ نیچے کچھ دیر رکھا جائے - پھر بھی جب گل ہوتی ہوئی معلوم ہووے تو ٹپکا ہوا اور تیل بھی ڈالا جائے - اس تیل کی مالش کیجاوے تو اُس سے سُست عضلات کو بہت تحریک ہوتی ہے - وجع المفاصل کیلئے بہت مفید ہوا ہے اور میرا خیال ہے مجلوقوں کو بھی مفید ہو گا - ہر قسم کے درد کو از حد مفید ہے -

(۳۰۳) **ککرے** - آدھ پاؤ سرمہ لیکر کیلہ کی جڑ میں دبا دیا جاوے - ۴۰ روز کے بعد نکال لیا جاوے - نیم کی کونپل کا رس ایک پاؤ - سونف سبز تازہ کا رس ایک پاؤ - ان میں علیحدہ علیحدہ کھرل کیا جاوے - پھر افیون ۲ تولہ - سفیدہ جست ۲ تولہ زعفران ۵ ماشہ ڈالکر باریک کھرل کر لیا جاوے - آنکھوں کے امراض کو اکسیر اور ککرے کو مفید ہے -

شریمان پنڈت بیر دل صاحب شرما وید راج دوارہ رام پور کے مجربات

(۳۰۴) **آتشک** - پارہ مصفی ایک تولہ - ملیٹھی ۲ تولہ - شہد ۳ تولہ کھرل کرکے اُس کی مہرتی کی گولیاں بنائی جاویں اور ملائی میں کھلائی جاویں ایک وقت اور اُسی کو گھسکر لگایا جاوے - اُڑد کی دال - روٹی اور گھی کھایا جاوے - دس گولی میں

صاف ہو جاتا ہے۔ مسنہ نہیں آتا مگر دانت میں لگنے تو درد ہو جاتا ہے۔

(۳۰۵) **دانت اور مسوڑھے کا درد**۔ طوطیا ایکتولہ بھون لیا جاوے۔ اور کتھ ایک تولہ چوٹھے میں جلاکر کوئلہ کر لیا جاوے۔ دونوں کو پیکر لگایا جاوے۔ فوراً آرام آتا ہے دانت کے ہلنے کو بند کرتا ہے۔

جناب حکیم ابو تراب محمد عبدالحق صاحب جنرل سکرٹری طبیہ لوکل کمیٹی امرتسر کے مجربات

(۳۰۶) **نسخہ بواسیر**۔ ۹۵ فیصدی فائدہ کرتا ہے قبض نہیں رہتی۔ خارش نہیں رہتی۔ خون بند ہو جاتا ہے۔ مسنہ مُردہ اگر ماہ کے بعد، دن اسکو کھاتے رہیں۔ پھر کبھی تکلیف نہیں ہوتی ہے۔ ایک سنیاسی سے حاصل کردہ ہے۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ ریٹھہ کا پوست سوختہ ایکتولہ دونوں کو پیکر سفوف بناکر ایک رتی مکھن یا بالائی میں رکھکر کھانی چاہیئے۔ تین دن نمک سے پرہیز کریں۔ ۷ دن میں آرام آویگا ترشی کا پرہیز۔

(۳۰۷) **بدھر کے واسطے**۔ خنازیر کی گلٹیوں کو بھی مفید ہے۔ گھونگھے سفید ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۳ ماشہ۔ گلاب کے عرق میں پیکر لیپ کر کے سینک دیا جاوے۔ جب دس منٹ میں خشک ہو جاوے۔ تو چونہ قلعی آب نارسیدہ روغن کنجد۔ سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ ان کا لیپ بناکر لگایا جاوے۔ صبح لگایا جاوے۔ شام تک فاقہ رکھیں۔

(۳۰۸) **استسقاء لحمی وضیق النفس** بلغمی کو بہت مجرب نسخہ ہے۔ طوطیائے سبز ایکتولہ۔ پھٹکری سرخ ایکتولہ دونوں کو باریک پیکر کدوے سبز تلخ کے درمیان ڈالدیں۔ ۴۰ روز پڑا رہے۔ مع کدوے سبز کے گودے کے دوائی پیسکر رکھے خوراک آدھی رتی ہر روز صبح منقی کے درمیان رکھ کر پانی یا عرق سونف سے دیویں۔ اس سے قے و دست دونوں ہوتے ہیں ۷۔ ۸ دن میں آرام آتا ہے۔

(۳۰۹) **گکرے**۔ پوست گولر۔ گیرو۔ سونٹھ۔ برابر وزن رگڑ کر لیپ بناکر لگانا مفید ہے مگر مندرجہ ذیل نسخہ اکسیر ہے۔

(۳۱۰) **ایضاً**۔ برگ نیم سبز ڈیڑھ سیر لیکر ایک برتن میں رکھ کر جلادیں۔ سیاہ ہو جائے پر اس کو پیکر کانسی کے تھال میں رکھ ڈالکر روغن کنجد راکھ سے نصف وزن ڈالیں۔ کانسی کے کٹورے میں ۲۱ روز کھرل کریں۔ پانی ڈال ڈالکر نکالتے جاویں۔ جیسا کہ مکھن دھوتے ہیں۔ اس کو سلائی سے لگانا گکروں کیواسطے بے نظیر ہے۔ قرحہ قرنیہ کے واسطے بھی اکسیر ہے۔ کیسا ہی زخم ہو آرام ہوتا ہے۔

جناب شرمان کوی ونود ویدبھوشن پنڈت ٹھاکردت صاحب شرما وید لاہور کے مجربات

(۳۱۱) **بواسیر خونی**۔ صرف ریٹھے کا پوست پیکر گولیاں گھونگچی کے برابر بنا لینے سے مرض خونی بواسیر کیلئے پانی کے

ساتھ کھلانے سے خون تیسرے دن بند ہوتا ہے۔ اور دہی کے ساتھ آتشک بناہ ۴ دن میں جاتا ہے اس کے علاوہ زہر بچھو۔ زہر سانپ اور کتے کے زہر کیلئے گھی کے ساتھ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

(۳۱۲) **بادی و بلغمی امراض کو اکسیر ہے**۔ پارہ ایک تولہ۔ گندھک ایک تولہ کی کجلی کرکے سنکھیا ایک تولہ ہڑتال ورقی ایک تولہ ملاکر آتشی شیشی میں ڈالکر کھلے منہ بالو جنتر میں ۲۴ پہر کی آنچ دیں نیچے سیاہ رنگ کی دوائی ہوگی اس کو پیسکر رکھ لیں۔ اس کی خوراک ۲ چاول سے ۲ رتی تک ہے منقی۔ مکھن۔ ملائی وغیرہ میں حسب ضرورت۔

(۳۱۳) **کشتہ نقرہ** ہزار دانی بوٹی پاؤ سیر۔ چاندی کا باریک پترہ ایک تولہ۔ نغدہ میں رکھکر اوپر ۲

جناب حکیم احسان اللہ خانصاحب ریاست رامپور کے مجربات

(۳۱۴) **مرض ڈبہ اطفال** ریٹھہ کی اندرونی سفیدی نکال لیں۔ اسمیں برابر وزن طوطیا بریاں ملایا جاوے باریک پیسکر نصف چاول برابر ایک سال کے بچے کو دیا کریں۔ ڈبہ کا مرض ایک دست یا قے سے دور ہوگا اس سے بڑے بچہ کو چاول برابر دیا گیا ہے۔ ماں کے دودھ میں گھسکر۔

(۳۱۵) **دھندو جالا**۔ سفیدہ جست ۲ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ دونوں کو کھرل کرکے شیشی میں رکھ لیں ایک سلائی صبح ایک سلائی شام لگاویں۔ بوڑھوں کے دھند جالا پھولا و نیز دھند کو بہت مفید ہے۔

جناب حکیم عبدالعزیز صاحب امروہہ ضلع مرادآباد کے مجربات

(۳۱۶) **ضعف کیواسطے**۔ مغز سفید ریٹھہ ۳ ماشہ۔ ۲ تولہ مصری ملاکر مغز بادام ودھاروہ پیسکر چٹنی کے طور پر صبح کو چٹا دیا کریں بہت ہی مفید ہے۔

(۳۱۷) **نسخہ پلیگ**۔ جس سے ۹۰ فیصدی آرام ہوتا ہے۔ فادزہر حیوانی۔ ناریل دریائی۔ رائی زرد۔ پوست بیخ مدار مساوی الوزن عرق پیاز میں کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ۲-۳ گھنٹہ بعد ایک گولی دودھ اونٹا کر ٹھنڈے سے دیویں۔ انہی گولیوں کو عرق پیاز میں پیسکر لیپ کریں۔

جناب حکیم عبدالجبار خانصاحب پیلی بھیت کے مجربات

(۳۱۸) **طاعون** - آکھ دمدار کے ببولہ کا عرق نکالکر پھاڑ لیا جاوے ۳ تولہ عرق اور ۲ تولہ گھی ملاکر پلایا جاوے اسکے بعد

وجریان کے واسطے خاص طور پر مفید ہے۔

خشکی وپیاس کے واسطے گھی ہی پلایا جائے۔ قے ودست خوب ہونگے۔ ۲ یا ۵ گھنٹہ کے بعد دوبارہ پھر دو تولہ عرق و دو تولہ گھی پلایا جاوے۔ پھر ایک ایک تولہ پلایا جاوے۔ اس کے بعد ۲-۲ ماشہ دونوں ملا کر دن میں تین مرتبہ پلایا جاوے۔ تا صحت پانی نہ دیا جائے۔ گھی پلاتے جاویں۔ علاج سخت ہے مگر صحت ضروری ہوتی ہے۔ میرا مجرب ہے۔

(۳۱۹) **یرقان** - توری کڑوی کا عرق نکالکر تین تین قطرے دونوں نتھنوں میں ڈالا جاوے۔ صرف ایک دن۔ تین دن پانی بہتا رہیگا۔ اور زردی دُور ہو جاویگی۔

(۳۲۰) **جاڑے کا بخار** - دھتورہ کا پھل لیکر کوزہ گلی میں بند کرکے آگ میں رکھ کر جلایا جاوے۔ ایک رتی کی مقدار میں تین پوڑیہ بناکر باری سے تین گھنٹہ یا ۲ گھنٹہ یا ایک گھنٹہ قبل دیا جاوے۔ شہد میں یا پان میں یا بتاشہ میں دیویں۔ مگر پانی کے ساتھ نہ دیں۔ اس سے جاڑے کا بخار دُور ہو جاتا ہے۔ اگرچہ بخار ہر حالت میں دُور نہیں ہوتا ہو۔ سخت لرزہ کی صورت میں چلا جاتا ہو۔

(۳۲۱) کگرے کے واسطے حب سبز علاج الامراض کا نسخہ میں نے بہت مفید پایا ہے **صفتہ** بھنگ ۲ درم افیون یک درم۔ رسوت ۴ درم۔ برگ نیب ۵ عدد۔ زعفران ۵ رتی۔ سب کوٹ کر لوہے کی کڑاہی میں تھوڑا پانی ڈالکر لوہے کے دستہ سے خوب باریک کرکے آگ پر پکاویں جب گولی بنانے کے قابل ہو جاوے گولیاں بنا رکھیں۔ آب کشنیز یا آب کوکنار میں گھسکر نیم گرم گرداگرد چشم لیپ کریں۔ کبھی کبھی ایک درم ایلوا بھی داخل کرتے ہیں

جناب لالہ ہیرا لال صاحب وید قصبہ پلکھوا ضلع میرٹھ کے مجربات

(۳۲۲) **طاعون** گل مدار۔ پانچوں نمک ہر ایک برابر۔ نوشادر۔ پھٹکری ہر ایک ہموزن لیکر سفوف بناویں ایکماشہ مریض کو ایک ایک گھنٹہ بعد دیا جائے۔ پانی کے ہمراہ۔ اگر مریض کو دست ہونگے تو جانبر ہوگا۔ اگر دست نہیں ہونگے تو تین روز منواتر دینے سے آرام ہوگا۔ تین دن نصف جوشیدہ پانی پلایا جاوے۔ گلٹی کو ۴ گھنٹہ منواتر نیم کی گدی سے سینکا جاوے۔ جس قدر سینکا جاویگا اُسی قدر بخار کم ہوتا جاویگا۔ ۴ گھنٹے کے بعد بخار کم ہوتا ہے۔ ایک ماشہ ہر ایک گھنٹہ بعد ۱۲ گھنٹے تک دیا جاوے اور صبح و شام دیا جاوے۔

(۳۲۳) **آتشک** - سنیاناسی کی جڑ ۴ ماشہ تازہ لیکر بکری کے دودھ آدھپاؤ میں خوب گھوٹ کر بدون چھاننے کے دس دن پلایا اور اس جڑ کو دودھ بکری میں گھسکر زخموں پر لگایا جاوے تیسرے دن زخم خشک ہونے شروع ہوتے ہیں۔

(۳۲۴) برائے مجلوق۔ تخم ستیاناسی۔ گھونگے سفید برابر وزن آتشی شیشی میں تیل نکالیں مجلوق کیلئے از حد مفید ہے
(۳۲۵) احتباس النفاس۔ تخم ستیاناسی کو بکری کے دودھ میں پیکر گرم کرکے زیر ناف لیپ کرنے سے تین روز میں بعد ولادت کے رطوبت نکل کر آرام ہو جاتا ہے۔

جناب حکیم مُرید احمد صاحب امرتسری کے مجربات

(۳۲۶) ہیضہ۔ بہت سڑا ہوا حقہ کا پانی پلانے سے جب مایوس ہو جاویں۔ مریض سرد ہو گیا ہو۔ نبض ساقط ہوگئی ہو تو بھی فائدہ ہوتا ہے۔

جناب پنڈت پربھو دیال صاحب شرما وید حیدرآباد دکن کے مجربات

(۳۲۷) مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی۔ استخوان بیج کوبج ۴ تولہ۔ چنے بریاں مقشر ایکتولہ مغز بادام ۴ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ پیکر ریٹھہ کے بیج کے برابر گولی بناویں۔ ایک گولی وقت ضرورت کے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گولی بوقت ضرورت دودھ سے کھاویں مجرب ہے۔

جناب پنڈت سورج نرائن صاحب وید اندور کے مجربات

(۳۲۸) طحال۔ بانجھ گگوڑا کا کنہ خشک نکال کر ۲ ماشہ شہد ایکتولہ مرچ سیاہ ۵ عدد۔ یہ ایک خوراک ہے سفوف کرکے ایک بار دن میں پانی سے کھلا دیں۔ اس سے خرابی خون اور ورم طحال ۷ دن میں دُور ہو جاتا ہے۔
(۳۲۹) پھولا چشم۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ سفید سکھیرا (سانٹھم) کی جڑ خشک۔ دونوں ہموزن لیکر باریک پیس لیں۔ ۴ پہر تک عورت کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر اُس کی بتیاں بناکر سایہ میں خشک کرلیں۔ پانی میں گھسکر سورج نکلنے سے پیشتر لگادیں۔ اس سے ایکدفعہ آنکھیں دُکھنے آجاتی ہیں۔ ۵ سے ۱۲ دن تک اسکا جھڑ آنکھ سے علٰحدہ ہو جاتا ہے

جناب حکیم مہندر ناتھ صاحب شرما میرٹھی کے مجربات

(۳۳۰) منجن دندان۔ مجرب نسخہ برائے ہیپ دنداں و مستحکم۔ سپاری۔ مازو سبز۔ پھٹکری بریاں۔ کتھہ ماسپال۔ دانہ الائچی کلاں۔ سرد چینی۔ عقرقرحا۔ کافور۔ کالی مرچ ہر ایک یکتولہ۔ سنگجراحت ۵ تولہ۔ اول کالی مرچ کو پیکر اُس کے

ساتھ کافور ملاویں - پھر عقرقرحا - الائچی - سرد چینی پیسکر ملاویں - پھر باقی ۵ تولہ اشیا بھی ڈالکر کپڑ چھان کریں - جن کے دانت ہلتے ہوں رات کو مل کر اوپر سے تیل سرسوں کا مل لیا کریں - باقی امراض دانت و مسوڑھوں کے واسطے صبح وشام ملا کریں بہت مفید ہے -

(۳۳۱) **ککرے** ایکتولہ پھٹکری سفید پیسکر کوزہ گلی میں نیچے اوپر ایکتولہ توتیا کی ڈلی رکھکر کوئلوں کی تیز آنچ پر رکھیں - جب پھٹکری کھیل ہو جاوے تو سب کو لیکر پیس لیں - اسمیں ہلدی کشتہ جست - چاکسو - ایک ایکتولہ ڈالکر باریک کھرل کیا جاوے اسکو آنکھوں میں لگاویں - اور پوست ہلیلہ - بلیلہ - آملہ اور گل منڈی - ۳-۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگوکر صبح کالی مرچ ۵ عدد چباکر اسکا نتھرا ہوا پانی پلاویں - ۴۰ دن میں ککرے تحلیل ہوتے ہیں :

(۳۳۲) **کشتہ چاندی** - ہزار دانی کا ۱۰ تولہ پانی نکالکر رکھیں - ۲ گھنٹہ کے بعد مقطرہ ہو جاتا ہے اسکو لے لیں ۲ ماشہ چاندی کے ورقوں کو اسکے ساتھ کھرل کرکے قرص بناکر ۳ سیر آنچ میں کشتہ ہوتا ہے -

جناب حکیم محمد الیاس خانصاحب قصبہ فتح آباد ضلع آگرہ کے مجربات

(۳۳۳) **دمہ** - گولر پختہ - گولر کے پتے - گولر کی چھال - ہر ایک تین سیر ۱۲ سیر پانی میں بھگوویں ۴۸ گھنٹہ بھیگا رہنے کے بعد جوش دیں - جب تین سیر پانی رہ جاوے تو اسمیں تین سیر شکر دانہ کھجور کی بنی ہوئی جو بمبئی سے ذرا سرخی مائل آتی ہے ملاکر شربت بنالیں ۲ تولہ تین بار دن میں چاٹا کریں - ایکدفعہ دور ہونے سے ۱۱ سال سے ابتک مجھے نہیں ہوا ہے - مجھے خود ہوا تھا -

شریمان پنڈت رام پرشاد صاحب راج وید ریاست پٹیالہ کے مجربات

(۳۳۴) **خرابی خون** - ستیاناسی کی جڑ تازی ۹ ماشہ - کالی مرچ ۵ عدد ملاکر گھوٹ کر پلانے سے ہر روز ایک دست آکر تمام چکتے داد خارش کی قسم کی خرابی خون جلد دور ہوتی ہے - غذا کے واسطے مونگ کی دال پھلکا گھی لگاکر (چوک اسی کا نام ہے)

(۳۳۵) **ڈبہ اطفال** ستیاناسی کے بیج ایک ماشہ - عصارہ ریوند ایک ماشہ دونوں کو پیسکر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنادیں اور بچہ کیواسطے برتیں - بچے کو ایک دست دا ایک دفعہ قے ہوتا ہے - اور آرام آجاتا ہے -

(۳۳۶) **داغ سفید** - ستیاناسی (چوک) کی جڑ - باوچی - ہڑتال زرد - دہی میں رگڑکر موٹی موٹی بتیاں بنادیں

سفید داغوں کے واسطے رگڑ کر لگاتے ہیں - اس صورت میں ساریوا کا جوشاندہ بھی دیتے ہیں - اکثروں کو آرام ہوا ہے -

(۳۳۷) بچھو کا کاٹا - کھٹی بوٹی (جانگیری) پیسکر بچھو کے کاٹے پر لگانے سے فوراً آرام آتا ہے - سینکڑوں مریضوں پر آزمایا تھا

(۳۳۸) ککرے - نیم کے سوٹے میں خالص تانبہ کا پیسہ گاڑ کر تلوں کا تیل پیتل کے کٹورے میں ڈالکر گھوٹیں - جبکہ گاڑھا سا ہو جاوے - بہت مطالعہ سے جو آنکھیں دکھیں تو اسکے ڈالنے سے فوراً ٹھنڈک ہو - ککرے کو بہت مفید ہے پھر نہیں ہوتے ہیں

جناب حکیم محمد رمضان صاحب راجپورہ ریاست پٹیالہ کے مجربات

(۳۳۹) کشتہ ابرک - ابرک سیاہ ۵ تولہ کو باریک کرکے اول دس آنچیں کھٹی بوٹی میں دیں - ۵ سیری آنچ پھر دس آنچ گھیکوار کے گودہ میں - ۱۰۰ آنچ کنڈیاری خورد کے رس کی - ۵۰ آنچ خاردار چولائی کی دے - پھر اسکو شراب میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا دیں - برگ نیم آدھ سیر لیکر نغدہ کرکے درمیان میں ٹکیہ دیکر آنچ دیں - پھر اس ٹکیہ کو نکالکر ویسے ہی نیم کے نغدہ میں ۱۰ آنچ اور دیں - پھر ۱۰ آنچ برگ مولی کے نغدے میں دیں - کشتہ تیار ہے از حد مقوی ہے اور بخاروں کو اکسیر ہے - سل و دق کیواسطے میں نے خود دیا ہے - عجیب زود اثر ہے خوراک ۲ چاول ہے - ایک سادھو کا بنوایا ہوا نسخہ ہے -

(۳۴۰) سوزاک یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا سادھو صاحب کا ہے - افتیمون (اکاس بیل خشک) ۵ تولہ سیپ مروارید جلایا ہوا - قلعی - پارہ - ہر ایک ۲ تولہ - قلعی کے ریزے ریزے کرکے پارہ کو شامل کیا جاوے - پارہ قلعی کے ٹکڑوں کے ساتھ لگ جاتا ہے - پاؤ بھر بھانگ - برگ مہندی پاؤ بھر - ساتھ ہی افتیمون و سیپ ملاکر رگڑ کر پانی سے دو ٹکیہ بنالی جاویں اور ان میں قلعی کے ٹکڑے علیحدہ علیحدہ رکھکر ایک تہ پرانا ٹاٹ لپیٹ دیا جاوے اور اوپر ملتانی مٹی کا باریک لیپ کر دیا جائے پانچ سیر اپلوں کی آنچ میں کشتہ ہوگا - کشتہ قلعی علیحدہ برتیں - یا اس خاکستر ہی میں کھرل کریں یا صرف خاکستر کو علیحدہ کھرل کرکے رکھیں - خوراک ایکماشہ - پوست چناہ تولہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح شربت بزوری بارد ۲ تولہ ملاکر اس کے ساتھ دوائی کھلاویں - سوزاک و قرحہ کے واسطے اکسیر ہے - چند دنوں میں فائدہ ہوتا ہے -

جناب پنڈت کنور رام ناتھ سنگھ صاحب بنگہ پنجاب کے مجربات

(۳۴۱) زہر سانپ - سنکھیا سفید دودھیا - گھونگچی سفید - ایلوا - گل حقہ ہر ایک ۲ ماشہ - طوطیا سبز ۳ ماشہ سب کو پیسکر شیر مدار ایک پاؤ میں سب کو کھرل کریں - اس کی ۹۶ گولیاں بنائیں - سادے پانی کے ساتھ ایک گولی مریض سانپ کے ڈسے کو کھلاویں یا حلق میں ڈالیں - ایک گولی بمقام ڈنک پر پچھنہ لگاکر لگاویں اگر سانپ سخت قسم کا ہو

کہ ناک اور منہ سے خون نکلنا شروع ہو تو ۵ تولہ بھنگرہ پانی میں گھوٹ کر پلا دیں کئی پشتوں کا میرے گرو کا مجرب ہے۔ از حد مفید ہے۔ گھی اسکو حسب طاقت پلایا جاوے۔

جناب پنڈت پرشوتم دیو صاحب شرما وئید بید اضلع کھیری اودھ کے مجربات

(۳۴۲) بیہوشی۔ مور کے انڈے میں مرچ سفید داخل کرکے ۴۰ دن رہنے دیں۔ پھر ان کو پیس لیا جاوے خوراک ایک رتی۔ اور سرمہ آنکھ میں لگایا جاوے۔ بیہوشی کو بھی فوراً ہوش آکر آرام آتا ہے۔

جناب کنور دیوی سنگھ صاحب وئید کاسگنج کے مجربات

(۳۴۳) بخار۔ سنپات۔ پلیگ۔ ملیریا وغیرہ۔ ۴۸ گھنٹہ میں دور کرتا ہے۔ درخت پیپل کے پتے سبز ۵ عدد۔ درخت بیل کے سبز پتے ۱۵ عدد۔ برگ تلسی ۲۵ عدد۔ ان کو کچل کر آدھ سیر پانی میں جوش دیا جائے جب آدھ پاؤ رہ جائے اتار لیا جاوے۔ گھنٹہ گھنٹہ بعد ایک ایک تولہ عرق پلاتے جاویں۔ ختم ہونے پر پھر تیار کیا جاوے ۴۸ گھنٹہ میں بخار دور ہوتا ہے۔

جناب حکیم مولوی محمد مظہر الہادی صاحب ریاست کوٹہ رجپوتانہ کے مجربات

(۳۴۴) برص۔ کاک جنگھا سبز کوٹ کر پانی نکال لیا جاوے۔ اور مروق کریں۔ ۲ تولہ پانی مروق صبح کو پلا دیا کریں اور ریوند چینی۔ پوست شیلج برابر وزن پیکر مغسول پانی سے گولیاں بنالی جاویں۔ اس گولی کو کاک جنگھا کے پانی میں گھول کر بدن کو خوب تولیہ سے رگڑ کر مالش کیجاوے۔ ۴۰ دن میں ۳۔۴ انچ کے دھبے والے مریض راضی ہوئے۔ دو تین فٹ کے داغ کے واسطے ہر موسم میں ۶ ماشہ کھلانے سے ۲ سال میں آرام ہوا ہے۔ میں نے ½ رتی کشتہ سونا بھی کھلانے کے واسطے کاک جنگھا سے دیا ہے۔

جناب پنڈت پیارے لال صاحب وید بلاسپور ریاست رامپور کے مجربات

(۳۴۵) نسخہ قوت باہ۔ ست گلوے۔ ستاور۔ تخم کونچ۔ موصلی سیاہ سب کو ہموزن لیکر کوٹ کر چھان لیں اور خالص پانی بیں گوندھ کر ٹکیے ٹکیے بھری گلاب جامن بناکر روغن زرد میں تل لیں اور شہد میں ڈالکر رکھیں

ایک صبح اور ایک شام بلا ناغہ چالیس دن کھائیں - ترشی - مٹھائی - تند سیاہ - سُرخ مرچ کا پرہیز کیا جائے اور صحبت سے دُوری رہے نہایت قوت پیدا ہو گی -

(۳۴۶) **نسخہ بخار چوتھیہ** - چوتھیہ بخار کے مریض کو ۴ رتی ہینگ خام ایک تولہ شیر مادہ گاؤ میں پیس کر ناک کے نتھنے سے پلایا جائے - تین دن یہ عمل کیا جائے - لیکن بخار کی باری کے دوسرے دن سے یہ شروع کیا جائے نہایت مجرب نسخہ ہے -

(۳۴۷) **نسخہ گشٹ** (جذام) تھوہر کی تازہ تر لکڑی آدھ سیر لیکر پاتال جنتر میں ڈالدیں اور عرق نکال لیں صبح کے وقت ۴ ماشہ یہ عرق پلایا جائے - بیسنی بے نمک کی روٹی کھلائی جائے اور تمام چیزوں کا پرہیز رکھا جائے - سات روز تک اسی طرح پلایا جائے - یہ نہایت مجرب نسخہ ہے -

(۳۴۸) **نسخہ سوزاک** - پُرانی اینٹ کا میل چار رتی بتاشہ میں رکھکر کھلا دیا جائے - اُسکے اُوپر شیر مادہ گاؤ آدھ پاؤ پلایا جائے - مونگ کی دال اور گیہوں کی روٹی کھلانے کو دیجائے - ۲۱ روز تک اسی طرح استعمال کرنے سے سوزاک دُور ہو جاتا ہے مجرب ہے -

(۳۴۹) **نسخہ استقرار حمل** - جوانسہ کے بیج (تخم جوانسہ) ٹکہ بھر روغن مادہ گاؤ ایک چھٹانک میں ملائیں - حیض سے فارغ ہونیکے دن سے تین روز تک عورت کو کھلائیں - غذا صرف دُودھ چاول میٹھا (چینی ڈالکر) اور تمام چیزوں کا پرہیز -

(۳۵۰) **نسخہ چیچک** - سا زن سوکھی بوٹی چار ماشہ چار کالی مرچ کے ساتھ ایک چھٹانک پانی میں گھوٹ چھانکر جس بچہ کو پلا دیں اُسکے چیچک نہیں نکلتی مجرب ہے -

(۳۵۱) **کنٹھ مالا** - دھتورہ کا تیل لگانے سے کنٹھ مالا اور گنڈ مالا دُور ہو جاتی ہے -

جناب چودھری شب چند لعل صاحب نمبردار موضع سمہری ضلع گیا کے مجربات

(۳۵۲) **دواکہ جمو اور تشنج میں مفید ہے** - جمو ایک مہلک مرض ہے جو نوزائیدہ بچہ کو تولد ہونیکے چار پانچ روز کے بعد ہو جاتا ہے - اسمیں بچہ کا جبڑا بیٹھ جاتا ہے - نہ وہ پستان مادر سے دودھ پی سکتا ہے نہ رو سکتا ہے لہذا جس عورت کا بچہ بعارضہ جمو یا تشنج تلف ہو جاتا ہو - اگر بچہ پیدا ہونے کے بعد قبل ہونے عارضہ مذکور اس دوا کو بچہ کے تلوہ و بدن و ہاتھ پاؤں پر کبھی کبھی مالش کرایا جائے تو عارضہ مذکور ہونے سے رک جاتا ہے -

جند بید ستر چار رتی - روغن سرسوں تین تولہ میں خوب باریک پیسکر ملالیں اور کلہ اور ہاتھ پیر اور بدن پر مالش کریں - صرف سر میں مالش نہ کریں - جس عورت کے اکثر بچوں کو یہ عارضہ ہو جاتا ہو اُسکے بچہ کو جس دن تولد ہو اُسی دن سے روزانہ دوبار پندرہ روز تک کلہ و ہاتھ پیر و بدن میں مالش کراویں وبعد اُسکے ایک ماہ تک یکبار روزانہ وبعد اُسکے ایک سال تک ہر دوسرے تیسرے روز اور تا نکلجانے دانت دودھ کے یعنی قریب تین برس کی عمر تک ہفتہ میں ایک روز مالش کراویں - اگر بچہ کو کبھی سردی کے آثار معلوم ہوں تو اُس روز ضرور اِدویہ ہذا کی مالش کراویں تاکہ اس موذی بیماری کے ہونے کا خوف نہ رہے - یہ دوا اس عارضہ کے روکنے میں نہایت مجرب ہے - واگر بعارضہ سرسام کسی کو تشنج کے آثار معلوم ہوں تو دوا یہ مذکور کو ہاتھ پیر کے تلوے اور ہتھیلی و نبض کے اوپر مالش کرنے سے اکثر تشنج ہونےسے رُک جاتا ہے -

(۳۵۳) دوا کہ فالج و گٹھیا باتشا وغیرہ امراض سردی میں مفید ہے - لہسن چار جو - شیر بادہ گاؤ بارہ تولہ میں ڈالکر جوش دیں جب لہسن پختہ ہو جائے ہاتھ سے ملکر صبح شام پلاویں بہت مفید ہے

(۳۵۴) سرمہ کہ مداومت اسکی روشنی چشم کو آخر عمر تک قائم رکھتی ہے - سنگ سرمہ سیاہ کو آگ میں سرخ کرکے سوبار ترپھلے کے پانی میں سرد کریں (یعنی آنولہ - ہڑ - بہیڑہ کو چار پہر پانی میں تر کریں اور اُسی پانی میں سرمہ کو آگ میں گرم کرکے بجھاویں) اور سوبار شہد گائے میں اور سوبار شیر بکری میں اور سوبار عورت کے دودھ میں سرمہ کو آگ میں سرخ کرکے سرد کریں - بعد اُسکے عرق گلاب میں عمدہ کھرل میں جو گھسنے والی نہ ہو ایک ہفتہ تک برابر کھرل کریں اور ایکبار روزانہ شیشہ کی سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں - اگر طیار شدہ سرمہ ایک تولہ میں یکماشہ کافور بھیمسینی حل کرکے لگاویں تو روشنی کے دھندلا ہو جانے میں و آنکھ کی پتلی کے پھیل جانے میں بہت فائدہ کرتا ہے -

(۳۵۵) پوٹلی کہ جوش چشم و درد و سوزش آنکھ و انتفاخ ملتحمہ یعنی آنکھ کی سفیدی پھولجانے سے آنکھ جس کی وجہ سے آنکھ کھل نہ سکے بہت مفید ہے - لودھ پھٹکری مرداسنگ - ہلدی زیرا ایک ایک ماشہ - افیم چنا بھر مرچیں چار - اڑد برابر تھوتھ ذرا - پوست پانی سے پوٹری کرے - آنکھ کی بیرا توڑتے ہرے یعنی لودھ - پھٹکری - مرداسنگ - ہلدی - زیرا - ہر ایک ایک رتی - افیون برابر دانہ نخود - مرچ سیاہ چار عدد تھوتھ یعنی توتیا برابر دانہ ماش - پہلے سب کو سفوف کرکے تکمی پوست تین چار عدد پانی میں تر کرکے اور ملکر عرق چھان کر آگ پر جوش دیں اور دوا کے سفوف کو کپڑے میں پوٹلی باندھکر عرق جوش خوردہ میں ڈالیں - جب عرق پوٹلی میں جذب ہو دھواں پوٹلی کا آنکھ پر لگاویں و پوٹلی شیر گرم سے آنکھ کو سینکیں - نہایت مجرب ہے -

(٣٥٦) **روغن کہ درد کان کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے** - مرچ سرخ ایک عدد - روغن کنجد ۲ تولہ میں پکا دیں - جب مرچ خوب پختہ ہو جائے - روغن چھان کر رکھ لیں دو دو قطرے کان میں ٹپکا دیں - اگر فائدہ نہ ہو یا کان میں درد کے ساتھ آواز بھن بھناہٹ وغیرہ کی معلوم ہو تو قدرے یعنی ۳ گرین تمباکو کو پانی میں تر کریں مگر عرق اسکا ہموزن روغن سرسوں میں ملا کر پکا لیں - یہ روغن ۳ رادپر والا روغن ہموزن ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکا دیں - بہت مفید و مجرب ہے -

(٣٥٧) **عرق باد گولہ** - باد گولہ درم معدہ و درد معدہ ریاحی کیلئے نہایت مجرب ہے وطحال و ورم جگر میں بھی کبھی کبھی فائدہ کرتا ہے - سجی کھار - جوا کھار - نمک سونچر - نمک کھاری - نمک سیندھا - کمیس سہاگہ پھٹکری - نوسادر - ہر ایک چھ تولہ - سب ادویہ کو ملا کر آٹھ گنے پانی میں جوش دیں - جب آٹھواں حصہ پانی باقی رہے اتار لیں - یعنی اگر دوا سب ملکر ایک سیر ہو تو آٹھ سیر پانی میں جوش دیں اور جب ایک سیر پانی باقی رہے اتار لیں - دوا کو مٹی کے برتن میں جوش دینا چاہیئے اور اس ہانڈی کے پیندے میں جس میں دوا کو جوش کیا جائے کپڑ کوٹ مٹی لگا دیں تاکہ برتن دوا کی تیزی سے ٹوٹ نہ جائے - بعد اتارنے کے عرق دوسرے مٹی خواہ چینی کے برتن میں ایک رات رہنے دیں تاکہ صاف عرق اوپر ہو جائے اور ذرد تہ نشین ہو جائے صبح اوپر سے صاف عرق آہستہ آہستہ کپڑ چھان کر لیں - تلچھٹ اس کی پھینک دیں اگر ایکبار میں نہ ہو تو دوبارہ یا سہ بارہ عرق اوپر سے اسی طرح چھان لیا کریں و تہ نشین کو پھینک دیا کریں - جب عرق صاف ہو جائے تو بوتل میں مضبوط کاک لگا کر رکھیں - دس قطرہ سے پندرہ قطرہ تک مصری نو ماشہ کو تین تولہ پانی میں ملا کر اسی میں دوا کے قطرے ٹپکا کر صبح و اسیقدر شام پلا دیں -

(٣٥٨) **مرہم داد** - گندھک آملہ سار - پارہ ہر ایک ایک تولہ - سہاگہ بریاں - کمیلہ - مردار سنگ - کافور - ہر ایک ۶ ماشہ - توتیا بریاں ایک ماشہ - روغن زرد ۲ و چار تولہ - پہلے پارہ و گندھک کو حل کریں - بعد اسکے مردار سنگ و کمیلہ و توتیا بریاں و سہاگہ بریاں کو ملا کر حل کریں - بعد اسکے روغن زرد ملا کر حل کریں - جب مثل مرہم ہو جاوے تو کافور و پھر حل کر کے رکھیں داد اوپر لگا دیں -

تمام شد

GOVT ... COLLEGE 5287 22-6-74